

روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات
ماھنامہ
خزینۂ روحانیات
لاھور
December
2021
قیمت: 60 روپے
شمارہ نمبر 08
جلد نمبر 12
جان لیوا جادو کا مجرب علاج
سورج گرہن کے اعمال
تسخیرِ ہمزاد کے اعمال
مجرب اعمالِ شر
ایک نادر عمل تسخیر
عزت و دولت کے بے نظیر طلسم
جدائی کے مجرب عملیات
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat

امنت باللہ کے خاص عمل کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف امنت باللہ کا عمل، وہ خاص عمل ہے جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ کوئی حافظ ہے تو کوئی قاری۔ کوئی عالم ہے تو کوئی شیخ الحدیث۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق بھی مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین کا کام کر رہے ہوں۔ اس عمل کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ عرب ممالک میں بہت اچھا کام کرتا ہے۔ پاکستان سے بیٹھے عرب ممالک کا کام ہو جیسے سعودی عرب میں کوئی مریض ہے تو صرف مریض کے لئے پڑھنے سے اس کا فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کے پیچھے جو بڑے جنات ہیں، ان کا پیچھے سے تعلق سعودی عرب کے بڑے جنات سے ہے اور پاکستان میں ان کی ایک بڑی جیل ٹھٹھہ کی طرف ہے جہاں سرکش قسم کے جنات اور شیاطین کو قید کیا جاتا ہے۔

اس عمل کے کل چھ درجوں کا عمل کروایا جاتا ہے۔ بنیادی اجازت میں پہلے تین درجے کروائے جاتے ہیں۔ پھر چوتھے، پانچویں اور چھٹے درجے کے عمل کا ھدیہ الگ الگ ہے۔

اجازت لینے کے فائدے اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام امنت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے کوہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مختصراً درج ذیل ہے:

ہر قسم کے جادو کا علاج	ہر طرح کے جنات سے نجات	ہر طرح کی بندش سے نجات	جگہ سے جادو جنات ختم کرنا
مسلط جن کو حاضر کرنا	جنات کو جلانا	جنات کو بوتل میں بند کرنا	روحانی تشخیص
محبت اور حاضری مطلوب	زبان بندی اور جدائی	مختلف بیماریوں کا علاج	ہر جائز مقصد کے لیے

اجازت کے لیے اہلیت روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیانِ عظام، دین سے جڑے افراد، بالغ مرد اور عورت ...... اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ جتنا دیندار ہوگا، اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ عمل کے ساتھ طریقہ استعمال کے لیے بیاض دی جائے گی۔

ھدیہ 6,100 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

خاص اجازت جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے۔ جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ھدیہ دگنا ہوتا ہے۔

آگے سیکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں گے۔ پھر رابطہ کر کے آگے سکھانے کی خاص اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ ہمارے ادارے میں امنت باللہ کے 3 عمل کروائے جاتے ہیں۔ یہ سب اعمال الگ الگ ہیں۔ ان کے پیچھے جنات بھی الگ الگ ہیں اور ان کا ھدیہ بھی الگ الگ ہے۔ تفصیل کے لیے دوسرا اشتہار ملاحظہ فرمائیں، ویب سائٹ دیکھیں یا ادارے سے رابطہ فرمائیں۔



جلد 12 جمادی الاول ۱۴۴۳ھ / دسمبر 2021ء شمارہ 8



darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

قیمت 60 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 800 روپے رجسٹرڈ ڈاک 1200 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1300 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1600 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2200 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید/موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شاٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجئے۔ جو بل بتایا جائے اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1 منی آرڈر: بنام دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام مکمل پتہ موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

2 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

- easypaisa بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- JazzCash بنام مکتبۃ العارف۔ 1 03028401977
- 2 #0*786* ملائیں اور Till Id۔ 0016 5958 درج کریں۔
- Omni بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- Upaisa بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3 بینک اکاؤنٹس: درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1 برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:

بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2 برائے دیگر تمام شعبہ جات:

بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجئے: darulamal.org/payment

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

دسمبر 2021ء

جمادی الاول ۱۴۴۳ھ

وقت تیرا ہے وقت بھی تو ہی

وقت تیرا ہے وقت بھی تو ہی
اے خدا میرا بخت بھی تو ہی

تو ہی رحمان ہے رحیم بھی ہے
کسی درجے میں سخت بھی تو ہی

سارے عالم کا حکمراں بھی تو
صاحب تاج و تخت بھی تو ہی

میری سانسوں کی آمد آمد تو
اور سانسوں کی رفت بھی تو ہی

عالم ہست و بود بھی تجھ سے
مخزن ساز و رخت بھی تو ہی

جس کا سایا ہے سر پہ صابرؔ کے
ایک ایسا درخت بھی تو ہی

(صابر فخرالدین)

اہم گزارش

بہت سے کسٹمرز ادارے کے بینک/موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کے بعد اطلاع نہیں دیتے جس کی وجہ سے وہ رقم امانت رکھی رہتی ہے اور ادارے کے مطلوبہ شعبوں میں نہیں جاتی۔ نیز کسٹمر کا سامان روانہ کرنا ہوتا ہے۔ جس کیلئے نام، مکمل پتہ اور فون نمبر بھی نہیں بھیجا جاتا۔ اس لئے رقم جمع کروانے کے فوری بعد **0302-8401977** پر مکمل تفصیل ایس ایم ایس یا واٹس ایپ کیجئے۔ آپ کو رقم وصولی کا تصدیقی ایس ایم ایس کیا جائے گا۔ اس کے بعد ہی سامان روانہ کیا جائے گا۔

نعت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قدرت فن سے ہے ممکن نہ ہنر ہے مرے دوست
نعت کا ہونا تو آقا کی نظر ہے مرے دوست

آخری حد تو نہیں آیت معراج رسولؐ
یہ محبت میں ابھی پہلی خبر ہے مرے دوست

تیری خواہش تھی کبھی جھک کے فلک کو دیکھے
آ جا اب سامنے سرکار کا در ہے مرے دوست

جب سے سرکار سے ملنے کا ملا ہے پیغام
تب سے یہ جسم فقط دیدہ تر ہے مرے دوست

پار سدرہ کے ادھر پہنچے ہیں نعلین حضور
اور جسے کہتے ہیں جبریلؑ ادھر ہے مرے دوست

طے مدینے کی مسافت ہو ضروری تو نہیں
یہ تو انسان کے اندر کا سفر ہے مرے دوست

جس کو آنا ہے مدینے وہ نجف سے آئے
علم کے شہر کا بس ایک ہی در ہے مرے دوست

وہ جو دوزخ کو بھی فردوس بنا سکتی ہے
صرف سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر ہے مرے دوست

(عرفی ہاشمی)

ڈینگی کا ہومیو اور روحانی علاج

خالد مقبول حفظہ اللہ

سردیاں شروع ہوتے ہی ڈینگی کی وبا پھیل گئی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ڈینگی اصل میں اللہ تعالیٰ کا عذاب ہے اور ہمارے گناہوں اور برے عملوں کی شامت اعمال ہے۔ اس لئے سب سے بڑھ کر تدبیر جو ہونی چاہیے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنے کے ساتھ ساتھ جتنا ممکن ہو سکے، آئندہ گناہوں سے بچا جائے۔

ڈینگی بخار سے حفاظت

ڈینگی بخار کے علاج سے قبل اس سے حفاظت کے بارے میں عرض کرتا ہوں۔ روحانی اعمال میں وہ تمام مسنون دعائیں جن میں حفاظت کا ذکر کیا گیا ہے، پابندی سے صبح وشام پڑھی جائیں۔

خود پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ جو پڑھنا نہ جانتے ہوں، ان کو الگ سے پڑھ کر دم کریں۔ جو بہت چھوٹے بچے ہوں لکھ کر ان کے گلے میں ڈالیں اور دم بھی کرتے رہیں۔

طبی علاج کے طور پر ہومیو پیتھک ادویات کا ایک نسخہ لکھ رہا ہوں۔ ان شاء اللہ بہت مفید ثابت ہوگا۔

درج ذیل پانچ ادویات لے کر یکجا کر لیں۔ پھر رات کو سوتے وقت چار سے پانچ قطرے ایک گھونٹ پانی میں پلائیں اور ایک ہفتہ پابندی کریں۔ اس کے بعد جب تک وبا کا خطرہ ہے، ہفتہ میں ایک یا دو بار دے دیا کریں۔

۱۔	یوپٹوریم	200
۲۔	رس ٹاکس	200
۳۔	لیڈم	200
۴۔	جلسی میم	200
۵۔	چائنا	200

اللہ کے حکم سے ڈینگی بخار نہ ہوگا۔ بندے نے اس کا کافی تجربہ کیا ہے اور الحمدللہ نتیجہ بہت اچھا آیا ہے۔

ڈینگی بخار کا علاج

طبی علاج کے طور پر بخار ہونے پر وہی کمبینیشن ہر دو گھنٹہ بعد دیں۔ ان شاء اللہ ایک دن میں ہی بخار میں فرق پڑ جائے گا۔ جس جس طرح فرق پڑے، اسی طرح دوا کا وقفہ بڑھائیں۔ اور دن میں دو بار تک لے جائیں۔ اگر خدانخواستہ خون کا مسئلہ ہو جائے تو فاسفورس 200 کا اضافہ کر لیں اور پھر بھی فرق نہ پڑنے پر ڈاکٹر سے رجوع فرمائیں۔

عام بخار کے لئے روحانی علاج کے طور پر درج ذیل علاج کریں:

۱۔ كٓهٰيٰعٓصٓ ۞ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۞ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۞ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۞ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

لکھ کر گردن میں باندھیں اور تین تعویذ کاغذ پر لکھ کر تین روز ایک ایک کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ بخار رفع ہوگا۔ تین تعویذ کا ایک کورس ہے۔ اگر کمی رہے تو تین لگاتار کورس کریں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

۲۔ اگر خدانخواستہ ڈینگی ہو گیا تو اوپر والے علاج کے ساتھ یہ علاج کریں۔ اول وآخر درود شریف تین بار اور ایک بار سورۂ رعد پڑھ کر مریض پر روزانہ دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔ اس کا بھی تین دن کا ایک کورس ہے۔

تین دن کے کورس سے مراد یہ ہے کہ اگر ایک کورس شروع کر لیا تو صحت ہونے پر بھی کورس کو پورا کیا جائے۔

یاد رکھیں کہ طبی علاج کی طرح روحانی علاج بھی ایک تدبیر ہے۔ شفاء صرف اللہ جل شانہٗ کے حکم سے ہی ہوتی ہے۔ نیز مریض کی حالت بگڑنے پر کسی ماہر معالج سے رجوع کیا جائے۔

درسِ قرآن

حضرت مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہٗ
(ناظم روحانی درس گاہ، نائب ناظم روحانی علاج گاہ، معاون مدیر خزینہ روحانیات)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿12﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿13﴾ (پارہ نمبر 22 سورۂ سبا آیت نمبر 12-13)

صدق اللہ العظیم

محترم قارئین خزینہ روحانیات! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آج کے درس قرآن میں بائیسویں سپارہ سورۂ سبا کی آیت مبارکہ بارہ اور تیرہ کے ترجمہ وتفسیر کا مطالعہ فرمائیں گے۔ ان آیات مبارکہ کا ترجمہ یہ ہے کہ اللہ رب العزت فرماتے ہیں کہ ہم نے مسخر کردیا ہوا کو حضرت سلیمان علیہ السلام کیلئے۔ وہ دن کا پہلا حصہ پہلا پہر ایک ماہ کی مسافت طے کرتے تھے اور ان کے آخری پہر میں ایک ماہ کی مسافت طے کرتے تھے اور بہادیا ہم نے ان کے لیے تانبے کا چشمہ اور تابع کردیے ہم نے ان کے لیے جنات جو ان کے لیے کام کیا کرتے تھے جو کام بھی وہ چاہتے تھے اور جو جن بھی سرکشی اختیار کرتا تھا۔ تو ہم اس کو آگ کا عذاب چکھاتے تھے۔ اللہ پاک نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو بے مثال حکومت عطا فرمائی تھی۔ آپ کا حکم انسانوں کے علاوہ جنات اور پرندوں پر اور ہواؤں پر بھی چلتا تھا۔ آپ کے لیے ہوا کو مسخر کردیا گیا تھا۔ جو آپ کو تیز رفتاری کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچادیا کرتی تھی۔ آپ نے جب کبھی کہیں جانا ہوا کرتا تھا تو آپ اپنا تخت ہوا پر بچھادیتے تھے۔ اس پر خود بھی بیٹھ جاتے تھے اور دیگر بہت سارے درباریوں اور خدام اور اپنے لشکریوں کو بھی بٹھالیتے تھے۔ اور پھر ہوا کو حکم دیتے تھے وہ آپ کو آپ کی منزل مقصود تک پہنچادیتی تھی۔ ہوا کی تیزی کا یہ عالم ہوتا تھا کہ وہ آپ کو دن کے آغازی حصے میں تھوڑی دیر کے اندر ہی ایک مہینے کے سفر کے برابر لے جایا کرتی تھی اور دن کے آخری حصے میں بھی تھوڑی دیر کے اندر آپ ایک ماہ کے سفر کے برابر سفر فرمالیا کرتے تھے۔ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم نے پتھروں کے بجائے تانبہ جو ایک قیمتی دھات ہے، اس کے چشمے ان کے لیے جاری فرمادیے تھے۔ اور ہم نے جنات کو بھی ان کا تابع کردیا تھا۔ وہ جنات سے باقاعدہ کام لیا کرتے تھے اور جنات ان کے لیے کام کیا کرتے تھے۔ اور جب کوئی جن ان کی حکم عدولی کرتا تھا تو اللہ پاک کی طرف سے اس پر آگ کے کوڑے برسائے جاتے تھے۔ جنات حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے ان کے حکم پر بڑے بڑے مضبوط قلعے بناتے تھے اور مجسمے اور تصاویر یعنی نقش ونگار کا کام کرتے تھے۔ اور حوضوں کی مانند بڑے بڑے پیالے بنایا کرتے تھے۔ مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ چونکہ حضرت سلیمان علیہ السلام اور لشکر سلیمان علیہ السلام کو دوران سفر کھانے، پینے اور صاف پانی کے لیے برتنوں کی ضرورت ہوتی تھی۔ تو جنات بڑے بڑے حوض نما پیالے بنالیا کرتے تھے اور کھانے کی تیاری یعنی کھانا وغیرہ پکانے کے لیے بڑی بڑی ہانڈیاں، بڑی بڑی دیگیں کہ جن میں پورے پورے لشکر کا کھانا تیار ہوتا تھا، وہ بنالیا کرتے تھے۔ اس لیے کہ اتنے بڑے بڑے پیالوں، دیگوں کہ جن میں اتنے بڑے بڑے لشکروں کا کھانا پینا تیار ہوتا تھا۔ ان بڑے بڑے برتنوں کو ہر وقت ساتھ رکھنا اور ایک جگہ سے دوسری جگہ اپنے ساتھ اٹھائے پھرنا مشکل ہوتا تھا۔ جہاں ایک بار استعمال ہوگئی۔ جب قافلہ روانہ ہوا تو ان دیگوں کو وہیں چھوڑ دیا۔ آئندہ کے لیے اس جگہ پر آنے کی صورت میں استعمال کے لیے بہر حال جنات کا کام بڑی بڑی دیگیں تیار کرنا بھی تھا۔ ان سب معاملات کا ذکر فرمانے کے بعد اللہ پاک آل داؤد علیہ السلام کو شکر ادا کرتے رہنے کا حکم ارشاد فرمارہے ہیں اور فرماتے ہیں کہ میری نعمتوں، میرے انعامات، میرے اکرامات، میرے احسانات پر میرا شکر ادا کرنے والے، میرا احسان ماننے والے بندے، بہت ہی کم ہیں۔ حضرت سیدنا حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ (بقیہ ص 59)

ایک نشست غوث الاعظم سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ کے ساتھ

مولانا سلیم اللہ ظفر (معاون مدیر خزینہ روحانیات)

حضرت غوث الاعظم سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت ''ابومحمد'' اور لقب محی الدین تھا۔ والد محترم کا نام ابوصالح موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ اور والدہ ماجدہ کا نام امۃ الخیر فاطمہ تھا۔ قطب ربانی، غوث ہمدانی، محبوب سبحانی حضرت ابومحمد محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ خلافت مشائخ کبار سے ہوتا ہوا شیر خدا حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے۔ حضرت والا کی پیدائش ۱۱ ربیع الثانی ۴۷۰ھ کو ایران کے صوبہ طبرستان کے ایک گاؤں نیف جوگیلان کے علاقے میں واقع تھا۔ ایک سادات گھرانہ میں ہوئی۔ علاقہ گیلان کے رہائشی ہونے کی وجہ سے آپ کو گیلانی اور جیلانی کہا جاتا ہے۔ حضرت کا وصال بغداد شریف میں ۱۱ ربیع الثانی ۵۶۱ھ کو ہوا۔ آپ کی عمر مبارک ۹۱ سال تھی۔ حضرت فرماتے ہیں کہ جب میں چھوٹا بچہ تھا۔ عرفہ کا دن تھا۔ میں اپنے گھر میں اپنی اماں جان کے پاس بیٹھا تھا۔ میری اماں جان مجھے حج کے فضائل سنا رہی تھیں۔ ان سے حج کے فضائل، صفا مروہ، مزدلفہ، منیٰ اور عرفات کی میں نے جب باتیں سنیں تو میرے دل میں بے اختیار یہ بات آئی کہ یااللہ مجھے بھی یہ مقامات دیکھنے ہیں اور ابھی ہی دیکھنے ہیں۔ میں نے یہ بات اپنی اماں جان کو بتلائی تو اماں جان کی آنکھوں میں آنسو آگئے اور فرمانے لگیں کہ یااللہ آپ اس پر قادر ہیں کہ میرے بچے کو یہاں سے ہی سارے مقامات دکھادیں تاکہ اس کے دل میں مزید تڑپ اور شوق پیدا ہوجائے۔ مجھ سے بھی دعا مانگنے کو فرمایا۔ دعا مانگنے کے بعد اماں جان مجھ سے فرمانے لگیں کہ جاؤ چھت پر اللہ پاک آپ کو سب کچھ یہاں سے ہی دکھادیں گے۔ حضرت فرماتے ہیں کہ جب میں گھر کی چھت پر گیا تو اللہ پاک نے مجھے سارے مقامات چھت پر کھڑے دکھادیے۔ سبحان اللہ یہ آپؒ کی اور آپؒ کی اماں جان کی کرامت تھی۔ اس کے بعد میرے دل میں قرآن وحدیث کی تعلیم کا شوق پیدا ہوا۔ میں نے اماں جان سے عرض کیا کہ میں بغداد جاکر علم حاصل کروں گا۔ میری چھوٹی سی عمر، علم حاصل کرنے کا شوق، بغداد جانے کی خواہش، اماں جان سے جدائی، والد صاحب کا سایہ سر پر نہ ہونا میرے جذبات اور میری باتیں سن کر اماں جان رو پڑیں۔ اور مجھ سے فرمانے لگیں جاؤ بیٹا! اللہ پاک کے دین کا علم سیکھنے کے لیے جاؤ، میں تمہیں اللہ کے سپرد کرتی ہوں۔ اماں جان کمرے میں تشریف لے گئیں اور اندر سے 80 دینار اٹھا کر لائیں اور فرمانے لگیں۔ یہ وہ دینار ہیں جو آپ کے ابا جان چھوڑ کر دنیا سے پردہ فرماگئے ہیں۔ اماں جان نے 40 دینار میرے بھائی کے لیے رکھ لیے اور 40 دینار میری گوڈری میں بغل کے نیچے سلائی کردیے۔ اماں جان نے الوداع کرتے ہوئے بہت ساری نصیحتیں فرمائیں۔ ایک نصیحت جو بار بار فرمائی کہ میرے بیٹا مجھ سے وعدہ کرو کہ زندگی بھر کبھی جھوٹ نہیں بولوگے۔ اس لیے کہ جھوٹ سارے گناہوں کی بنیاد اور جڑ ہے۔ میں نے بھی اماں جان سے وعدہ کیا کہ آپ کی ساری باتوں پر بھی عمل کروں گا اور زندگی بھر کبھی جھوٹ نہیں بولوں گا۔ آخر میں رخصت فرماتے ہوئے کہا کہ بیٹا اب میں تمہارا چہرہ قیامت والے دن ہی دیکھوں گی۔ اماں جان سے رخصت ہوکر میں ایک چھوٹے سے قافلے کے ساتھ بغداد کی طرف روانہ ہوا۔ جب ہم ہمدان سے نکل کر جنگل میں سفر کررہے تھے تو ہمارے قافلے پر ڈاکوؤں نے دھاوا بول دیا۔ پورے قافلے کو لوٹ لیا۔ ایک ڈاکو میرے پاس آیا اور مجھ سے کہنے لگا کہ تمہارے پاس کیا ہے؟ میں نے کہا کہ 40 دینار ہیں۔ میری گدڑی میں بغل کے نیچے سلے ہوئے ہیں۔ وہ ڈاکو مجھے اپنے سردار کے پاس لے کر گئے۔ تو میرے سچ پر ڈاکوؤں کا سردار اور سب ڈاکو بہت حیران ہوئے کہ یہ چاہتا تو اس بات کو ہم سے پوشیدہ اور مخفی رکھ سکتا تھا۔ سردار نے مجھ سے پوچھا کہ تم کو کسی چیز نے سچ بولنے پر آمادہ کیا ہے۔ تو میں نے کہا میرے اپنی اماں جان کے ساتھ وعدے نے مجھے سچ بولنے پر آمادہ کیا ہے۔ تو ڈاکوؤں کا سردار رونے لگا اور کہنے لگا کہ تم نے بچے ہوکر اپنی اماں جان (بقیہ ص 59)

قسط:3

فضائل قرآن معظم

قیصر احمد
بی اے (کراچی)

جس کسی کو سورۂ فاتحہ ایک پاک برتن میں لکھ کر اور پانی یا آب زم زم یا بارش کے پانی سے دھو کر پلایا جائے تو اس کا نسیان زائل ہو۔ جو کوئی سورۂ فاتحہ درمیان سنت وفرض صبح کو اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر درد چشم والے پر دم کرے تو بہت جلد شفاء ہو اور اگر پڑھنے کے بعد لعاب دہن بھی لگادے تو آنکھ کی بیماریوں کو بہت نفع پہنچے۔ بارہا آزمودہ اور مجرب ہے۔

(مجرب دیربی)

یہ سورۃ مرگی کیلئے بھی مفید ہے، جیسا کہ ایک صحابی سے منقول ہے کہ وہ ایک مرگی والے کے پاس سے گزرے اور اس سورۃ کو پڑھ کر اس پر دم کیا، اس نے شفاء پائی اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ سب آسمانی کتابوں کی جڑ قرآن مجید ہے۔ اور قرآن مجید کی جڑ سورۂ فاتحہ ہے۔ پس جس وقت تو بیمار ہو تو چاہیے کہ قرآن کی جڑ یعنی سورۂ فاتحہ کے ساتھ التجا کر اور شفاء حاصل کر۔ اور بھی صحاح ستہ میں وارد ہے۔ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سانپ بچھو کے کاٹے ہوئے اور مرگی وجنون والے شخص کو اس سورۃ کے ساتھ جھاڑتے تھے۔ اور آنحضرت ﷺ نے اس کو جائز رکھا۔

دار قطنی اور ابن عساکر مناسب بن یزید سے روایت ہے کہ ان کو حضور ﷺ نے اس سورۃ سے جھاڑا اور پڑھنے کے بعد لعاب دہن بھی درد کی جگہ مل دیا۔ اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور سعید بن منصور نے اپنی سنن میں ذکر کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''سورۂ فاتحہ ہر مرض کی دوا ہے۔''

بزاز نے اپنی مسند میں انس بن مالک ؓ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو سوتے وقت سورۃ فاتحہ اور اخلاص پڑھ کر اپنے او پر دم کرے وہ موت کے سوا ہر بلا سے محفوظ رہے۔ اور ابو الشیخ نے کتاب الثواب میں بیان کیا ہے کہ جس کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اس سورۂ فاتحہ کو پڑھ کر اپنی حاجت کیلئے دعا کرے۔ ان شاء اللہ حاجت برآئے گی۔

حضرت ثعلبی مشغلبی ؒ سے روایت ہے کہ ایک شخص ان کے پاس آیا اور درد گردے کی شکایت کی تو انہوں نے کہا تو ''اساس القرآن'' (سورۂ فاتحہ) کو پڑھ کر درد کی جگہ دم کردے اور سحر والے کو پانی پر دم کر کے پلائے، مجرب واکسیر ہے۔ اور چینی کی تشتری میں گلاب مشک وزعفران سے لکھ کر دھو کر پرانی بیماریوں کیلئے چالیس (۴۰) روز تک پلائیں۔ دانت کا درد ہو یا سر درد۔ درد شکم ہو یا کسی بھی قسم کا درد ہو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنا بھی مجرب المجرب ہے۔ (تفسیر عزیزی)

قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ خواجہ خواجگان معین الدین سنجری چشتی قدس سرہ العزیز نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں اپنے پیرو مرشد کے ساتھ سفر میں تھا۔ چلتے چلتے ایک ندی کے کنارے پہنچے، وہاں کشتی نہ تھی جو اس پار جائیں۔ حضرت شیخ نے فرمایا کہ آنکھیں بند کر، میں نے بند کرلیں اور اپنے آپ کو معہ حضرت شیخ اس پار پایا۔ میں نے عرض کیا ہم کیوں کر یہاں پہنچے؟ ارشاد فرمایا پانچ بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر قدم رکھا تھا۔ ''اے معین الدین جو کوئی سورۂ فاتحہ کو کسی مہم اور حاجت کے واسطے صدق دل سے پڑھے اور اگر حاجت نہ برآئے تو میرا دامن گیر ہو۔'' اور فرمایا کہ آثار مشائخ طبقات میں اس درویش نے لکھا دیکھا ہے کہ سورۂ فاتحہ حصول مراد کیلئے بکثرت پڑھنا چاہیے۔

(اس کا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہے اور پڑھنے کا وقت درمیان سنت وفرض فجر لکھا ہے۔)

ممکن ہے کہ بعض حضرت کے ذہن میں یہ امور مستعد معلوم ہوں مگر حق یہ ہے کہ خلوص وعقیدت سارے بیڑے پار لگاتی ہے۔ ایماندار عقیدت مندوں کے کام اس احکم الحاکمین کے کلام پاک کی بدولت انجام پاتے ہیں۔ اور قیاسات والے اپنے ہی گورکھ دھندوں میں رہے اور رہیں گے۔ اس کے متعلق ایک واقعہ دلیل العارفین ملفوظات ولی ہند قطب الاولیاء خواجہ

معین الدین حسن اجمیری قدس سرہ مولفہ حضرت خواجہ قطب الاقطاب بختیار کاکی علیہ الرحمہ میں منقول ہے کہ ایک دفعہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کسی بیمار کی عیادت کو تشریف لے گئے۔ اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کیا وہ معاً اچھا ہو گیا۔ کچھ دیر بعد کوئی اور شخص اس کی عیادت کیلئے آیا اور پوچھا تمہیں کیسے صحت ہوئی اس نے جواب دیا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ آئے تھے۔ اور یہی سورۂ فاتحہ (ادنیٰ چیز سمجھنے کے لہجے میں) پڑھ کر دم کیا، میں اچھا ہو گیا۔

وہ یہ کہنے بھی نہ پایا تھا کہ بیماری پھر عود کر آئی اور وہ اسی بیماری میں مر گیا۔ سبب یہ تھا کہ سورۂ فاتحہ پر اس کا اعتقاد صحیح نہیں تھا۔ اور یہ سخن اس نے بداعتقادی کی راہ سے کہا۔ ہر کام کا قاعدہ ہے کہ اگر وہ بداعتقادی کے ساتھ ہو تو کچھ فائدہ نہ ہوگا۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس کو کوئی مہم پیش آئے تو وہ اس مبارک سورۃ کو اس طرح عمل میں لائے کہ بسم اللہ کے میم کو الحمد کے لام سے کسرہ کے ساتھ ملا کر پڑھے اور جب ولا الضالین پر پہنچے تو تین مرتبہ آمین کہے۔ تو اللہ تعالیٰ مشکل آسان کر دے گا۔

پرانی اور موذی بیماری والے شخص کے سر پر ہاتھ رکھ کر اکیس بار پڑھنے کے بعد دم کرنا مجرب و نافع ہے۔ ہر قسم کے بیمار کو اس سورۃ کے حروف کو جدا جدا لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے بحکم خدا صحت پائے۔

جو شخص سفر کا ارادہ رکھے اور چلتے وقت اس سورۃ کو اکتالیس (۴۱) بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر بیماری سے محفوظ رکھے اور سلامت گھر واپس آئے۔ مولانا سعید محمد علی صاب عم فیضہم نے ایک مرتبہ حضرت اقدس مخدومنا و مرشدنا مولانا شاہ فضل الرحمن قدس سرہ العزیز سے عرض کیا کہ آپ اسقاط حمل کیلئے کیا پڑھ کر دیتے ہیں تو ارشاد فرمایا کہ سورۂ الحمد شریف اور تینوں قل پھر فرمایا کہ ہر مرض کیلئے الحمد شریف پڑھ دیا کرو۔ کسی کو گڑ پر، کسی کو چینی پر۔

(ارشاد رحمانی)

نبی کریم ﷺ نے سورۂ فاتحہ کو بڑے درجے کا قرآن ''القرآن العظیم'' فرمایا ہے، یوں تو ہر سورۃ قرآن ہے لیکن سورہ فاتحہ درجہ میں سب سے اول ہے یعنی درجہ میں سب سے بڑی ہے، اس سے تمام بیماریاں دفع ہو جاتی ہیں اور سارے آلام دور اور اس سے عافیت نصیب ہوتی ہے۔

چنانچہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا

فَاتِحَةُ الْكِتَابِ شِفَآءٌ لِكُلِّ دَآءٍ یعنی سورۂ فاتحہ ہر مرض کی دوا ہے۔ ہر مرض خواہ مرض قلب ہو یا مرض قالب سب کیلئے دوا بھی ہے اور شفاء بھی۔

مریض کو حسن ظن سے کام لینا چاہیے۔ تمام بیماریوں اور دردوں کیلئے بیمار پر سورۂ فاتحہ اکتالیس (۴۱) بار مع وصل بسم اللہ پڑھ کر نفل یا تھکارا جائے تو ان شاء اللہ بیمار کو شفاء ہوگی۔ دفع امراض کیلئے سنت فجر کے بعد اکتالیس (۴۱) بار سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ کے مداومت کے ساتھ پڑھی جائے تو بہت جلد شفاء ہوتی ہے۔ یہ عمل نہ صرف دافع امراض کیلئے بلکہ خصوصیت کے ساتھ درد چشم کیلئے نہایت صحت بخش ہے بلکہ اس کا عامل اگر فقیر ہو تو غنی ہو جائے گا۔ مقروض ہو تو اس کا قرض ادا ہو جاتا ہے۔ کمزور ہو تو قوی ہو جاتا ہے۔ نوکری سے معزول ہو تو بحال ہو جاتا ہے۔ اگر اولاد نہ ہو تو صاحب اولاد ہو جائے۔ اگر صبح کی نماز کے بعد سورۂ فاتحہ کو اس کے حروف کی تعداد کے برابر یعنی ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھا جائے تو بغیر کسی شک و شبہ کے مطلوب کا حصول ہوگا۔

شیخ محی الدین ابن العزلی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو کوئی حاجت در پیش آئے تو وہ نماز مغرب کے بعد فرض و سنت سے فارغ ہو کر اس مقام پر جہاں اس نے نماز پڑھی ہے سورۂ فاتحہ چالیس (۴۰) بار پڑھے اور اس کے بعد اس طرح دعا کرے۔

اِلٰهِیْ عِلْمُكَ كَافٍ عَنِ السُّوءِ اِكْفِنِیْ بِحَقِّ الْفَاتِحَةِ مَقَالًا وَّحَصِّلْ مَافِیْ ضَمِیْرِیْ۔

ترجمہ: اے اللہ! تیرا علم کافی ہے اس امر سے کہ سوال کیا جائے سورۂ فاتحہ کی حرمت سے میرے سوال کرنے کی ضرورت نہ رکھ اور تیرا کرم کافی ہے اس امر سے کہ گفتگو کی جائے سورۂ فاتحہ کی حرمت سے مجھے عزت بخش اور میری مراد عطا فرما۔

علامہ ارشد حسن ثاقب مدظلہ کی عوام و خواص میں بے حد مقبول شہرۂ آفاق کتب

01 ارشاد العاملین

عام قیمت 850 روپے — صفحات 720

عملیات کے شائقین اور عاملین کی علمی وفنی راہنمائی کیلئے علامہ ارشد حسن ثاقب کے قلم سے وہ حسین وشاداب گلدستہ جس کی تازگی صدیوں ماند نہ ہوگی اور جس کی نظیر اردو زبان میں پیش نہیں کی جا سکتی۔

□ ریاضت اور چلہ کشی □ منزل کی ریاضت □ آیۃ الکرسی کا چلہ □ معوذتین کا چلہ □ سحر و آسیب کیلئے تین چلے کافی ہیں □ سورۃ المزمل کا چلہ □ آیت قطب کا چلہ □ وظیفے کے بعد حصار کرنے کا طریقہ □ نقش اسمائے حسنیٰ □ آیات شفاء □ ہفت سلام □ آیات حب □ آیات وسعت مال ورزق □ فتح وشادی □ فتح جنات □ نظر بندی و زبان بندی □ دشمن کی تباہی □ دشمن کی ہلاکت و بربادی □ سحر اور علاج مرض کیلئے □ تسخیر خلائق □ اسقاط حمل □ قرض کی ادائیگی □ ایمان کی حفاظت □ غلبہ بر دشمن □ غلبہ بر دشمن □ خاندان کی حفاظت □ قید سے نجات □ ادائیگی قرض □ مصائب سے نجات □ حضور ﷺ کا دم □ نظر بد کا ازالہ □ قرآن سرچشمہ شفاء □ کیا جنات وجود رکھتے ہیں؟ □ خالق کیا ہے □ جنات شکلیں بدل سکتے ہیں □ جنات کے مختلف نام اور اقسام □ شیطان انسان پر کس طرح حملے کرتا ہے؟ □ جنات کیوں ستاتے ہیں؟

جامع الوظائف

عام قیمت 700 روپے — صفحات 656

ایمان وعقیدہ کی حفاظت، اسلامی اخلاقیات کی پاسداری اور ذکر اللہ کے ذریعے مسائل ومشکلات سے چھٹکارا پانے کیلئے اسلامی وروحانی وظائف کا اردو میں سب سے بڑا جامع ترین انسائیکلوپیڈیا۔

□ تزکیہ اور ادائیں عملیات □ مددگار اور لیرے عامل □ وظیفہ پڑھنے کا طریقہ □ وظائف کی ضرورت کیا ہے؟ □ دعا اور جلد بازی □ ماں اور اولاد کو بددعا نہ دیں □ اسم اعظم □ اسم اعظم کی جامع ترین دعا □ قرآن پاک کی سورتوں کے فضائل □ موت کے سوا ہر آفت سے حفاظت □ سحر اور بیماری سے نجات □ درد سے نجات □ صلح ومحبت کیلئے □ مالی رکاوٹ دور کرنے کیلئے □ رزق میں وسعت کیلئے □ مشکلات ومصیبت □ دنیا کا خاتمہ □ قرض کی ادائیگی □ باران رحمت کیلئے □ قیدی کی رہائی کیلئے □ سلامتی وشفاء مال ودولت کیلئے □ فقر وفاقہ سے نجات □ دشمن کی ہلاکت کیلئے □ غیب سے رزق ملنے اور مالا مال ہونے کا خصوصی عمل □ حصول دولت کیلئے □ حضور اقدس ﷺ کی زیارت کیلئے □ حقائق اگلوانے کا عجیب طریقہ □ نظر بد کے ازالہ کیلئے □ مریض سحر و آسیب کی تشخیص کیلئے □ ظالموں کی بربادی کیلئے □ کاروباری بندش کا خاتمہ۔

03 جنات وجادو تاریخ، حقیقت، علاج

عام قیمت: 550 روپے — صفحات: 432

جنات اور جادو کی حقیقت، تاریخ، اقسام، تاثیر، تباہ کاری اور ان سے نجات وخلاصی کے مجرب ترین وظائف واعمال کا جامع ترین مجموعہ

□ کیا جنات وجود رکھتے ہیں □ جنات کی قسمیں □ جنات شکلیں بدل سکتے ہیں □ جنات کو جنات کیوں کہا جاتا ہے؟ □ جنات کے مختلف نام اور اقسام □ جنات انسان کی طرح باشعور مخلوق ہیں □ کیا حضور ﷺ سے پہلے جنات میں انبیاء آئے؟ □ حضور اکرم ﷺ انسانوں اور جنات دونوں کے نبی ہیں □ حضور ﷺ سے ایک جناتی وفد کی ملاقات □ حضور ﷺ کی ولادت پر جبل ابوقبیس پر جنات کی پکار □ جنات کے وجود پر واقعاتی دلائل □ جنات کی شادی اور اولاد □ جن اور شیطان میں فرق □ ہمزاد کیا ہے؟ □ جنات اور شیطان کے ٹھکانے □ قرآن حکیم سے ثبوت □ جنات کیوں ستاتے ہیں؟ □ جنات و آسیب کی علامات □ جنات جل جائیں □ جنات کی زبان بندی □ گر جادو یا جنات کی وجہ سے جسم دکھتا ہو □ دیو جلانے کا عمل □ جادو کا وجود □ دنیا کے لاکھوں لوگوں کا تجربہ □ جادو کی علامات □ جادو کا علاج □ جادو کے حفاظتی تعویذ

ورد اسم اعظم وحزب القهر

عام قیمت: 150 روپے — صفحات: 64

ہر انسان کی خواہش ہے کہ اس کی زندگی آسودہ ہو، اس کی ترقی کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ اور ہر مسلمان کی آرزو ہے کہ اس کی یہ زندگی بھی کامیاب ہو اور آخرت کی حقیقی اور دائمی زندگی بھی کامیاب ہو۔ لیکن زندگی ایک طویل اور مسلسل امتحان کا نام ہے، یہاں قدم قدم پر مسائل، مصائب، آلام، مشکلات، آفات، حادثات، دوسروں کے شر کو دفع کرنے کی ضرورت ہے۔ ورد اسم اعظم انہی مصائب وآلام کے پہاڑوں کو راستے سے ہٹانے اور منزل مقصود کو آسان بنانے کا روحانی مجموعہ ہے۔ جسے پڑھ کر آپ دنیا میں بھی کامیابی پا سکتے ہیں اور آخرت میں بھی۔

05 فیوض القرآن

عام قیمت: 350 روپے — صفحات: 128

اس کتاب میں وہ وظائف ایسے ہیں جن کا انتخاب آپ کو زندگی بھر کسی بھی دوسرے وظیفے اور عمل سے بے نیاز کر دے گا، تمام وظائف کی برکات کا عالم کیا ہوگا؟

□ آیات اسم اعظم □ آیت کرشمہ □ سورۃ الحشر کا ایک نادر یا موکل عمل □ قرض کی واپسی اور تسخیر خصوصی □ آیت قطب اور آیت معاش □ سورۃ اخلاص برائے بندش وحصار □ آیات صلح وزوجیں □ محبت اور رشتے کیلئے آیات حب □ کینسر اور دیگر لاعلاج مرض کیلئے □ بندش کا لاجواب عمل۔

اسمائے حسنیٰ کے روحانی فائدے

عزیر احمد مفتاحی قاسمی

مسافر کے ماندہ اور عاجز نہ ہونے کے لئے

القدوس السبوح

خاصیت: مسافر سفر میں اس کو ہمیشہ پڑھتا رہے تو کبھی نہ تھکے گا۔

بخیریت واپسی

العلی (سب سے بلند)

خاصیت: اگر لکھ کر مسافر اپنے پاس رکھے تو جلدی اپنے عزیزوں سے آملے۔

الأول (سب سے پہلے)

خاصیت: اگر مسافر ہر جمعہ کو ہزار بار پڑھے تو جلدی اپنے لوگوں سے آملے۔

سفر میں دل نہ گھبرائے

المقیت (قوت دینے والے)

خاصیت: اگر روزے دار اس کو مٹی پر پڑھ کر یا لکھ کر اس کو تر کرکے سونگھے تو اس کو قوت اور غذائیت حاصل ہو، اگر مسافر پیالے پر سات بار پڑھ کر پھر اس کو لکھ کر اس سے پانی پیا کرے تو وحشت سفر سے مامون رہے۔

سفر سے وطن لوٹنے کے لئے

العلی (بلند مرتبہ)

خاصیت: جو کوئی اس کو ہمیشہ پڑھے یا اپنے پاس رکھے، اگر سفر میں سرگرداں ہو تو وطن مالوف پہونچ جائے۔

باطن اور غیب پر مطلع ہونے لے لئے

المھیمن (نگہبان)

خاصیت: جو کوئی غسل کرکے ایک سو پندرہ بار پڑھے تو باطنوں اور غیبوں پر مطلع ہو۔

تمام آفتوں سے حفاظت کے لئے

المھیمن (نگہبان)

خاصیت: اگر اس کی پابندی کرے تو تمام آفتوں سے پناہ میں رہے۔

ظالموں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

الجبار (بگڑے کاموں کو درست کرنے والا)

خاصیت: جو کوئی مسبعت عشر کے بعد اکیس بار یہ اسم پڑھے ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔

ڈوبنے، جلنے، زخمی ہونے کے خوف یا پریوں کے وہم کو دور کرنے کے لئے

الحفیظ (حفاظت کرنے والا)

خاصیت: جس کو ڈوبنے، جلنے، زخمی ہونے کا خوف ہو یا پریوں کا وہم اور گھبراہٹ ہو یا حرام نگاہوں سے ڈرتا ہو وہ اس کو اپنے بازو پر باندھ لے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ان چیزوں سے امن میں رکھے۔

روزے دار کو قوت کے لئے

المقیت (غذا دینے والے)

خاصیت: روزے دار کو ہلاک ہونے کا ڈر ہو تو پھول پر دم کرکے سونگھے، اس کو اتنی قوت حاصل ہو جائے گی کہ روزہ رکھ سکے۔

فرشتوں سے دعا لینے کے لئے

الکریم (بخشش کرنے والا)

خاصیت: بستر پر لیٹ کر پڑھتے پڑھتے سو جائے تو فرشتے اس کے حق میں دعا کرے اور اکرمک اللہ کہیں یعنی اللہ تعالیٰ تمھیں مکرم اور معزز کرے اور کہتے ہیں کہ علیؓ اس نام کو کثرت سے پڑھتے تھے، اس لئے ان کے نام کے ساتھ کرم اللہ وجہہ کہتے ہیں۔

مجرب قرآنی عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جب کسی سے حاجت درپیش ہو

جس کسی سے حاجت درپیش ہو تو اس کے پاس جانے سے پہلے وضو کرو اور بسم اللہ پڑھ کر سات (۷) بار یہ آیت پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے:

وَلَمَّا دَخَلُوا مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُمْ ۚ مَا كَانَ يُغْنِي عَنْهُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا ۚ

(یوسف:۶۸)

پھر راستہ میں بھی پڑھتے چلے جائیں۔ جب اس کے پاس جائیں تو دور سے ہی دم کر دیں۔ ان شاء اللہ، وہ حاجت پوری کرے گا۔

تمام امراضِ چشم

نمازِ فجر کی سنت وفرض کے درمیان سورۂ ملک پڑھ کر دم کرنا، آنکھوں کی جملہ بیماریوں میں مفید ہے۔

سورۂ فاتحہ کا کثیر الفوائد وظیفہ

حافظ شفیق الاسلام تحریر فرماتے ہیں کہ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ کے اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگو گے، قبول ہوگی۔ مریض صحت یاب ہوگا۔ قرض ادا ہو جائے گا۔ عہدہ اور مرتبہ میں ترقی ہوگی۔ عالم علوی وسفلی میں محبوب نظر بن جاؤ گے۔

سب حاجتیں پوری ہوں

اگر کوئی شخص آیت الکرسی تیرہ سو (۱۳۰۰) مرتبہ پڑھے گا، سب حاجتیں پوری ہوں گی۔

پیٹ درد سے شفاء

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو مندرجہ ذیل آیت تین (۳) مرتبہ پڑھ کر پیٹ پر دم کریں۔ آیت یہ ہے:

وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ﴿٤٨﴾ (النمل:۴۸)

قرآن بآسانی حفظ ہو

جو شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہو تو سب سے پہلے سورۂ یوسف حفظ کرے، ان شاء اللہ قرآن پاک بآسانی حفظ ہوگا۔

خرید و فروخت میں برکت کے لیے

جب کوئی چیز خریدے یا فروخت کرے، اگر اس پر سورۂ حجر پڑھ کر دم کرے تو اس مال میں برکت ہوگی۔

دشمن فرمانبردار ہوں ورنہ ذلیل وخوار ہوں

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہو تو سورۂ نحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کے دشمن فرمانبردار ہوں گے اور اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل وخوار ہوں گے۔

ترقی، کامیابی اور مشکلات کا حل

سورۂ بنی اسرائیل کا روزانہ باوضو تین (۳) مرتبہ پڑھنا دو جہاں کی ترقی، کامیابی، حصولِ مراتب وعزت اور سارے جہاں کی مشکل کے حل کے لیے نہایت مجرب اور مفید ہے۔

قرض سے نجات

جو شخص قرض میں گرفتار ہو اور قرض اترنا مشکل ہو گیا ہو تو بعد نماز جمعہ، سورۃ الکہف سات (۷) بار پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ دعا مانگا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کا قرضہ اتر جائے گا۔

تمام غم اور پریشانیوں سے نجات

اگر کوئی شخص پریشان حال ہو، اکثر پریشان اور غم زدہ رہتا ہو تو ہر روز باوضو تین (۳) مرتبہ سورۂ انبیاء پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام غم اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات اور ناگہانی حادثہ سے حفاظت کا نایاب درود شریف

حضرت مولانا مفتی منیر احمد اخون صاحب دامت برکاتہم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَشَفِيْعِ الْاُمَّةِ الَّذِيْ اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ○ وَعَلٰى اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ اَفْضَلَ صَلَاةٍ وَّاَزْكٰى سَلَامٍ وَّاَنْمٰى بَرَكَةٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَزِنَةَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَمِلْئَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ ○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ كَذٰلِكَ كُلَّهٗ اَفْضَلَ صَلٰوةٍ وَّاَزْكٰى سَلَامٍ وَّاَنْمٰى بَرَكَاتٍ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَصْحَابِ كُلٍّ مِّنْهُمْ وَالتَّابِعِيْنَ ○ وَعَلٰى كُلِّ وَلِيِّ اللّٰهِ فِي الْعَالَمِيْنَ ○ وَسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ○ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ○ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ○ وَارْحَمْنَا اِلٰهَنَا بِحُرْمَتِهِمْ اَجْمَعِيْنَ ○ وَاشْفِنَا وَعَافِنَا مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ ○ وَاعْفُ عَنَّا ○ وَعَامِلْنَا بِلُطْفِكَ الْجَمِيْلِ ○ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ○ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

ترجمہ: ”اے اللہ! صلوۃ وسلام اور برکتیں اور کرامتیں نازل فرما ہمارے آقا اور ہمارے نبی مکرم حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے بندے اور رسول نبی امی ہیں۔ نبی رحمت ہیں۔ شفیع امت ہیں۔ جن کو آپ نے رحمۃ اللعالمین بنا کر بھیجا اور آپ ﷺ کی آل واصحاب اولاد وذریت اور آپ ﷺ کے اہل بیت طیبین وطاہرین پر اور آپ ﷺ کی ازواج مطہرات امہات المؤمنین پر نازل فرما۔ آپ ﷺ سب سے افضل رحمت، سب سے پاکیزہ تر سلام اور سب سے بڑی برکت، تعداد میں ان چیزوں کے جو آپ کے علم میں ہیں، وزن میں ان چیزوں کے جو علم میں ہیں اور ان چیزوں کی بھرتی کے مطابق جو آپ کے علم میں ہیں، آپ کے کلمات کی روشنائی اور آپ کی رضا کے منتہا کے مطابق، اسی طرح صلوۃ وسلام اور برکتیں اور کرامتیں نازل فرما، افضل پاکیزہ تر سلام اور سب سے بڑی برکتیں تمام انبیاء ومرسلین پر اور ہر ایک کی آل وازواج اور اصحاب واتباع پر اور تمام اولیاء اللہ پر جہانوں میں اور تمام اہل ایمان پر خواہ اولین میں سے ہوں یا آخرین میں، تعداد میں ان چیزوں کے جو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں اور وزن میں ان تمام چیزوں کے جو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں اور ہم پر رحمت نازل فرما۔ یا الٰہی! ان سب حضرات کی برکت سے ہمیں شفاء اور عافیت عطا فرما ہر آفت اور مصیبت سے۔ ہمیں معاف فرما اور ہمارے ساتھ اپنے لطفِ جمیل کے مطابق معاملہ فرما اور ہمارے گناہوں کی نحوست سے ایسے لوگوں کو ہم پر مسلط نہ فرما جو ہم پر رحم نہ کریں۔ اے ارحم الراحمین! اپنی رحمت سے ان دعاؤں کو قبول فرما۔“

فائدہ: اگر کوئی شخص کسی ایسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے جس سے خلاصی کی راہ دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ غیب سے محض اپنے لطف وکرم کے ساتھ خلاصی عطا فرما دیتے ہیں۔ نیز اگر کوئی اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد پابندی سے کم از کم ایک بار پڑھ لیا کرے تو اچانک حادثات اور ناگہانی آفات سے محفوظ رہتا ہے۔ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۱۲۶)

ماہنامہ طلسماتی دنیا (دیوبند انڈیا) کے پرانے نایاب شمارے جن کا ایک ایک عمل تیر بہدف ہے

01 طلسماتی دنیا (مارچ 2004ء)

قیمت: 300 روپے | صفحات: 98

علاج بالقرآن ☆ اسماء حسنی ☆ علم الاعداد ☆ پتھر اور ان کے خصائل ☆ اعداد کا جادو: کیا فلاں عورت مرد میں موافقت رہے گی؟ ☆ روحانی ڈاک: یہ فضل ربی ہے لیکن ☆ عامل بننا چاہتے ہیں ☆ لوح تسخیر اکبر ☆ طلسم مقناطیس القلوب ☆ مجرب تعویذات: برائے ملازمت ☆ عملیات طلسمات: برائے حب ☆ ہر کام کی کامیابی کا عمل ☆ عمل حب ☆ قوت حافظہ ☆ الائچی برائے حب ☆ برائے قوت مردمی ☆ نقش برائے ہر مرض ☆ عمل حب ☆ برائے عداوت ☆ برائے محبت و دوستی ☆ برائے زندگی اولاد ☆ دفع مرض سوکھا ☆ دافع جنون ☆ دفع مرگی ☆ آئینہ تقدیر ☆ قسمت اور شخصیت تحریر کے آئینے میں ☆ رجال الغیب معلوم کرنے کا آسان طریقہ ☆ آسیب زدہ حویلی ☆ جادو کا توڑ خود کیجئے بدروحوں کا بسیرا ☆ انسان اور شیطان کی کشمکش ☆ بحر الجفر وغیرہ

02 طلسماتی دنیا (اپریل 2004ء)

قیمت: 300 روپے | صفحات: 98

تعلقات اعداد: شوہر اور بیوی کی حیثیت سے ☆ اعداد کا جادو: برائے ملازمت بیرون ملک جانے کی آرزو کب پوری ہوگی؟ ☆ آئینہ تقدیر ☆ روحانی ڈاک ☆ پتھروں کی خصوصیات ☆ مقبول عملیات: دنیا کی محبت دل سے نکالنے کیلئے ☆ اطاعت خداوندی کیلئے ☆ عزت و توقیر کیلئے ☆ حاضرات کا ایک موثر ترین طریقہ ☆ مختلف امراض سے نجات کیلئے ☆ تسخیر خلائق کیلئے ☆ دکان کی ترقی کیلئے عمل ☆ ہر مقصد میں کامیابی کیلئے ☆ کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کیلئے ☆ جادو کروانے والے کا پتہ چلانا ☆ کسی پر مسلط آسیب و ہمزاد کی حاضری کا عمل ☆ برائے تسخیر و برائے حصول دولت ☆ ترقیات و فتوحات کیلئے ☆ ہر طرح کے مرض سے نجات دینے کا عمل ☆ تبادلہ روکنے کا عمل ☆ حصول روزگار کیلئے ☆ بدروحوں کا بسیرا ☆ آزمودہ مجرب نقوش ☆ لوح پنجتن پاک ☆ ہمزاد کی شناخت کیلئے ☆ برائے ہر مرض ☆ دعائے برائے اولاد ☆ برائے سر درد و شقیقہ ☆ حاضری مطلوب ☆ رزق و دولت کی فراوانی ☆ کامیابی در امتحان ☆ برائے شفائے امراض وغیرہ

03 طلسماتی دنیا (مئی 2004ء)

قیمت: 300 روپے | صفحات: 98

تعلقات اعداد: ازدواجی زندگی کے اعتبار سے ☆ اعداد کا جادو: میرا مستقبل قریب کیا ہے؟ ☆ چند اسرار غیبی ☆ عمل نایاب برائے حصول رزق ☆ حاجت کیلئے ☆ شادی کیلئے جس کا رشتہ طے نہ ہوتا ہو ☆ اولاد کیلئے ☆ ادائے قرض ☆ ختم برائے رفع مشکلات ☆ قضائے حاجات اور سختیوں کو دور کرنے کیلئے ☆ بخار کا علاج ☆ نقوش اور تعویذات کے ذریعہ مشکلات کا آزمودہ حل: دل کی دھڑکن دور ہونے کیلئے ☆ شیر خوار کے صدمے سے بچنے کیلئے ☆ اصحاب کہف کے نام ☆ برائے محبت ☆ قے بند کرنے کیلئے ☆ بانجھ ہونے کے اسباب ☆ روزی زیادہ ہو ☆ ننانوے بیماریوں کا علاج ☆ فراخی روزی کیلئے ☆ قرار حمل کیلئے ☆ بانجھ کو حمل رہنے کیلئے ☆ عقیمہ عورت کیلئے ☆ ہر آفت سے بچنے کیلئے ☆ میاں بیوی میں محبت قائم رہنے کیلئے ☆ اولاد نرینہ کیلئے ☆ فراخی روزی کیلئے ☆ قید سے رہائی کیلئے ☆ نام محمد ﷺ کی جادوگری ☆ دولت مند بننے کیلئے علم جفر کا ایک قیمتی راز وغیرہ

04 طلسماتی دنیا (اکتوبر 2004ء)

قیمت: 300 روپے | صفحات: 98

سامی رحمۃ للعالمین ﷺ کی عظمت و انفرادیت ☆ روحانی ڈاک: مسمی اور نادانی کی باتیں ☆ شریعت میں کوئی دن منحوس نہیں ☆ نحس حقیقی کی ساعت ☆ دنوں وغیرہ کی قید کی رعایت کرنا نجوم کا شعبہ ہے ☆ عملیات میں دن وغیرہ کی پابندی کرنا بالکل غلط ہے ☆ یک طرفہ محبت کی خاطر ☆ عامل بننے کی خواہش ☆ مقبول عملیات: ذہن کی کشادگی کیلئے ☆ دولت میں اضافے کیلئے ☆ عزت و رفعت کیلئے ☆ عورت پر قادر ہونے کیلئے ☆ خوش حالی کیلئے ☆ لڑکیوں کے پیغامات کیلئے ☆ دفع یرقان کیلئے ☆ میاں بیوی میں محبت کیلئے ☆ اگر بچی نہ اترتا ہو ☆ خارش سے نجات کیلئے ☆ ٹی بی اور کینسر کے مریض کیلئے ☆ بد پریشانی سے نجات کیلئے ☆ جوڑوں کے درد کیلئے ☆ حصول دولت کیلئے ☆ ادائیگی قرض کیلئے ☆ چغل کو ختم کرنے کیلئے ☆ حصول ملازمت کیلئے ☆ حاجت پوری کرنے کیلئے ☆ دفع شر کیلئے ☆ دعا کی مقبولیت کیلئے ☆ میاں بیوی میں محبت کیلئے ☆ دائم المرض کیلئے ☆ مقدمہ میں کامیابی کیلئے ☆ نظر بد کا علاج ☆ ہسٹریا کے دوروں سے نجات ☆ حاجات اور فتوحات کیلئے ☆ حاجات و خواہشات کا ایک اور عمل ☆ حل مشکلات کیلئے ☆ پتھروں کی خصوصیات ☆ کرشمات جفر ☆ رشتہ نکاح شادی کیلئے مجرب بے نظیر عمل و نقوش وغیرہ

حافظ الحدیث حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

زوجین میں محبت کے لئے

اگر زوجین میں کسی سبب اختلاف رہتا ہو اور اکثر لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش دو عدد لکھ کر انہیں خوشبو لگائے یا لوبان کی دھونی دے۔ پھر موم جامہ کر کے مرد دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے اور اگر عورت کو ضرورت ہو تو وہ گلے میں پہنے۔ یہ نقش صرف میاں بیوی کی محبت کے لئے ہے۔ ناجائز محبت میں کام نہ دے گا۔ ایک نقش پہنے اور دوسرے کو لپیٹ کر دو پاک پتھروں کے درمیان دبا دے یا دروازے کی اوپر کی چوکھٹ پر چپکا دے۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ فسیکفیکہم اللہ وھو السمیع العلیم

یحبونهم کحب اللہ یاغفار ۱	والذین امنوا اشد حبا للہ یا کریم ۱۴	والقیت علیک محبۃ منی یا کریم ۱۱	انہ لحب الخیر لشدید یا ودود ۸
انہ لحب الخیر لشدید یا ودود ۱۲	والقیت علیک محبۃ منی یا کریم ۷	والذین امنوا اشد حبا للہ یا رحیم ۲	یحبونهم کحب اللہ یا لطیف ۱۳
والذین امنوا اشد حبا للہ یا لطیف ۶	یحبونهم کحب اللہ یا رحمٰن ۹	انہ لحب الخیر لشدید یا رحیم ۱۲	والقیت علیک محبۃ منی یا رحمٰن ۳
والقیت علیک محبۃ منی یا رحمٰن ۱۵	انہ لحب الخیر لشدید یا کریم ۱۴	یحبونهم کحب اللہ یا کریم ۵	والذین امنوا اشد حبا للہ یا لطیف ۱۰

نس بندی کھولنے کے لئے

نس بندی کھولنے کی غرض سے اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر مرد کے گلے میں لٹکایا جائے۔ ان شاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝

(القمر: ۱۱-۱۴)

ہر بیماری سے شفاء کا تعویذ

ہر بیماری کے لئے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝

(النسآء: ۲۸)

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۚ

(الانفال: ۶۶)

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ (البقرۃ: ۱۷۸)

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ (الانبیاء: ۱۰۷)

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (یوسف: ۶۴)

نوٹ: ممکن ہو تو مریض کو یہی آیات سات بار صبح و شام پڑھنے کو کہیں۔ خ

برائے دفعیہ شرِ دشمنان

دشمنوں کی زبان بندی کیلئے

مذکورہ دو آیتیں ہر نماز کے بعد سات سات بار پڑھ کر دشمنوں کی طرف پھونکیں۔

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۝

(طٰہٰ: ۱۰۸)

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ (یس: ۶۵)

جان لیوا جادو کا مجرب علاج

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

اگر کسی پر جادو کا اثر ہو گیا ہو اور کوئی چیز جادو کی پڑھ کر کھلائی ہو تو مریض کے گلے میں اس عمل کو لکھ کر ڈال جائے۔ بفضل تعالیٰ شفا ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔

سورۂ فاتحہ۔ سورۂ اخلاص۔ سورۂ الفلق۔ سورۂ الناس۔ آیۃ الکرسی۔

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۔ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۔ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۔ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۔ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ (البقرۃ: ۲۵۶-۲۵۷)

وما عمل لك الواحد يا حامل هٰذا الكتاب ابطلت بالواحد الاحد الذی لم يتخذون صاحبته ولا ولدا ہ وما عمل لك الاثنان ابطلته عنك بالثلث جبريل و ميكائيل و اسرافيل وما عمله الك الاربعة ابطلته عنك باربعة كتب النور والانجيل والزبور والفرقان العظيم وما عمه لك الخمسة ابطلته عنك بخمسين صلوة وما عمله لك الستة ابطلته عنك بستة ايام وما عمله لك اسبعة ابطلته عنك سبع سمٰوت وما عمه لك الثمانية ابطلته عنك ثمانية حملة العرش وما عمله لك التسعة ابطلته عنك تسع ايات وما عمله لك العشرة الكرام البررة تلك عشرة كاملة فلما القوا السحر و اعين الناس و استرهبو هم و جاء و بسحر عظيم قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۔ والمفسدات والساحرات و يحق الله الحق بكلماته وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ بل نقذف بالحق على الباطل فيدمغه فاذاهو زاهق ولكم الويل مما تصفون وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۔ واذا الاسحار بطلت وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۔ واذا الاسحار بطلت ۔ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۔ واذا الاسحار بطلت وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ واذا الاسحار بطلت وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ واذا الاسحار بطلت ۔ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ واذا الاسحار بطلت وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۔ واذا الاسحار بطلت ۔ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۔ واذا الاسحار بطلت ۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ قوله الحق وله الملك يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۠ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ العلی العظیم ۔

جب جادو سے جان کا خطرہ ہو تب یہ مندرجہ بالا عمل لکھ کر گلے میں ڈالا جائے اور کوئی صورت جان کی بچنے کی نظر نہ آتی ہو تو اس عمل کو مشتری کی ساعت میں لکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کسی چیز کا اثر باقی نہیں رہے گا۔

مریض کے جسم میں آسیب و جنات کو حاضر کرنے کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

مریض پر مسلط جن، آسیب یا شیطان کو مریض کے جسم میں حاضر کرنا ایک خطرناک کام ہے۔ یہ عمل صرف ماہر روحانی معالجین یا عامل جنات کو ہی کرنا چاہیے۔ عوام کو ایسے اعمال سے کوسوں دور رہنا چاہیے۔ اس طرح کے اعمال سے نقصان صرف مریض کو نہیں، بلانے والے کو بھی ہو سکتا ہے۔

جب بھی مریض پر حاضری کا عمل کریں، مریض پاک صاف اور باوضو ہو۔ کسی قسم کا کوئی تعویذ نہ پہنا ہو۔ عامل اپنا بدنی حصار لازمی کرے۔

دم کے ذریعے حاضری کا عمل

مندرجہ ذیل عمل پڑھ کر مریض کو دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب ظاہر ہوگا۔ اس کو چاہے گرفت میں لے لے یا اس کو قسم دے کر چھوڑ دے۔ وہ عمل مندرجہ ذیل ہے:

۱	سورۂ کافرون	ایک بار
۲	سورۂ اخلاص	ایک بار
۳	سورۂ فلق	ایک بار
۴	سورۂ ناس	ایک بار
۵	سورۂ قریش	تین بار
۶	فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ	ایک بار

عمل مکمل پڑھ کر دم کیا جائے۔ اگر ایک بار میں حاضری نہ ہو تو دم کرتا رہے۔ سات بار دم کرنا کافی ہے۔

سنگھا کر اور پلا کر حاضر کرنا

اگر کسی کو آسیب جنات وغیرہ ستاتا ہو اور اس کو حاضر کرنا ہو تو اس نقش کو لکھ کر فتیتہ بنائے اور سنگھائے یا پانی میں دھو کر پلائیں، ان شاء اللہ فوراً حاضر ہوگا اور ہم کلام ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

حضرت خواجہ سید حسن نظامی دہلوی رحمتہ اللہ

حزب البحر کے خاص اعمال

نقش تسخیر

زکریا

ک ص ہ ص

ی ص ع ص

مریم

یہ نقش حروف کھیعص کا ہے، جن کی حزب البحر میں تین بار تکرار آتی ہے اور جو سورۂ مریم کے شروع حروف مقطعات ہیں۔

جس طریقے سے یہ نقش بنایا گیا ہے ایسے ہی خانے بنا کر حروف لکھے جائیں، ترتیب یہ ہے کہ پہلے خانے میں پہلا اور آخری حرف، دوسرے خانے میں دوسرا اور آخری حرف تیسرے خانے میں تیسرا اور آخری حرف، چوتھے خانے میں چوتھا اور آخری حرف، اوپر کے خانے میں اسم زکریا اور نیچے کے خانے میں اسم مریم، یہ تعویذ محبت اور تسخیر کے واسطے نہایت مفید ہے اور اس کی زکوٰۃ اور نصاب مقرر ہے، چالیس دن میں سوا لاکھ تعویذ زعفران سے لکھے جاتے ہیں اور ان تعویذوں کی گولیاں بنا کر آٹے میں لپیٹ کر گولیاں مچھلیوں کے لیے دریا یا تالاب میں ڈالی جاتی ہیں۔ جب تک یہ نقش سوا لاکھ نہ لکھ جائے اور ٹھیک چالیس دن کے اندر یہ تعداد پوری نہ ہو، اس تعویذ کا نصاب پورا نہیں ہوتا اور نہ زکوٰۃ ادا ہوتی ہے۔

زکوٰۃ اور نصاب ادا ہونے کے بعد یہ تعویذ زعفران سے لکھ کر کسی کو کھلایا پلایا جائے تو وہ مسخر ہو جاتا ہے، اور اگر اپنے بازو پر باندھ لیا جائے تو ہر شخص کی نظروں میں عزت اور وقعت پیدا ہو جاتی ہے اور اگر اس تعویذ کو پانی میں گھول کر سرمہ اس میں حل کر لیا جائے تو جو شخص وہ سرمہ لگائے گا دوسرے اس کے مسخر ہو جائیں گے اور اگر یہ تعویذ لکھ کر کسی مطلوب کے تکیے میں سی دیا جائے تو وہ مطلوب مطیع ہو جائے گا۔ بہر حال تسخیر و محبت کے لیے اس نقش میں بہت عجیب تاثیریں ہیں اور اس کو عمل میں لانے کے فضائل اور محاسن دعائے حزب البحر کے ہیں، وہ بھی عامل کو میسر آتے ہیں اور ان کے علاوہ بھی بہت سی مفید تاثیریں عامل کے قبضے میں آجاتی ہیں، میں نے اس کو خود بھی آزمایا ہے اور دوسروں کو بھی بتایا ہے اور ہر شخص نے اس کو مفید پایا، میری طرف سے اجازت عام ہے۔

مقہوری اعداء: شاہت الوجوہ

یہ عمل دشمنوں کو مغلوب اور مقہور کرنے کے لیے مفید ہے، اگر کئی دشمن ہوں تو زیادہ اثر ہوتا ہے۔ مگر اس میں بھی وہی تاکید ہے کہ کسی کو ناحق نقصان پہنچانے کی کوشش نہ کی جائے اور پہلے اچھی طرح تحقیق کر کے سمجھ لیا جائے کہ جن لوگوں کے خلاف یہ عمل کرنا ہے وہ درحقیقت دشمن ہیں بھی یا نہیں۔ کیونکہ بعض اوقات سنی سنائی باتوں سے انسان غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور ان لوگوں کو دشمن سمجھ لیتا ہے جو درحقیقت دشمن نہیں ہوتے۔

اس عمل کی ترکیب یہ ہے کہ ٹھیک سورج کے زوال کے وقت جنگل میں جا کر جہاں لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو، سر ننگا کر کے ایک سو ایک دفعہ پڑھے اور آنکھیں بند کیے ہوئے کھڑا رہے جب ایک سو ایک دفعہ پڑھ چکے تو زمین پر قبلہ رخ بیٹھ جائے اور پانچ دفعہ داہنا ہاتھ الٹا کر کے زمین پر مارے اور زبان سے شاہت الوجوہ کہے اور دل میں دشمنوں کا خیال رکھے، یعنی ان کا تصور کرے اور پھر پانچ دفعہ بایاں ہاتھ الٹا زمین پر مارے اور ہر دفعہ زبان سے شاہت الوجوہ کہے، اس طرح تعداد حروف کے موافق دس روز تک یہ عمل کرے، کوئی پرہیز و احتیاط اس عمل میں نہیں ہے۔ دس روز کے بعد اس عمل کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اور جب کبھی اپنے دشمنوں کے لیے یا کسی دوسرے کے دشمنوں کے لیے دس دفعہ پڑھے گا، اس طریقے کے موافق کہ پہلے پانچ دفعہ داہنا ہاتھ الٹا زمین پر مارے اور پھر بایاں ہاتھ پانچ دفعہ الٹا زمین پر مارے، خدا نے چاہا دشمن مغلوب و مقہور ہو جائیں گے، اس کی اجازت بھی عام نہیں ہے، ذاتی اطمینان کرنے کے بعد اجازت دی جاسکتی ہے۔

تمام آفات و مصیبت سے حفاظت کی دعائیں

مرتب: محمد حنیف بن عبد المجیدؒ

۱)..... ہر پریشانی اور مصیبت سے نجات پانے کے لیے اس دعا کو کثرت سے مانگیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ

ترجمہ: (یا اللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو ہر عیب سے پاک ہے۔ بے شک میں قصوروار ہوں۔ (جامع الترمذی، الدعوات، الرقم: ۳۵۰۵)

جو شخص یہ دعا صبح شام سات سات مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے کافی ہو جائیں گے۔

۲) حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ (سنن ابی داؤد، الرقم: ۵۰۸۱)

ترجمہ: کافی ہے میرے لیے اللہ، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

۳) جو شخص یہ دعا صبح شام تین تین مرتبہ پڑھے، اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ترجمہ: اس اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جس کے نام کے ساتھ آسمان اور زمین کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے والا اچھی طرح جاننے والا ہے۔ (جامع الترمذی، الرقم: ۳۳۸۸)

۴) اَللّٰهُمَّ احْرُسْنَا بِعَيْنِكَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ، وَاكْنُفْنَا بِرُكْنِكَ الَّذِیْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنَا بِقُدْرَتِكَ عَلَيْنَا وَلَا نَهْلِكُ وَاَنْتَ رَجَاؤُنَا يَا اَللّٰهُ۔ (کرامات الاولیاء: ۱/۲۴۳)

ترجمہ: اے اللہ! ہماری حفاظت فرما اپنی اس آنکھ کے ذریعے جو کبھی نہیں سوتی اور ہماری حفاظت فرما اپنی اس قوت کے ذریعے جس کا تصور نہیں کیا جا سکتا اور ہم پر رحم فرما اپنی اس قدرت کے ذریعے جو تیری ہم پر ہے تاکہ ہم ہلاک نہ ہو جائیں اور اے اللہ! آپ ہی سے ہمیں امید ہے۔

۵)..... يَا مَنْ يَّكْفِیْ مِنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِیْ مِنْهُ اَحَدٌ يَا اَحَدَ مَنْ لَّا اَحَدَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ فَفَرِّجْ عَنِّیْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ وَاَعِنِّیْ عَلٰی مَا اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا قَدْ نَزَلَ بِیْ بِجَاهِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ

(جمع الجوامع، الرقم: ۲۱۸۳)

ترجمہ: اے وہ ذات جو ہر ایک کی کفایت کے لیے کافی ہے اور اس کے علاوہ کوئی کفایت نہیں کر سکتا۔ اے وہ تنہا ذات جس کا مثل کوئی نہیں۔ اے وہ ذات جو سب کا سہارا ہے اور اس کا کوئی سہارا نہیں، سب سے امیدیں ٹوٹ گئیں مگر ایک تجھ سے، نجات بخش دے مجھ کو اس مصیبت سے جس میں میں گرفتار ہوں اور مدد فرما میری اس مشکل میں جو مجھ پر آ پڑی ہے اپنی کریم ذات کے صدقے میں۔

۶) اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ اَللّٰهُمَّ اهْزِمِ الْاَحْزَابَ. اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ عَسَاكِرَ بَاكِسْتَانَ وَالْمُجَاهِدِيْنَ فِیْ سَبِيْلِكَ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا. وَاكْنُفْنَا بِرُكْنِكَ الَّذِیْ لَا يُرَامُ. وَاَعِنَّا وَلَا تُعِنْ عَلَيْنَا وَانْصُرْنَا وَلَا تَنْصُرْ عَلَيْنَا وَامْكُرْ لَنَا وَلَا تَمْكُرْ عَلَيْنَا وَاهْدِنَا وَيَسِّرِ الْهُدٰی لَنَا اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ نَشْكُوْ ضُعْفَ قُوَّتِنَا، وَقِلَّةَ حِيْلَتِنَا وَهَوَانَنَا عَلَی النَّاسِ. اِنَّهٗ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ۔

(جواہر الفقہ: ۳/۲۴۸)

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

برائے دسمبر ۲۰۲۱ء

روحانی تشخیص... (جگہ)

مکان/دکان/دفتر/سکول وغیرہ

کیا آپ کی جگہ پر جادو یا جنات کا اثر تو نہیں؟ یہ معلوم کرنے کے لیے جگہ کے ہر کمرے کے کپڑے ادارے کو بھجوائیں۔ ایک فٹ چوڑے اور دو انچ لمبے کپڑے لے لیں اور اس پر کمرہ کا یا جگہ کا نام لکھ لیں۔ پھر رات کو اس کمرہ/جگہ کے چاروں کونوں پر ملیں اور درمیان میں رکھ دیں۔ صبح دوبارہ ملیں اور ایک لفافے میں ڈال دیں۔ اسی طرح ہر کمرہ/جگہ کے لیے الگ کپڑا لیں۔ جتنے کمروں/جگہوں کی تشخیص کروانی ہے، وہ اسی طریقے پر کر کے ادارے کو ارسال فرمائیں۔ فی کپڑا تشخیص کی فیس پچاس روپے ہے مگر دسمبر کے مہینے میں فی سبیل اللہ، جتنی چاہیں جگہ کی تشخیص کروائیں۔

حاضری والے مریض کا علاج

جس مریض پر جن/آسیب/شیطان حاضر ہوتا ہو، اس کے لیے سرسوں کے آدھ پاؤ تیل پر خاص دم کروائیں۔ مریض کا نام مع والدہ اور شہر بتانا ضروری ہے کیونکہ دم اُسی مریض کی نیت سے ہوتا ہے۔ دوسرا کوئی استعمال نہیں کر سکتا۔ تیل خود لائیں یا کسی کو تیل دے کر روحانی علاج گاہ میں بھیج دیں۔ بصورت دیگر تیل کی قیمت وصول کی جائے گی۔

عام آسیبی مریض کا علاج

ایسے آسیبی مریض جن پر جنات/آسیب/شیطان حاضر نہ ہوتے ہوں، صرف اثرات ہوں، وہ خاص دم شدہ روحانی گنڈہ حاصل کریں۔ مریض کے قد کے برابر ست تار کچے نیلے سوتی دھاگے کے روحانی علاج گاہ بھجوائیں۔ مریض کا نام مع والدہ اور شہر بتانا ضروری ہے کیونکہ دم اُسی مریض کی نیت سے ہوتا ہے۔

مہلک جادو کا علاج

اگر کسی پر مہلک اور جان لیوا جادو ہے تو روحانی علاج گاہ سے مریض کے لیے پانی اور سرسوں کا تیل دم کروائے۔ پانی کی دو عدد ڈیڑھ لٹر کی بوتل اور سرسوں کا تیل ایک کلو لائیں یا بھجوائیں۔ مریض کا نام مع والدہ اور شہر بتانا ضروری ہے کیونکہ دم اُسی مریض کی نیت سے ہوتا ہے۔ دوسرا کوئی استعمال نہیں کر سکتا۔

رشتہ/شادی کی بندش کا علاج

جس لڑکے یا لڑکی کا رشتہ طے نہ ہوتا ہو، پسند کر جاتے ہوں لیکن بات نہ بنتی ہو، رشتے آتے ہی نہ ہوں، منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو تو اکیس (21) یوم کے خاص روحانی علاج سے فائدہ اٹھائیں۔ ان شاء اللہ، پابندی سے مکمل طریقے پر عمل کرتے ہوئے استعمال کریں گے تو ہر طرح کی رشتہ/شادی کی بندش ختم ہو جائے گی۔ اس علاج کے بعد فوری رشتہ دیکھنے کی دنیاوی تدابیر تیز کر دیں۔

نوٹ: یہ تمام روحانی خدمات صرف دسمبر ۲۰۲۱ء کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ صرف صاحب معاملہ ہی علاج منگوا سکتے ہیں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

تسخیرِ ہمزاد کے اعمال

ہمزاد سے باتیں کرنے کا خاص عمل

سب سے پہلے ایک ایسا مکان تلاش کریں کہ اس میں عامل کے سوا کسی اور کی آمدورفت نہ ہو یا کم سے کم عمل کے دوران اس مکان میں کسی اور کا آنا جانا نہ ہو۔ ترکِ حیوانات اور جلالی وجمالی دونوں پرہیزوں کے ساتھ اس عمل کی شروعات کی جائے۔ حصار اپنے گرد کر کے عمل شروع کریں۔ دوران عمل صندل، عود کی دھونی دیں۔ عطر وخوشبو وغیرہ کا استعمال کریں۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل کی ابتداء کریں۔

سب سے پہلے سورۂ یٰسین شریف پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ واقعہ پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ توبہ پڑھیں۔ تینوں سورتوں کی تلاوت کے بعد پانچ سو مرتبہ ان اللہ علی کل شی، قدیر پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھ کر سورۂ ناس سے سورۂ تکاثر تک کی تمام سورتیں پڑھیں۔ اس عمل کو لگاتار پانچ دن تک کریں۔ تیسرے روز آپ کے بدن پر کپکپی شروع ہو جائے گی۔ اس سے خوف نہ کھائیں۔ ایک دو ڈراؤنی صورتیں نظر آئیں گی۔ ان کے ہاتھ میں تلواریں ہوں گی لیکن آپ ان صورتوں سے خوف زدہ نہ ہوں۔ یہ حصار کے اندر داخل ہونے کی قدرت نہیں رکھتیں۔ پانچویں دن ایک نورانی بزرگ آپ کو شربت کا ایک پیالہ عطا کریں گے۔ بس یہی بات عمل کی کامیابی کی علامت ہے۔ شربت کا پیالہ پیتے ہی آپ عامل ہو جائیں گے۔ اس کے بعد آپ جب بھی پانچ مرتبہ ان اللہ علی کل شی، قدیر پڑھیں گے، ہمزاد کی آواز آئے گی "بولئے کیا بات ہے؟ حکم دیجئے کیا کرنا ہے؟ مقصد بیان کیجئے میں پورا کروں گا وغیرہ۔" اس طرح کی بات چیت ہمزاد آپ سے کرے گا لیکن کوئی نظر نہ آئے گا۔ چالیس روز کے بعد ہمزاد مجسم انسانی صورت میں سامنے آ کر بات چیت کرے گا اور آپ کے حکم کی تعمیل کرے گا۔

بغیر اجازت عمل کرنے کی غلطی نہ کریں۔

عمل ہمزاد

غلام قادر بلوچ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ عمل بڑا نہایت ہی مصدقہ ہے۔ ہمزاد کو مسخر کرنے کے لئے یہ بات ضرور نوٹ کر لیں کہ کوئی بھی نیک کام کریں، یہ کہہ دیا کریں آؤ ہمزاد فلاں کام کریں۔

مثلاً قرآن پاک کی آپ نے تلاوت کرنا ہے تو تلاوت سے قبل یہ کہہ دو "آؤ ہمزاد قرآن پاک کی تلاوت کریں"، اسی طرح نماز پڑھنا ہے تو یہ کہہ دو "آؤ ہمزاد نماز پڑھیں۔" بذا القیاس غرض یہ کہ جو کچھ دن بھر آپ کرتے ہیں، ایک بار ہمزاد کو ندا کرو۔ اس سے ہمزاد بہت جلد مسخر ہوتا ہے۔

عروج ماہ نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں۔ دوران عمل پرہیز جلالی وجمالی کے ساتھ عمل بجالائیں۔

چلہ کشی کے تمام آداب وشرائط کو ملحوظ خاطر رکھیں۔

ایک بڑا آئینہ جس میں عامل کے سینہ تک نظر آئے، اس میں دیکھ کر عمل پڑھیں۔

حصار چہاروں قل شریف تین تین بار اور آیت الکرسی گیارہ بار پڑھیں اور حصار قائم کریں۔

اول وآخر 11-11 بار درود شریف پڑھے اور عمل اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔

دوران چلہ جو کچھ مشاہدات ہوں انہیں کسی پر ظاہر نہ کریں۔

عمل بعد نماز عشا مقررہ وقت پر بجالائیں۔ حجرہ یا کمرہ، ماسوائے عامل کے دوسرا فرد داخل نہ ہوں۔ بخور لوبان جلائیں۔

اکتالیس یوم کا عمل ہے۔ آخری یوم ہمزاد حاضر ہوگا سوچ سمجھ کر قول واقرار کر لیں۔

عمل یہ ہے۔ "بسم اللہ الرحمن الرحیم یَا لَطِیْفُ یَامُؤْخِرُ یَا مُسَخِّر۔ اے میرے ہمزاد (نام عامل) حاضر شو حاضر شو۔"

مجرب اعمال

قیصر احمد بی اے (کراچی)

حصار لاثانی امانی

عبارت عمل: وَّيَنۡصُرَكَ اللّٰهُ نَصۡرًا عَزِيۡزًا

ترجمہ: اور اللہ آپ کی زبردست مدد کرے گا۔

طریقہ اولیٰ: اس عبارت عمل کو بعد از عشاء اکیس سو (۲۱۰۰) دفعہ، اکیس (۲۱) روز تک پڑھیں اور اگربتی جلا کر اور باوضو ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھیں اور تصور اللہ پاک کی رضا کا رکھیں۔

دوسرے طریقے کے مطابق گیارہ سو (۱۱۰۰) دفعہ، گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں۔ اگربتی جلا کر اور باوضو ہو کر اور قبلہ رو ہو کر پڑھیں۔ یہ دونوں طریقے آپ کی ہر قسم کی حفاظت کریں گے۔ ناگہانی آفات سے، بلیات سے اور زمینی آسمانی مخلوق کے شر سے بھی آدمی حفاظت میں رہتا ہے اور اللہ پاک بھرپور طریقہ سے مدد کرتے ہیں۔ جن کے اکثر کام الٹ ہوتے ہیں ان کے لئے لاجواب چیز ہے۔ کسی بھی عمل کو پڑھنے سے پہلے گیارہ (۱۱) دفعہ یہ حصار پڑھ لیں تو پھر عمل کسی بھی صورت میں رجعت میں مبتلا نہیں کرتا ہے۔

روحانی تحفہ

یہ تحفہ ایک روحانی ہستی کے ذریعے ملا ہے۔ یہ روحانی ہستی پہلے پہل تو مجھے خواب میں ظاہر ہوا کرتی تھی لیکن اب بیداری میں بھی بلانے پر حاضر ہوتی ہے اور میری ہر طرح سے روحانی مدد کرتی ہے۔ اس روحانی ہستی کے لیے میں نے کوئی چلہ نہیں کیا ہے بلکہ یہ ایک عطائے ربی اور اسرار الٰہی ہے۔

عمل:۔ شہتوت کے پتے اور بیری کے پتے ہم وزن لیں اور ان کو کوٹ چھان کر ملا لیں اور اس میں اپنی مرضی کے مطابق چینی بھی ملا لیں اور پھر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس دوائی پر 707 دفعہ یَا قَوِیُّ پڑھیں۔

تشریح: ہمارے ایک دوست کو جریان کی بیماری ہو گئی تھی اور وہ دن بدن کمزور ہو رہا تھا۔ اس دوست کے لئے میں نے اس روحانی ہستی سے پوچھا تھا۔ روحانی ہستی سے مراد نیک بزرگ کی روح ہر طرح سے رونمائی فرماتے ہیں، اس بزرگ نے یہ نسخہ بتلایا تھا جو میں نے خدمت خلق کیلئے لکھ دیا ورنہ یہ نسخہ میرے سینے میں 5 سال سے بند تھا۔

جریان بہت ہی خطرناک بیماری ہے، اس کے اثرات سے آدمی کھوکھلا ہو جاتا ہے اور مندرجہ ذیل علامات میں گرفتار ہو جاتا ہے۔

۱۔ خون کی کمی ہو جاتی ہے۔

۲۔ اس بیماری سے قوت باہ میں کمی ہو جاتی ہے۔

۳۔ چہرے پر پژمردگی ظاہر ہوتی ہے۔

۴۔ پیشاب کے بعد اور چلتے پھرتے قطرے آتے ہیں۔

۵۔ جب بھی کسی عورت کو مرد شہوت کی نگاہ سے دیکھتا، منی فوراً گرنے لگتی ہے اور کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں۔

۶۔ شہوت بہت ہی زیادہ تیز ہو جاتی ہے۔

۷۔ آنکھیں اندر کو دھنس جاتی ہیں۔

۸۔ حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔

جگہ کے دو (2) خاص حصار

خالد مقبول حفظہ اللہ

حفاظت کے اعمال، روحانی علاج میں بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ آج کے دور میں ان اعمال کی ضرورت بہت زیادہ ہوئی ہے کیونکہ شیطنیت اور سفلیات کے غلبے، گناہوں کی کثرت، تقویٰ میں کمی اور دیگر کئی وجوہات کی بنا پر حصار زیادہ دیر تک قائم نہیں رہتے۔ عموماً ایک حصار کا اثر بہت جلد ختم ہو جاتا ہے۔ صبح کا حصار شام تک چلنا مشکل ہو گیا ہے۔ اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ کئی طرح کے حصار کا علم ہو۔ کئی حصار کا عامل بنا جائے۔ پھر جیسی ضرورت ہو، ویسے استعمال کیا جائے۔

افراد کے ساتھ ساتھ جگہ کا حصار بہت ضروری ہوتا ہے۔ مگر اس میں بہت غفلت برتی جاتی ہے۔ عاملین اور مریض، عوام و خواص، عالم و جاہل کوئی بھی ہو، جگہ کے حصار پر توجہ نہیں دیتے۔ اس کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ جگہ پر بداثرات آنے کے بعد اس جگہ پر رہنے والے تقریباً سب افراد ہی متاثر ہو جاتے ہیں اور جب تک جگہ پر سے بداثرات ختم نہ ہوں، رہنے والے افراد مکمل طور پر صحت یاب نہیں ہو پاتے۔ ان کے حصار بھی صحیح کام نہیں کرتے۔ ان پر بداثرات ختم نہیں ہو پاتے اور وہ علاج کروا کروا کر تھک جاتے ہیں۔ پھر مایوس ہو جاتے ہیں۔ اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ جگہ کا مضبوط اور طاقتور حصار کیا جائے۔

مکان اور رہائش کا حصار

ایک مضبوط اور طاقتور حصار ہے جو ہر طرح کے جادو، سحر، جنات، شیاطین، آسیب، پری، نظرِ بد، حسد اور انسانوں کے شر سے حفاظت کے لیے بہت مفید ہے۔

1. درود تنجینا — اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ، وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ، وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ، وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ، وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ، فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ، اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ — گیارہ (11) مرتبہ
2. ''اللہ'' — تین سو ساٹھ (360) مرتبہ
3. سورۂ اخلاص.......... — ایک (1) مرتبہ
4. سورۂ یٰسین — ایک (1) مرتبہ
5. درود تنجینا — اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ، وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ، وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ، وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ، وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ، فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ، اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ — گیارہ (11) مرتبہ

اس حصار کو صبح ایک بار پڑھ کر اپنے مکان اور رہائشی علاقے کا حصار کر لیں۔ ان شاء اللہ، اگلی صبح تک ہر طرح سے حفاظت رہے گی۔

حصار کو پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کریں اور ساتھ ہی پانی پر بھی دم کر دیں۔ شہادت کی انگلی سے تصور میں مکان اور رہائشی علاقے کا حصار کریں۔ شام کو مغرب سے آدھ گھنٹہ قبل پانی چھڑکیں۔

شہادت کی انگلی سے حصار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دم کرنے کے بعد قبلہ رخ انگلی کریں اور پھر طواف کی سمت (الٹی گھڑی) انگلی کو گھما کر تصور میں حصار کر دیں۔

گھر، دکان، زمین کے حصار کے لیے

چور، آفت، بلیات اور دشمن کے شر سے گھر، دکان اور زمین کی حفاظت کے لئے سعد دن اور سعد وقت (قمر در عقرب نہ ہو) میں مٹی کے برتن پر سورۂ فیل لکھیں اور پھر برتن کو گھر، دکان اور زمین کے نیچے صاف جگہ پر دفن کریں۔ جب تک مٹی کا برتن باقی رہے گا، وہ مقام ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔

انتخاب: محمد عمیر

پسند کی شادی کا انجام

لڑکے لڑکیاں گھر والوں کے خلاف جا کر پسند کی شادی کرلیتے ہیں۔ عموماً یہ شادیاں کامیاب نہیں ہو پاتیں۔ ایسی ہی کہانی ایک لڑکی کی پڑھیے۔

شادی کو پندرہ سولہ دن ہی گزرے ہوں گے۔ وہ معمول کے مطابق کچن میں مصروف تھی۔ سخت گرمی میں بہت دل سے کھانا بنا رہی تھی۔ اتنے میں حمزہ کی آواز آئی'' ورکتنی دیر لگاؤ گی تم؟ یہاں بھوک سے میری جان نکل رہی ہے اور تم دو گھنٹے سے کچن میں گھسی ہوئی ہو!''

اس کا لہجہ غصے سے بھرپور تھا۔ دو دن قبل ہی اس کی نوکری چھوٹ گئی تھی۔ یہ شادی ان دونوں کی مرضی سے ہوئی تھی۔ اس لیے دونوں کا اپنے اپنے گھر والوں سے اب کوئی لینا دینا نہیں تھا۔

وہ حمزہ کے غصے کو سمجھ رہی تھی۔ وہ بولی'' آ رہی ہوں۔ بن گیا کھانا بس۔''

گرم گرم حلیم سے بھرا ہوا برتن اٹھائے وہ تیز تیز قدموں سے چلتی جیسے ہی کمرے میں داخل ہوئی، وہاں حمزہ غصے سے آگ بگولہ ہو پڑا تھا۔ وہ آگے بڑھ ہی رہی تھی کہ جلدی میں اس کا پاؤں ذرا سا پھسلا، وہ لڑکھڑا گئی اور گرم حلیم اس کے ہاتھ پر گرتے ہوئے زمین پہ پھیل گئی۔

اس کا ہاتھ جل چکا تھا۔ وہ درد سے تڑپ سی گئی۔'' حمزہ میرا ہاتھ جل '' اس کا جملہ ابھی مکمل بھی نہیں ہوا تھا کہ حمزہ اس کے سر پر آ پہنچا تھا۔

اس نے ثانیہ کو ایک زوردار تھپڑ جڑھ دیا اور وہ زمین پہ جا گری۔

وہ مکمل حیرانی میں زمین پر گرے ہوئے اسے نم آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔'' حمزہ!''

'' خاموش رہو بے کار عورت۔ کوئی کام تو تمہیں ٹھیک سے آتا نہیں۔ منحوس! آتے ہی اپنی منحوسیت پھیلا دی۔ میری نوکری چلی گئی۔ نہ دن کو سکون ہے نا رات کو۔''

'' حمزہ! میں اپنا سب کچھ آپ کے لیے چھوڑ کر آئی ہوں۔ آپ تو مجھ سے محبت کرتے تھے۔''

'' ہاں! دماغ خراب تھا میرا جو تم سے شادی کر لی میں نے۔ قسمت پھوٹ گئی تھی میری۔''

وہ جلے ہوئے ہاتھ پر دوپٹہ لپیٹ رہی تھی۔ وہ چپ رہی۔ سنتی رہی۔

'' تم جیسی عورت پہ یقین کرنا ہی نہیں چاہیے۔ جو میرے ساتھ بھاگ کر یہاں آسکتی ہے تو کل کو کسی اور کے ساتھ بھی جاسکتی ہے۔ اور لائی ہی کیا ہو تم؟ چند زیور تو اٹھا کر لا نہ سکی۔''

ان جملوں نے اسے مکمل طور پر توڑ دیا تھا۔ وہ روئی نہیں، کچھ بولی نہیں، بس زمین کو تکتی رہی جیسے اس کی نظر زمین پر جم ہی گئی تھی۔

پھر اچانک حمزہ نے اس کی بازو کو سختی سے تھام کر چیخنا شروع کر دیا'' اب اٹھ کر کچھ کھانے کو لا دو۔ یہیں پڑی رہو گی کیا؟''

وہ اٹھی اور کچن سے کھانا لا کر حمزہ کے سامنے رکھ دیا۔ حمزہ نے اسے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ وہ بیڈ پہ ٹک گئی۔ وہ مسلسل یہی سوچ رہی تھی کہ اس سے بہت بڑی غلطی سرزد ہوگئی، جس کی سزا اسے تمام عمر بھگتنا ہوگی۔ وہ اپنی سوچوں میں غرق تھی کہ حمزہ بولا'' یہ حلیم یقیناً پڑوس سے آئی ہوگی۔ بہت اچھی بنی ہے۔''

ثانیہ ایک گہرا سانس بھرتے ہوئے دھیمی سی آواز میں بولی'' امی کہتی تھیں ثانیہ تم حلیم بہت اچھی بناتی ہو۔''

دو آنسو اس کی آنکھوں سے پھسل کر اس کے جلے ہوئے ہاتھ پر گر گئے جو اب لال ہو چکا تھا۔ اس کا جملہ ہمیشہ کیلئے ادھورا ہی رہ گیا'' حمزہ! دیکھو نا میرا ہاتھ جل گیا۔''

نورانی پیالے

روحانی علاج میں استعمال ہونے والے خاص نورانی پیالے جن کو ہر کوئی استعمال کر کے فیض اٹھا سکتا ہے۔ کسی اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ طریقہ استعمال بھی بہت آسان۔ شرط صرف باوضو ہاتھ لگانا ہے۔ مختلف مقاصد کے لیے مختلف کلاموں کے نورانی پیالے مختلف سائزوں میں دستیاب ہیں۔

Size: 10cm Round, Rs. 100/-

Size: 8cm Round, Rs. 50/-

Size: 16cm Round, Rs. 240/-

Size: 12cm Round, Rs. 120/-

آیات شفا	ہر طرح کی بیماری کے علاج کیلئے۔
سورۂ یٰسین	جادو سے نجات، حصول برکت اور گھر والوں کی آپس میں محبت۔
سورۂ مریم	حصول اولاد، بانجھ پن، خوشحالی، دولت اور ہر بیماری سے صحت کیلئے۔
اسماء الحسنیٰ	برائے حصول ملازمت، حصول اولاد، حصول محبت، دل نرم کرنے کیلئے۔
سورۂ رحمٰن	جگہ پر رحمت، جنات سے نجات اور بڑی بیماری سے شفا۔
چاروں قل	جگہ و مریض کی جادو، جنات، آسیب اور نظر بد سے نجات۔
آیت الکرسی	جادو، جنات، خاص کر شیطانی نظر بد و اثرات ختم کرنے اور حفاظت کیلئے۔
سورۂ مزمل	کشائش رزق، ترقی کاروبار، مشکلات کے حل، دشمن سے نجات کیلئے۔

طریقۂ استعمال: پیالے میں پانی ڈال کر رات کو بسم اللہ پڑھ کر ڈھک کر رکھ دیں۔ صبح نہار منہ اور دن بھر وہ پانی استعمال کریں۔ اگر پانی چھڑکنا ہو تو چھڑک بھی سکتے ہیں۔ غسل ضروری ہو تو پیالے کے پانی کو غسل والے پانی میں ملا کر غسل بھی کیا جا سکتا ہے۔ پانی ہمیشہ ڈھک کر رکھیں۔ جب بھی ڈھک کر رکھیں، ہمیشہ بسم اللہ پڑھیں۔ بہتر ہے کہ روحانی معالج کی تجویز اور ھدایات کے مطابق استعمال کریں۔ پیالوں کے مختصر خواص درج ذیل ہیں:

روحانی ڈاکٹر

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

نکسیر

مریض کی پیشانی پر باوضو لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لکھنے سے ان شاء اللہ نکسیر بند ہو گی۔ (لکھتے وقت اعراب نہیں لگانے۔ انگلی سے بغیر سیاہی کے اور سیاہی کے ساتھ، دونوں طرح لکھ جا سکتا ہے۔

زبان کی سوجن

اکتالیس (۴۱) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کی جائے۔ زبان کی سوجن ختم ہو جائے گی۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا (فاطر:۴۱)

پائیوریا

مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ پائیوریا کا عارضہ جاتا رہے گا۔ منہ کی بدبو بھی ختم ہو جائے گی۔

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

(الانعام:۱۳)

منہ کی پھنسیاں اور چھالے

سورۂ کوثر اکیس (۲۱) مرتبہ بادام پر پڑھ کر اسے گھس کر پھنسیوں اور چھالوں پر لگایا جائے۔ ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائیں گے۔

موذی اور سخت مایوس کن بیماریوں کے لیے

''یاحیی'' موذی اور سخت مایوس کن بیماری میں مبتلا مریضوں کو زعفران کی سیاہی سے لکھ کر یہ نقش مبارک پلائیں اور روحانی عجائبات کا مشاہدہ کریں۔

عبارت نقش مبارک

یاحیی حین لاحیی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ

یاحیی یاحیی یاحیی یاحیی یاحیی

تلی کا بڑھ جانے کا علاج

یہ آیت مبارکہ کو بسم اللہ سمیت لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۭ (البقرۃ:۱۷۸)

گلے کی تکلیف کا علاج قرآن مجید کی تلاوت سے

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے آپ ﷺ سے گلے کی تکلیف کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا:

عَلَيْكَ بِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ (بیہقی)

ترجمہ: ''اس کا علاج یہ ہے کہ آپ قرآن مجید کی تلاوت کریں۔''

بلغمی امراض کے خاتمہ کے لیے

جس شخص کو بلغمی مرض ہو، وہ سات چھوٹی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں (ڈلیاں) لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی دم کرے اور روزانہ ایک کنکری تبرکاً منہ میں ڈالے۔ ان شاء اللہ عزوجل مکمل شفایابی نصیب ہو گی۔

زچگی میں آسانی

اللہ تعالیٰ نے سورۂ یٰسین کو قرآن کا دل فرمایا ہے۔ زچگی کے دوران تین دفعہ سورۂ یٰسین کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے زچہ کو پلانے سے زچگی میں آسانی ہو جاتی ہے۔

کھانسی کا علاج

کھانسی ہے، بلغم کی زیادتی ہے، ننھی ننھی نمک کی سات کنکریاں لو اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اور پھونک کر ساتوں کنکریاں پانی سے کھالیں۔ سات دن یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ برسوں کی کھانسی جاتی رہے گی اور بلغم کا پیدا ہونا بند ہو جائے گا۔

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)

بیگم کے باس اس کو بہت تنگ کرتے ہیں

سوال میری بیگم کے دفتر میں اس کا جو باس ہے، وہ عجیب شخص ہے۔ ہر وقت میری بیگم کے لیے کوئی نہ کوئی پریشانی کا کام کرتا ہے۔ شاید وہ یہ چاہتا ہے کہ اسے نکال دیا جائے۔ میری بیگم کی تعلیمی قابلیت اس سے کافی زیادہ ہے۔ شاید وہ احساسِ کمتری کا شکار ہے۔

اس سلسلے میں ایک عامل سے رابطہ کیا تو انہوں نے مجھے امنت باللہ کا عمل ایک سو ایک (۱۰۱) بار، گیارہ دن تک پڑھنے کو دیا۔ میں نے وہ عمل پڑھ لیا ہے۔ آپ چیک کرلیں کہ کتنا فائدہ ہوا؟ (ع، دبئی)

جواب محترم! آپ کا سوال بہت عجیب ہے۔ فائدہ کا علم جتنا آپ کی بیگم کو ہوگا، اتنا کسی اور کو کیسے ہوسکتا ہے۔ یہ سوال تو آپ کو اپنی بیگم سے کرنا چاہیے کہ گیارہ دن کا عمل ختم ہوگیا ہے۔ عمل شروع کرنے سے قبل اور ختم ہونے کے بعد کا موازنہ کرکے بتائیں کہ باس کا رویہ اب کیسا ہے؟

مزید غلطی یہ ہے کہ جس عامل نے آپ کو وظیفہ دیا ہے، بیگم سے اپ ڈیٹ لے کر ان کو بتائیں، نہ کہ کسی اور کو۔ یہ غلط طریقہ ہے۔

بندش کے اثرات ختم ہوگئے یا نہیں؟

سوال میری ملازمت کا مسئلہ ہے اور وہ نہیں مل رہی۔ بہت کوشش کرچکا ہوں۔ کئی عاملین سے علاج بھی کرواچکا ہوں۔ اصل بندش تو ختم ہوگئی ہے مگر کچھ اثرات باقی ہیں۔ ایک عامل نے مجھے امنت باللہ کا عمل ایک سو ایک بار پڑھنے کے لیے دیا ہے۔ گیارہ دن پڑھنا تھا۔ وہ مکمل ہوگیا۔ اب وہ کہتے ہیں کہ اثرات ختم ہوگئے ہیں مگر یہ پڑھائی جاری رکھیں تاکہ کروانے والی کی روک ہوسکے۔ آپ سے مشورہ کرنا ہے کہ کیا کروں اور دیکھ بھی لیں کہ بندش کے اثرات ختم ہوگئے ہیں یا نہیں؟ (ع، دبئی)

جواب بندش کے اثرات ختم ہوگئے ہیں۔ میری تشخیص میں ابھی کوئی آپ پر جادو نہیں کروا رہا۔ البتہ اگر وہ کہہ رہے ہیں کہ عمل کروانے والے کو روکنے کی نیت سے کچھ دن اور پڑھیں تو ضرور پڑھیں۔ یہ تو فائدہ کی بات ہے۔ ضرور اس کا انتظار کرنا ہے کہ پہلے وہ کروائے، پھر ہم اس کا توڑ کریں۔ ابھی سے اس کو روکنے کا انتظام کریں۔

شوہر پر شک..... نفسیاتی مسئلہ

سوال میری پوری فیملی اور گھر پر جادو کے بہت اثرات تھے۔ میرے سسرالی رشتہ دار نے ہم پر عمل کروایا۔ اس کا پتہ میرے شوہر کو بھی چل گیا ہے۔ ہم نے آپ کے ہی کہنے پر ایک عامل سے علاج کروایا ہے۔ انہوں نے دو ہفتے بعد کپڑے چیک کیے ہیں تو تمام کپڑے صاف ہیں۔ مگر میرا شوہر پر شک کرنے کا معاملہ ختم نہیں ہوا۔ اس سے میں بہت پریشان ہوں۔ کئی بار شوہر سے اس بات پر لڑائیاں ہوچکی ہیں۔ اب میں کیا کروں؟ (ن، راولپنڈی)

جواب آپ کا معاملہ پہلے بھی نفسیاتی تھا، اب بھی نفسیاتی ہے۔ میری آپ کے شوہر سے بات ہوئی اور انہوں نے بتایا کہ شادی کے آغاز سے ہی آپ ان پر شک کرتی آئی ہیں۔ اس وقت تو کوئی جادو نہیں تھا۔

جہاں تک جادو کا معاملہ ہے، الحمدللہ! وہ بہت حد تک ختم ہوگیا ہے۔ معمولی اثرات رہ گئے ہیں۔ ابھی دو ہفتے مزید علاج جاری رکھیں۔

جہاں تک آپ کے شک والی بیماری ہے، اس کا نفسیاتی علاج کروائیں۔ اگر آپ نے یہ نہ کیا تو پھر آپ کے گھر کو ٹوٹنے سے کوئی روک نہیں سکے گا۔ مرد کی برداشت کا امتحان نہ لیں۔ یہ خامی آپ کے اندر ہے۔ آپ کو ہی اس کا علاج کرنا ہے۔ سب سے زیادہ اس کو اہمیت دیں۔

گھر میں موجود آسیب پریشان کر رہے ہیں

سوال میں نے اپنے گھر کے اوپر والے حصے میں کنسٹرکشن کروائی اور اوپر کی منزل بنوائی۔ پہلے چھت تھی، کنارے پر ایک باتھ روم تھا جو بند رہتا تھا اور سالوں سے بند ہی تھا۔ جب کام کروا رہے تھے تو ایک مزدور سے اس باتھ روم میں پیشاب کیا۔ مستری نے کئی دن بعد بتایا کہ آپ کے باتھ روم میں اثرات ہیں۔ جس مزدور نے پیشاب کیا، وہ بہت سخت بیمار ہو گیا اور اس کا اب روحانی علاج ہو رہا ہے۔ اس وقت تک باتھ روم کو ختم کروا چکا تھا۔ میں نے مستری سے کہا کہ پہلے کیوں نہیں بتایا۔ خیر بات آئی گئی ہوگئی اور منزل تیار ہوگئی اور ہم رہنے لگے۔ میری بیوی اور بچوں کے کپڑے غائب ہو جاتے اور کبھی مل جاتے، کبھی نہ ملتے۔ اس کے علاوہ کچھ نہیں ہوتا تھا۔ آپ سے رابطہ کیا تھا تو آپ نے کہا تھا کہ معافی مانگیں اور مٹھائی چھت پر رکھ دیں۔ وہ میں نے رکھی تھی تو دو تین ماہ تک کچھ نہیں ہوا۔ پھر دوبارہ بھی کبھی ہوتا تھا۔ اس کے بعد مجھے سرکاری نوکری کی وجہ سے الگ گھر مل گیا اور میں وہاں شفٹ ہو گیا۔

نئے گھر میں چند دن تو خیر سے گزرے، اس کے بعد آہستہ آہستہ کچھ واقعات ہونا شروع ہو گئے۔ بچوں کی فٹ بال ساتھ والے گھر میں جا کر گری جب کہ بچوں نے نہیں پھینکی۔ بیوی کے کپڑے ساتھ والوں کے صحن میں گرے ہوئے ملے اور انھوں نے ہمیں واپس کیے۔ گھر میں بیوی اور بچی کے کپڑے کبھی غائب ہو کر ملتے تھے، مگر اب غائب ہوتے ہیں اور چیتھڑے چیتھڑے ہو کر ملتے ہیں۔ بیٹی ایک دن ڈر رہی تھی۔ اس نے اپنے چھوٹے بھائی کا ہاتھ پکڑا اور کہا میرے پاس لیٹے رہو۔ جب دوسری طرف دیکھا تو بھائی وہاں بھی کھڑا ہوا تھا۔

بیوی کے کندھوں پر بہت بوجھ رہنا شروع ہو گیا ہے۔ اب ڈر اور خوف والے حالات گھر میں ہو رہے ہیں۔ ہمیں ڈر ہے کہ کہیں کوئی قیمتی چیزیں غائب نہ ہو جائیں۔ مہربانی فرما کر مدد فرمائیں۔ (ج، بہاولپور)

جواب آپ کا معاملہ پہلے بھی چیک کیا تھا اور بتایا تھا کہ جنات ناراض ہیں اور وہ رہائشی تھے، ان کا گھر ٹوٹا۔ آپ کو مٹھائی رکھنے کا کہا تھا۔ آپ نے بھی ایک ہی بار رکھی۔ اس کے بعد رابطہ ہی نہیں کیا۔ جب تین ماہ آرام سے گزرے اور بعد میں دوبارہ واقعات شروع ہوئے تو بتانا چاہیے تھا۔

دوبارہ تشخیص میں یہ سامنے آیا ہے کہ جنات اب دشمنی پر اتر آئے ہیں۔ اگر آپ مٹھائی رکھنے کی پابندی کرتے رہتے تو معاملات میں بگاڑ نہ ہوتا۔ اس لیے میں نے رہائشی جنات میں سے ایک جن کو بلوایا اور اس سے بات کی اور سارے معاملے کی معلومات لی ہیں۔ اس کا کہنا ہے کہ اوپر والے حصے میں ہماری رہائش تھی، ہمیں تنگ کیا گیا، گھر بناتے وقت پاکی ناپاکی کا خیال نہیں رکھا۔ ہم اس لیے غصے میں آئے۔ ایک بار معافی مانگی اور خوراک دی۔ اس کی پابندی بھی نہیں کی۔ اس لیے اب تنگ کریں گے۔

میں نے ان سے صلح صفائی کی درخواست کی تو بڑی مشکل سے اس بات پر معاملہ طے ہوا ہے کہ تین ماہ پرانے والے گھر کی چھت پر ہر جمعرات کو دو تین بوٹیاں گوشت اور ہر جمعہ کو مغرب سے قبل دو تین مٹھائی رکھیں۔ ہم پیچھا چھوڑ دیں گے۔

نئے والے گھر میں آپ لوگ پڑھنے کا اہتمام نہیں کرتے۔ سورۂ بقرہ ایک ہفتہ میں ایک بار پڑھ کر یا پڑھوا کر پانی پر دم کریں۔ اس پانی کے چھینٹے لگوائیں۔ اور یہی پانی سب گھر والے پئیں۔ سامان پر بھی چھینٹے ماریں۔ ہر کمرے میں حصار کریں۔ اور یہ عمل تین ہفتہ لگاتار کریں۔ پھر حالات کی اطلاع کریں۔ یاد رہے کہ مٹھائی اور گوشت کا ناغہ نہ ہو ورنہ پھر صلح صفائی کا راستہ بند ہو جائے گا اور کچھ بھی نقصان ہو سکتا ہے۔

محمد زبیر اعوان

”وہ لڑکی جس کے ساتھ ایک جن نے شادی کر لی تھی“

قسط نمبر: ۲

مغرب کی اذان کا وقت ہو رہا تھا۔ ہم نے واپسی کی اجازت لی تو انہوں نے اگلی شام دوبارہ آنے کی ہدایت کے ساتھ ہی ہمیں الوداع کہا۔ ہم نے ان کے غریب خانے سے نکلتے ہی، اپنی اپنی راہ لی، وہ دونوں بہنیں اپنے گھر کو روانہ ہوگئیں تو میں بھی اپنے ٹھکانے کیلئے چل پڑا۔

ابھی راستے میں تھا کہ موبائل فون کی گھنٹی بج اٹھی۔ فون نکالا تو سکرین پر ماورا کا نمبر تھا۔ فون سنا تو وہ بہت ڈری ہوئی تھی اور اپنی طبیعت ایک مرتبہ پھر بگڑنے یعنی جنات حاضر ہو جانے کا بتانے لگی۔ ساتھ ہی درخواست کی کہ پیر صاحب سے رابطہ کریں اور جلد پھر مجھے فون کریں، اگر فون نہ سن پاؤں تو تب بھی مجھ سے ٹیلی فونک رابطے کی کوشش میں رہنا۔

جواباً میں نے اسے پیر صاحب سے خود رابطہ کرنے یا اُن کے ہاں فوری دوبارہ جانے کا مشورہ دیا تو وہ بولی ”میں اب اکیلی ہوں، آپ کچھ بھی نہ کریں، بس صرف ٹیلی فون پر میرے ساتھ رہیں“ فون پر اس کی عجیب و غریب سی آوازیں بھی سنائی دیں۔ تاہم اس دوران اس نے گاہے بگاہے کچھ نہ کچھ بول کر شاید اپنا دھیان بٹانے کی کوشش کی تھی۔ لیکن میری سانس خشک ہو چکی تھی۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ اب کیا کروں؟ ایک لمحے کیلئے یہ خیال بھی آیا کہ ٹیلی فون کال منقطع کر کے اپنا فون ہی بند کر دوں۔ اسے کچھ ہو گیا تو میرے لیے مشکل بن سکتی ہے لیکن اگلے ہی لمحے جب یہ خیال آیا کہ وہ اکیلی ہے اور مجھ سے صرف ٹیلی فون کال سننے کی استدعا کر رہی ہے تو اس کی بات ماننے میں کیا حرج ہے۔ لیکن دوسرے ہی لمحہ یہ خیال ذہن سے نکال دیا۔

میں نے ماورا سے رابطہ منقطع کر کے بے زاری سے ملک محمد بشیر سہروردی قادری سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ کچھ وقت اب یہ تکلیف تو برداشت کرنا ہی پڑے گی، اگر کسی کو ہم چھیڑیں گے اور اپنی منوانے کی کوشش کریں گے تو جواباً وہ بھی ہاتھ پاؤں تو مارے گا، ان کا جواب سنا تو مزید کسی سوال کی ہمت نہیں ہوئی۔ اگلے روز میں اپنی ڈیوٹی سے فراغت ملتے ہی ماورا کے ہاں پہنچ گیا اور اس کی کزن کے ہمراہ دوبارہ پیر صاحب ملک محمد بشیر سہروردی قادری کے پاس پہنچ گیا۔ ان سے درخواست کی کہ اگر ممکن ہو تو آپ مریضہ کو اس کے گھر پر ہی دم کر دیا کریں کیونکہ خواتین کیلئے اکیلے آنا مشکل ہوتا ہے لیکن انہوں نے کسی کے گھر جانے سے صاف انکار کر دیا، نہ صرف انکار کیا بلکہ اچھی خاصی سنا بھی دیں۔ پھر پہلے دن کی طرح دم شروع کر دیا۔ آج بھی ماورا کی طبیعت خراب ہوئی لیکن وہ پہلے دن کی نسبتاً ادب سے گفتگو کر رہی تھی۔ حاضری کے دوران جنات نے ماورا کی زبانی بتایا کہ وہ سیالکوٹ کے ایک قبرستان میں موجود بوہڑ کے درخت (جہاں سے ماورا واقف تھی اور اس کا بچپن گزرا تھا) سے آئے ہیں، جہاں یہ بچپن میں کھیلا کرتی تھی لیکن یہ ہمیں اکیلا چھوڑ کر لاہور آ گئی، ہم اسے اپنے ساتھ لے جانے کے لیے آئے ہیں، حاضر ہونے والے جن نے اپنا نام بھی بتایا جو مذہبی عقیدے کے لحاظ سے مسیحی تھا۔

ملک محمد بشیر سہروردی قادری نے اس کو کہا کہ وہ ماورا کو چھوڑ دے لیکن وہ نہ مانا تو ابتدائی طور پر اسے اس کے پیغمبر کا واسطہ دے کر واپس بھیج دیا گیا۔ پہلے روز کی طرح ماورا پھر کچھ دیر کیلئے نیند کی آغوش میں چلی گئی اور پھر اٹھ بیٹھی۔ اب اس کو بھی شاید اس مرحلے کا اندازہ ہو چکا تھا اور چہرے پر کوئی حیرانی نہیں تھی۔

اس دن بھی ایک دن کے وقفے سے آنے کی ہدایت ملی۔ ملک محمد بشیر سہروردی قادری نے دو ٹوک الفاظ میں کہا ”اگر تم سمجھتے ہو کہ یہ مستقلاً ابھی جان چھوڑ دے گا تو ممکن ہے یہ آسان نہ ہو۔ غیر مسلم جنات آسانی سے جان نہیں چھوڑتے، انہیں شرافت کی زبان سمجھ نہیں آتی اور ہم انہیں جلانے کے حق میں نہیں کیونکہ روز محشر ان کو جلانے کا بھی حساب دینا پڑے گا، یہ بھی اللہ

تعالیٰ کی ہی مخلوق ہیں'' میں ان کی منطق کچھ سمجھ اور کچھ نہ سمجھا۔ خیر ایک دن کے بعد ماورا کسی اور کے ساتھ پیر خانے جا پہنچی جہاں انہوں نے دم کیا تو پہلے حاضر ہونے والے عیسائی جن کی بجائے اب ایک ہندو جن حاضر ہو گیا۔ وہ ماورا کو دکھائی بھی دیا۔ حیران کن بات یہ تھی کہ اس جن نے بھی وہی پہلے والی کہانی دہرائی۔

یہی وہ دن تھا جب انکشاف ہوا کہ یہ کوئی ایک، دو نہیں بلکہ جنات کا پورا گروہ ہے جو ایک جگہ پر رہتے ہیں اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں، آتے جاتے ہوئے ان میں سے ہر کوئی بھی ماورا کو تنگ کرنے پہنچ جاتا ہے اور وہ اسے اپنی بیوی بنا کر رکھنا چاہتا ہے۔ جنات کا دعویٰ تھا کہ وہ ان کے نکاح میں ہے، حق زوجیت بھی ادا کرتے ہیں جس کی تصدیق، ورا نے بھی کی۔

ماورا کے بقول بعض اوقات جنات آنے کے بعد اس کو غسل کی ضرورت پڑ جاتی تھی۔ دم کا ایک سلسلہ چل نکلا تھا اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جنات نے بھی زیادہ تنگ کرنا شروع کر دیا۔ پہلے وہ ہفتے میں ایک آدھ دن آتے لیکن ماورا کو پہلے ہی ان کی آمد کا احساس ہو جاتا تھا تو وہ اپنی طبیعت کے بگاڑ کو دیکھتے ہوئے کسی اکیلے کمرے میں چلی جاتی تاکہ اسے زیادہ تکلیف نہ سہنی پڑے۔ اب چونکہ جنات کو بھگانے کی کوششیں شروع ہو چکی تھیں تو جواب میں وہ بھی چھیڑ چھاڑ سے باز نہیں آرہے تھے۔

اب ایک نئی پریشانی یہ کھڑی ہوگئی تھی کہ وہ کسی بھی وقت تنگ کرنے پہنچ جاتے تھے، ماورا کو پیر صاحب کے ریفرنس سے ہی ایک اور گھر میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا جہاں ان کی ایک مرید بھی رہتی تھی اور وہ بھی ہلکا پھلکا دم درود کرلیتی تھی، ایک دو دن بعد ماورا کو ضروری سامان سمیت رہائشی پلازہ کے اس نئے گھر میں منتقل کر دیا گیا، جہاں ابتدائی تعارف کے بعد گھر کی کرایہ دار مالکن کو ماورا کی صورتحال بارے آگاہ کیا گیا۔

چند ہی دنوں میں ماورا نے نئے گھر میں ایڈجسٹ کرلیا تھا لیکن اس پر جنات کا سایہ بدستور موجود تھا۔ اب طبیعت بگڑنے پر وہ خاتون اتنا کرلیتی تھی کہ جنات تھوڑی دیر گپ شپ کرنے کے بعد وہاں سے چلے جاتے تھے۔ (جاری ہے)

مجرب عملیات

شیخ العالمین حضرت مولانا امان اللہ صاحب نوراللہ مرقدہٗ

برائے دفعیہ جن

اگر کسی کے گھر جن کا اثر ہو یا جن وغیرہ آواز دیتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر دروازہ پر لٹکاؤ۔ ان شاء اللہ جن دفع ہو جائیں گے۔

نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بحق جبرئیل یا بدوح

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

عمل برائے ناف

اگر ناف ٹل جائے تو یہ نقش لکھ کر ناف پر باندھیں

ا	ب	ج	د
ہ	و	ا	ی
و	ور	ہ	ہ

حل المشکلات

ایک سو (۱۰۰) دفعہ بعد از نماز عشاء و فجر، مندرجہ ذیل آیت پڑھے اور اول و آخر درود شریف بھی پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے:

رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۞ (القمر:۱۰)

جدائی کے مجرب عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جدائی کا قرآنی عمل

وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

(المآئدۃ:٦٤)

چالیس (۴۰) یوم تک روزانہ دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھتا رہے۔ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھتا رہے اور جن کے درمیان عداوت مقصود ہو، ان کا نام بھی یو ے، پھر دعا مانگے۔ ناجائز محل میں نہ کرے ورنہ نقصان ہوگا۔

دشمنوں کو متفرق کرنے کے لیے

حضرت صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ اپنی کتاب رموز خاتم سیمانی میں تحریر فرماتے ہیں کہ مندرجہ ذیل وفق گندے انڈے پر شرف عطارد میں لکھیں پھر اس کو دشمن کے گھر میں توڑ دیں۔ پس اُس گھر والے متفرق ہو جائیں گے۔ اور کبھی بھی ایک جگہ جمع نہ ہو سکیں گے۔

	ط	
ز	ھ	ج
	ا	
و		ح
ب		د

نمک کی کنکریوں والا عمل

نمک کی سات کنکریاں لے کر دونوں شخصوں کے نام مع ان کی ماؤں کے نام کے ساتھ یہ آیت ہر کنکری پر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آگ میں ڈالے، دونوں میں جدائی ہو جائے گی۔ یہ عمل شنبہ یا سہ شنبہ کو کرنا ہے۔ وہ آیت یہ ہے:

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ (یس:۹)

ناجائز تعلقات ختم کرنے کے لئے

ڈاکٹر سید قمر رضا مشہدی تحریر فرماتے ہیں کہ ہر قسم کے ناجائز تعلقات ختم کرنے کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ کبھی بھی ناکامی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ لیکن اس بات کو مد نظر رکھیں کہ اگر آپ نے غلط جگہ تعلقات ختم کرنے کی کوشش کی تو آپ اس کی رجعت سے کبھی نہیں بچ سکتے۔

کسی بھی مہینے کی آخری منگل یا سنیچر کو دوپہر خالی مکان میں بیٹھ کر اول اپنا حصار کر یں۔ اس کے بعد ننگے سر یہ وظیفہ ایک ہزار دس (1010) مرتبہ پڑھیں "يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْقَهْرِ يَاقَهَّارُ" اور جن کے درمیان تعلقات ختم کرنے ہوں ان کا تصور کریں۔ تین (3) دن ایسا کریں، ان شاء اللہ کبھی ناکامی نہیں ہوگی۔

ناجائز محبت کرنے والوں میں جدائی

اگر دو شخصوں میں یا عورت اور مرد میں ناجائز محبت ہو تو اس کے لیے چاند کے مہینوں کی آخری تاریخوں میں بوقت زوال سورۂ قارعہ باوضو ایک ایک بار پڑھ کر مرد کے سیدھے (دائیں) پاؤں کی مٹی اور عورت کے الٹے (بائیں) پاؤں کی مٹی لے کر اس پر دم کرلے اور کسی ایک کے مکان کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عداوت ہو جائے گی۔ ناجائز مقصد کے لیے نہ کرے، نقصان ہوگا۔

دو آدمیوں کے درمیان عداوت

دو آدمیوں میں عداوت پیدا کرنے کے لیے سورۂ عصر کالی مرچ یا تھوڑی سی رائی پر اکیس (۲۱) مرتبہ دم کر کے گھر میں ڈال دیں۔

نوٹ: درج بالا کوئی بھی عمل ناجائز جگہ پر نہ کیا جائے۔

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف سات سلام اور چہل کاف کا عمل "پیرانِ پیر غوث اعظم حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ" سے منقول ہے۔ یہ عمل سایہ اور جادو کا خاص توڑ ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے لئے صرف اجازت کی ضرورت ہے۔ اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔ اس عمل کے ذریعے سے جنات، جادو ٹونہ اور نظرِ بد کا علاج کر سکتا ہے۔ چہل کاف کے عامل اور اہلِ خانہ پر جادو اور سایہ اثر نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سب محفوظ رہتے ہیں بشرطیکہ وہ اجازت لیتے وقت پہلے سے جادو اور جنات کے مریض نہ ہوں۔ چہل کاف وہ عمل ہے جو عاملین میں بہت مقبول ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کا ماہرانہ استعمال کرنا آتا ہو۔ اسلحہ تو بہت لوگوں کے پاس ہوتا ہے مگر اچھی طرح چلانا کسی کسی کو ہی آتا ہے۔ یہی روحانی اسلحہ کا بھی معاملہ ہوتا ہے۔ اگر اسلحہ کو صحیح استعمال نہ کرنا آتا ہو یا پھر بوقت ضرورت پاس نہ ہو، بیشک سامنے رکھا ہو، تو دشمن مار جائے گا۔ اس لئے دنیاوی اسلحہ کی طرح روحانی اسلحہ کو بھی ہر وقت لوڈ رکھنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت فوری استعمال کیا جاسکے۔

اجازت کون لے روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، ایسے مریض جو عرصہ سے جادو اور جنات کی پکڑ میں ہوں، جو لوگ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جادو اور جنات سے حفاظت چاہتے ہوں، جادو اور جنات سے متاثرہ لوگوں کا علاج سیکھ کر کرنے والے افراد، خود کو اور اپنے گھر والوں کو جادو اور جنات سے خود عمل کر کے نجات دلانے والے افراد۔

اجازت لینے کے فائدے اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام چہل کاف کے پیچھے جو جنات ہیں، ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے، مختصراً چند درج ذیل ہیں:

ہر قسم کے جادو کا علاج	ہر طرح کی بندشوں سے نجات	ہر طرح کے جنات سے نجات	مسلط جن کو حاضر کرنا	جنات کو جلانا
جسم سے جادو و جنات نکالنا	روحانی تشخیص	[illegible]	زبان بندی اور جدائی	مختلف بیماریوں کا علاج
تسخیر و ... کے لئے	ہر مقصد کے لئے			

اجازت لینے کے بعد کیا حاصل ہوگا اس عمل کے لئے کسی چلہ کشی کی شرط نہیں ہے۔ اجازت لینے کے بعد آپ کو سات سلام اور چہل کاف کی ایک معمولی تعداد روزانہ (جب تک عمل رکھنا چاہیں) پڑھنی ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے آپ کی روزانہ حاضری لگتی رہے گی اور اس عمل کے پیچھے جنات آپ کی بوقت ضرورت مدد کریں گے۔ اس عمل کے پیچھے چونکہ جنات کی ایک بڑی تعداد ہے، اور وہ سب ہی جادو اور جنات کے علاج کرنے میں ماہر ہونے کے ساتھ دیگر دنیاوی کاموں میں بھی معاون ہوتے ہیں۔ اس لئے روزانہ پڑھتے رہنے سے وہ بھی مدد کو تیار رہتے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ جب پولیس کی ضرورت پڑتی ہے تو 15 پر کال کی جاتی ہے۔ کون آتا ہے؟ اس کا کوئی نہیں سوچتا، بس آنا چاہئے۔ اسی طرح جب اجازت یافتہ پڑھتا ہے تو اس کی کال بھی چہل کاف والوں کو جاتی ہے اور وہ آتے ہیں اور جس کام کے لئے پڑھا گیا ہوتا ہے، اس میں معاونت کرتے ہیں۔ اگر کسی کی نظر کھلی ہو تو اس کو جنات واضح نظر بھی آتے ہیں۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔

ھدیہ 5100 روپے

فیصل حمید نقشبندی صاحب کی نئی تصانیف جو عاملین کیلئے مشعلِ راہ ہیں

صدیوں پرانے عملیات جنتر منتر اور سریانی، عبرانی اور ہندی اعمال جو برسوں سے آزمودہ ہیں۔ ان عملیات میں چلہ کشی کی ضرورت نہیں۔ سو فیصد سدھ عملیات کا نادر خزانہ ہے

عمل حفاظت اثرات آسیبی اثرات ☆ بیماری و باندھنا ☆ سفلی حاضرات ☆ نظر بندی مجرب ☆ حاضری مطلوب با موکل ☆ حب سفلی ☆ تسخیر ہمزاد ☆ تباہی و بربادی بغض و تفریق ☆ حاضری جنات (آسان ترین عمل) ☆ نظر بندی سفلی ☆ سورۃ الکوثر برائے حب ☆ زبردست حصار سلیمانی ☆ یک جن کی حاضری (وقتی فوری حاضری) ☆ کھیتر پال کی حاضری ☆ کنوئے کی حاضری ☆ دشمن شکست ضرب ☆ موہنی برائے تسخیر خلق ☆ حاضری ابلیس شیطان ☆ تسخیر محبت بذریعہ کال بھیرو ☆ دشمن کو برباد کرنا ☆ حب وود ☆ حب نارسنگھ ☆ گورکھ منتر برائے محبت ☆ حب شیطان ☆ حب شیطان (ایک اور عمل) ☆ محبت سفلی ☆ کھیتر پال کی حاضری ☆ کالا کلوے کا عمل محبت ☆ حب سفلی (کالا جادو) ☆ خفیہ محبت (ایک دن کا عمل) ☆ حاضری مطلوب ☆ زبان بندی کا عمل ☆ حاضری موہنی دیوی ☆ وسعت رزق ☆ محبت کا خاص عمل ☆ جو کہو گے وہی ہونے گا ☆ خاتمہ دشمن ☆ عمل ڈھائیہ حب وود ☆ تسخیر کال بھیرو ☆ دشمن کو جوتے مارنا ☆ ہلاکت دشمن ☆ کسی بھی عمل کا چلانے کیلئے ☆ صرف عورتوں کیلئے ☆ دشمن کو جوتے مارنا ☆ تسخیر چندا جوگنی ☆ حاضری شیطان ☆ دلوں کے راز معلوم کرنا ☆ حب سفلی ☆ ڈھائیہ حب وود ☆ حاضری مطلوب ☆ جن مسلط کرنا ☆ علم و عمل کھولنا ☆ مطلوب کے ہوش و حواس باندھنا ☆ دشمن کیلئے ☆ محبت کا عمل۔

عملیات تسخیرات محبت (نئی کتاب)

مصنف: فیصل حمید نقشبندی

(صفحات: 72)

علویہ محبت اور تسخیر کا خزانہ نایاب

(قیمت: 3500 روپے) (خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ 6000 روپے)

حب و تسخیر کے ایسے موہنی عملیات جو نہ آپ نے دیکھے ہوں گے نہ پڑھے ہوں گے۔ تمام کے تمام عملیات سدھ ہیں اور طریقہ و ترکیب سے کرنے پر فوری اثر کرتے ہیں۔ حب کے متلاشی حضرات کے لیے ایک تحفہ نایاب۔

عورتیں مرد کو قابو کریں ☆ محبت کا عمل ☆ محبوب محبت مانگے ☆ منتر برائے حب ☆ موہنی حب تسخیر ☆ حاضری موہنی ☆ محبوب کو قابو کرنا ☆ تسخیر ☆ خاص عمل موہنی دیوی ☆ تسخیر موہنی دیوی ☆ حب ونگ ☆ حب موہنی ☆ حب [illegible] ☆ موہنی حب بنگالی ☆ عشق موہنی ☆ سفلی حب موہنی ☆ موہنی وشی کرن ☆ مطلوب مطیع ☆ موہنی منتر محبت ☆ موہنی تسخیر نکاح ☆ موہنی وشی کرن ☆ موہنی نکاح منتر ☆ حاضری مطلوب شادی موہنی ☆ موہنی تسخیر ☆ موہنی خاوند کو دیوانہ بنانا ☆ موہنی تسخیر مطلوب ☆ موہنی حب ☆ [illegible] موہنی ☆ ہنومنت موہنی ☆ موہنی پان ☆ الائچی موہنی ☆ تیل موہنی ☆ لونگ مٹی موہنی ☆ موہنی مجرب ☆ جلب موہنی ☆ محبت کا مجرب عمل ☆ عزیمت حب ☆ حب سفلی ☆ محبت کیلئے ☆ جلب و محبت سفلی ☆ جلب [illegible] ☆ طلسم حب ☆ عمل طلسم حب ☆ محبت سفلی ☆ حب مجرب ماہوں والا عمل ☆ تسخیر و محبت ☆ حب شمع ☆ محبت و شادی ☆ حب زوجین ☆ حب نقوش ☆ عمل حب [illegible] ☆ طلسم حب ☆ حاضری مطلوب ☆ حب عطر۔



اصراف عامر نئی ہال ☆ برہتیہ سفلی ☆ زکوۃ نادو طریقہ ☆ قسم بلیس کامل ☆ قسم سلیمانی اصل ☆ [illegible] ☆ عزیمت مطلوب ☆ شیطان جن کی حاضری ☆ تسخیر و حاضری شانی ☆ حاضری موہنی دیوی ☆ [illegible] ہر کام سیے ☆ محبت کا حاضری والا عمل ☆ طلسم خاص حاضری مطلوب ☆ طلسم خاص حب ☆ طلسم محبت ☆ محبت خاص ☆ اندھا کرنا (نظر بند کرنا) ☆ عمل چندو رام ☆ حب مجرب ☆ جنات کی حاضری (صدری عمل) ☆ دعوت طلسیمنا و صیمنا ☆ تسخیر ہمزاد ☆ بندش [illegible] ☆ جلب السحر (تعویذ جادو نکالنے کا عمل) ☆ نظر بندی مجرب ☆ قضائے حاجات ☆ سورۃ المزمل با موکل ☆ محبت زوجین ☆ منتر خاص محبت ☆ سفلی عمل محبت ☆ جدائی و طلاق ☆ حب سفلی ☆ وقتی حاضری جن ☆ کالی دیوی ایک رات کا عمل ☆ محبت کا مسان ☆ پھول والا موہنی منتر ☆ حب وود ☆ شیطانی عمل حب ☆ دشمن ویران عمل (صرف جائز جگہ) ☆ دعائے گنج کامل ☆ حاضری لعل بخش بھیر سفلی ☆ حاضری بھیرو ☆ غیب سے مال و دولت ☆ بندش حب ☆ عمل موہنی ☆ موہنی برائے حب ☆ ہمزاد قلندری ☆ منتر خاص محبت ☆ حب بنگالی منتر

سات سلام چہل کاف

ہدیہ 5100 روپے

عاملین اپنے مریضوں کو اجازت دلوائیں اور اپنی شہرت میں اضافہ کریں

سات سلام اور چہل کاف کا عمل ایک خاص عمل ہے جس کی اجازت جاری ہوتے ہی جنات کی معاونت حاصل ہو جاتی ہے۔ الحمدللہ! بہت عاملین اپنے مریضوں کو اجازت دلوا رہے ہیں اور ان کی شہرت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اُن کو کوئی محنت نہیں کرنی پڑتی اور مریضوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ خاص کر جادو اور جنات کے مریضوں کو بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ آج کے مصروف ترین دور میں مریضوں کے لیے محنت کرنا، راتوں کو ان کے لیے پڑھنا ممکن نہیں رہا۔ اس کا واحد حل مریضوں کو ایسے اعمال کی اجازت دلوانا ہی ہے، جو عاملین کے عمل ہوں۔ ہمیں صرف نام معہ والدین اور شہر بتانا ہوتا ہے۔ باقی سارے معاملات عامل اور مریض کے درمیان ہوتے ہیں۔

"یا حافظ یا حفیظ" کے حصار کی خاص اجازت

ہر قسم کی آفات و بلیات، جادو، جنات، نظر بد، شیطان وغیرہ سے حفاظت کے لیے بہت مجرب ہے۔ خصوصاً ایسے مریض جو جادو جنات کا علاج کروا رہے ہوں اور بار بار اثرات واپس آ جاتے ہوں۔

روحانی درس گاہ سے خاص اجازت حاصل کریں اور بغیر چلہ کشی کے مریض اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔ خاص اجازت ملتے ہی غیبی مخلوق کی معاونت بھی شروع ہو جاتی ہے۔ **الحمدللہ!** کئی عاملین نے اپنے مریضوں کو اجازت دلوائی اور بہترین نتائج پائے۔ صرف مریض کا نام معہ والدین اور شہر ہمیں بتائیں، باقی تمام معاملات خود کریں۔ جو لوگ چلہ کشی کرنا چاہتے ہیں، وہ بغیر فیس اعمال کا کوپن پُر کر کے چلہ منگوا سکتے ہیں۔

ہدیہ 2100 روپے

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ
0309-7772775, 042-35410586
ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 | ruhanidarsgah97

لوح برج قوس حاکم سیارہ مشتری

یہ لوح ان تمام افراد کیلئے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 23 نومبر تا 22 دسمبر ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (ف) سے شروع ہوتا ہے۔

اس اسم کی برکت سے دوزخ کے ساتوں دروازے مومنین پر بند ہوتے ہیں۔

خواص لوح قوس

برج قوس کی یہ لوح سیر و سیاحت کرنے والے افراد کیلئے نفع بخش ثابت ہوتی ہے۔ بطور پرائیویٹ سیکرٹری کام کرنے والے افراد اور سیاستدانوں کیلئے اچھی شہرت کی ضامن ہے۔ یہ لوح مال و دولت اور خوش بختی کو اس طرح کشش کرتی ہے جیسے لوہے کو مقناطیس۔ اقتصادی بدحالی کو ختم کرتی ہے۔ حصول ملازمت، حصول رشتہ، پیغام نکاح، بیرون ملک سفر جیسے امور میں خضر راہ ثابت ہوتی ہے۔ پبلسٹی کا کام کرنے والے افراد، ماڈلنگ کا کام کرنے والے افراد کیلئے خوش قسمتی لاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم 786 بار

قیمت: 270 روپے۔ فی کاپی (100 تعویذ) بڑا سائز

قیمت: 90 روپے۔ فی کاپی (100 تعویذ) درمیانہ سائز

ہر جائز مقصد کے حصول ◦ ہر پریشانی سے نجات ◦ ہر مرض سے شفاء ◦ اللہ کی رحمت کے لیے ◦ برکت کے لیے ◦ ہر طرح کی بندش سے نجات ◦ ہر طرح کے جادو کا توڑ ◦ ہر طرح کے جنات سے نجات ◦ رزق کی فراوانی ◦ آمدنی میں اضافہ ◦ کاروبار کی ترقی، مال زیادہ اور جلد بکنا ◦ رشتہ جلد اور اچھی جگہ ہونا ◦ تعلیمی میدان میں کامیابی ◦ امتحان میں کامیابی ◦ عہدے میں ترقی ◦ زندگی کے مختلف معاملات میں کامیابیاں اور ترقیاں ◦ محبت کا حصول ◦ تسخیر خلائق کیلئے اس تعویذ کو استعمال کریں۔

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0333 4312272 | ruhani.shop | ruhani-shop

اپنی زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے اور ناکامیوں اور شرور سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کے لئے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ تمام الواح ''کاغذ'' سے تیار کردہ ہیں۔ آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں

لوح شرف زہرہ

شرف زہرہ کے خاص وقت کا عاملین کے ساتھ ساتھ عوام الناس کو بھی بہت شدت سے انتظار ہوتا ہے۔ چونکہ یہ وقت کئی اعتبار سے بہت ہی قیمتی وقت ہوتا ہے۔ اس خاص وقت میں تسخیر، کاروبار، رزق، روزگار، عزت وشہرت ومقبولیت، آمدنی میں اضافہ وغیرہ کے لئے، عمل تیار کیے جاتے ہیں۔ جن کا ہر طریقے سے بہت اچھا رزلٹ ملتا ہے۔ تو آپ سب کیلئے اس بار ہم شرف زہرہ کے موقع پر آپ کے سامنے ایک خاص لوح پیش کر رہے ہیں۔

لوح بنوانے کے چند خاص فوائد!

تسخیر خلائق، گاہکوں کارش، کاروبار میں ترقی، روزگار میں وسعت، آمدنی میں زبردست اضافہ، حلقہ احباب میں وسعت، عزت وشہرت، مقبولیت میں اضافہ، عوام خواص میں پذیرائی وغیرہ وغیرہ۔

ہدیہ لوح شرف زہرہ: 1600 روپے

لوح رجعت

ہر ایک چیز، ہر ایک فعل، ہر ایک عمل، ہر ایک مشینری، ہر ایک کام، ہر ایک سواری، ہر ایک گاڑی، ہر ایک فروٹ، ہر یک سبزی، ہر ایک دوائی اور میڈیسن الغرض ہر ایک چیز کے استعمال کے کچھ اصول، کچھ قواعد، کچھ ضوابط، کچھ آداب، کچھ رعایت، کچھ احتیاط، کچھ تحفظات، کچھ معاملات، کچھ طریقہ کار ہوتے ہیں۔ اگر ان کا خیال نہیں رکھیں گے، بے خیالی کریں گے۔ بے اعتدالی کریں گے۔ ضابطے سے ہٹ کر کریں گے۔ قاعدے اور قانون پر عمل نہیں کریں گے۔ تو رجعت لازمی ہوگی۔ ضرور ہوگی اور یہ لوح ہر طرح کی رجعت، ہر ایک قسم کی رجعت، ہر عمل کی رجعت، ہر وظیفہ کی رجعت میں مبتلا لوگوں، عوام الناس، عاملین، روحانی معالجین کیلئے بہتر بھی ہے۔ فائدہ مند بھی ہے۔ مؤثر بھی ہے۔ مجرب بھی ہے۔ آزمودہ بھی ہے اور روحانی لوگوں کیلئے ازحد ضروری بھی ہے۔

(ہدیہ: 1600 روپے)

لوح شادی

سویرے کی جانے والی ورزش جسمانی اعضاء کو چست کرتی ہے اور کام میں پھرتی لاتی ہے۔ کیونکہ انہیں اپنے آپ سے پیار ہوتا ہے اس لیے وہ سستی، کاہلی اور ہڈحرامی کو اپنے قریب بھی نہیں آنے دیتے بلکہ زندگی میں اپنی کامیابی کو برقرار رکھنے اور اسے بڑھانے کے لیے ہمیشہ مثبت کام ہی انجام دینا پسند کرتے ہیں۔

◆ زندگی میں حیرت انگیز اور شاندار کامیابی اور دوسری اس قسم کی چیزیں حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنی زندگی میں لفظ "متوازن" کی اہمیت سے آگاہ ہوں۔ کیونکہ کامیاب افراد ہی ہمیشہ اپنی زندگی میں ہر چیز خواہ وہ پیسہ ہو یا وقت یا ان کے ذاتی اغراض و مقاصد ہر جگہ بیلنس رکھتے ہیں۔ اس سے وہ کسی قسم کی کوفت کا شکار نہیں ہوتے اور ان کی زندگی کے تمام کام بخوبی انجام پاتے ہیں۔

◆ کامیاب افراد ہمیشہ پازیٹو چیزوں پر فوکس رکھتے ہیں، وہ ہر قسم کی صورت میں ہمیشہ پرامید ہی رہتے ہیں اور چیزوں کا مثبت پہلو ہی ان کی سوچ اور عملی زندگی کا حصہ ہوتا ہے۔ حال ہی میں کی گئی ایک سائنٹفک ریسرچ کی ایک اسٹڈی میں بتایا گیا ہے کہ جو ڈاکٹر پازیٹو ذہن اور مثبت موڈ کے ساتھ کسی مرض کی نشاندہی کرے گا تو اس کے اثرات بھی مثبت ہی ہوں گے یعنی وہ عام ڈاکٹر کے طریقہ علاج یا Diagnoses سے بیس فیصد تیزی سے کام کرے گا۔ ایسا اس لیے ہوگا کہ اس کا ذہن کسی بھی قسم کے منفی خیالات اور سوچوں سے بالاتر ہو کر اپنے کام کو مثبت انداز میں لے کر انجام دے گا۔

◆ کامیاب افراد کی زندگی کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہوتا ہے کہ وہ اپنی "پروگریس" پر ہر طرح سے نظر رکھتے اور خیال رکھتے ہیں۔ اپنی زندگی کے مقاصد طے کرتے ہیں ان کی جزئیات پر کس طرح عمل درآمد کیا جا سکتا ہے۔ بعدازاں اس کے کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں اور ان میں ان سے کہاں غلطیاں ہو سکتی ہیں۔ اپنی غلطیوں سے بھی سبق سیکھنا اور انہیں دہرانے کی کوشش نہ کرنا بھی ایک کامیاب فرد کی علامت ہے۔ وہ اس بات سے بخوبی آگاہ بھی ہوتے ہیں کہ انہیں اپنے لیے ایک ایسے جرنل یا ڈائری لکھنی چاہیے جس میں وہ اپنی ذات کے حوالے سے کمزوریوں اور مثبت پہلو کی تفصیلات لکھیں اور گاہے بگاہے ان کا جائزہ بھی لیتے رہیں۔ بسا اوقات یہ نوٹ بک یا ڈائری ان کی زندگی کی سب سے بڑی اور اہم ضرورت بھی بن جاتی ہے۔ اس لیے ایک کامیاب انسان وہی ہے جو بروقت اپنی خوبیوں کے ساتھ خامیوں پر بھی نظر رکھے اور ان سے سیکھے۔

◆ اپنی کامیابی کو برقرار رکھنے کے فن سے کامیاب افراد بخوبی آگاہ ہوتے ہیں، وہ جانتے ہیں کہ اپنی کامیابیوں کے وہ خود ہی ذمہ دار ہیں اور یہ خوش قسمتی ان کے لیے جادوئی طریقہ سے نہیں آئی ہے وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ انہوں نے اس کامیابی کو کس جدوجہد اور محنت سے حاصل کیا ہے۔ کامیاب افراد اپنے مقدر کے ماسٹر بھی کہلاتے ہیں۔ ایسے افراد پُر تکلف ہونے کے ساتھ ساتھ دوسروں پر اثرانداز ہو جانے والی خصوصیات کے بھی حامل ہوتے ہیں، وہ جانتے ہیں کہ اپنے اردگرد کے ماحول کو کس طرح سے کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔

◆ کامیاب افراد کے دوست بھی اپنی زندگی یا پیشہ ورانہ لائف میں کامیاب ہی ہوتے ہیں۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ کامیابی، کامیابی کو کھینچتی ہے۔ اس لیے ایسے افراد اپنے جیسے لوگوں کی کمپنی میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ وہ دوسروں کو بھی کامیابی کی طرف راغب کرتے ہیں۔ ایپل کمپنی کے بانی اسٹیو جابز ہمیشہ تخلیقی ذہن رکھنے والے افراد کو ان کی تخلیقی صلاحیتوں کی بناء پر کامیابی کی طرف راغب کرنے میں ہمیشہ پہل کرتا تھا، اس کا کہنا تھا کہ تخلیقی ہنر یا کام مختلف چیزوں سے جڑا ہوا ہوتا ہے کیونکہ جب آپ کسی تخلیق کار سے پوچھتے ہیں کہ اس نے یہ کس طرح تخلیق کیا تو وہ جواب دینے میں ہچکچانے لگتا ہے کیونکہ اس نے عملی طور پر کچھ نہیں کیا ہوتا بلکہ اس نے اپنے اردگرد کے ماحول اور چیزوں کا مشاہدہ کر کے اپنے کام کو تخلیق کیا ہوتا ہے۔

◆ کامیاب افراد اپنے روزمرہ کاموں کا شیڈول مقرر کرتے ہیں اور سختی سے اس کی پابندی کرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ وقت کے صحیح استعمال سے واقف ہوتے ہیں۔

اولاد کی اخلاقی تربیت کے طریقے

مولانا محمد عبدالمعبود صاحب مدظلہ

سابقہ شمارے میں اخلاقی تربیت کے حوالے سے چار بری عادات کے نام دیئے تھے۔اب تفصیل بیان کی جارہی ہے:

ا...... جھوٹ کی عادت

اسلام کی نظر میں سب سے بری خصلت جھوٹ بولنا ہے۔چنانچہ جھوٹ کی برائی کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ اسلام نے اسے نفاق کی خصلتوں میں شمار کیا ہے۔جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص میں یہ چار باتیں پائی جائیں وہ خالص منافق ہوگا۔اور جس میں ان میں سے یک بات ہوگی، اس میں نفاق کی ایک خصلت ہوگی، جب تک کہ اس کو چھوڑ نہ دے: ❶ جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔ ❷ اور جب گفتگو کرے تو جھوٹ بولے۔ ❸ اور جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے۔ ❹ اور جب جھگڑا کرے تو گالی گلوچ کرے۔''

(صحیح بخاری، صحیح مسلم)

حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم جھوٹ سے بچو، اس لئے کہ جھوٹ برائیوں کی طرف لے جاتا ہے۔اور برائیاں جہنم کی آگ تک لے جاتی ہیں۔اور انسان جھوٹ بولتا رہتا ہے۔اور جھوٹ بولنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔حتیٰ کہ اللہ ﷻ کے نزدیک جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے''۔ (صحیح مسلم، کتاب البر والصلہ)

رسول اکرم ﷺ نے جھوٹ کو بڑی خیانت قرار دیا ہے جو اس کی قباحت و شناعت پر دلالت کرتا ہے۔حضرت سفیان اسید حضرمی ؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: ''یہ بہت بڑی خیانت ہے کہ تم اپنے بھائی سے کوئی بات کرو، وہ اس میں تمہیں سچا سمجھ رہا ہو اور تم اس سے جھوٹ بول رہے ہو۔'' (مسند امام احمد)

بچوں کی تربیت کرنے والوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ انہیں جھوٹ سے متنفر کریں، اس سے روکیں، جھوٹ کے برے انجام سے ڈرائیں اور اس کے نقصانات اور مضر اثرات ان کے سامنے بیان کریں۔

اسی طرح والدین اور تربیت کرنے والوں کو بھی بچوں کے سامنے مذاق کرنے یا کسی چیز کی رغبت دلانے میں یونہی جھوٹ بولنے سے بھی ڈرایا جائے تاکہ اللہ ﷻ کے ہاں یہ مذاق بھی جھوٹ نہ لکھ دیا جائے۔

چنانچہ عبداللہ بن عامر ؓ سے روایت ہے کہ ایک روز میری والدہ نے مجھے آواز دی۔اس وقت رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر میں تشریف فرما تھے۔ میری والدہ نے کہا: ''آؤ بیٹا! میں تمہیں یہ دے دوں۔'' رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: ''تم بچے کو کیا دینا چاہتی تھی؟'' انہوں نے کہا: ''میں اسے کھجور دینا چاہتی تھی۔'' اس پر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''سن لو! اگر تم اسے کچھ بھی نہ دیتی تو تمہارے لئے ایک جھوٹ لکھ دیا جاتا۔''

(ابو داؤد، مسند امام احمد)

حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص نے بچے سے کہا، آجاؤ لے لو اور پھر اسے کچھ نہ دیا، تو یہ بھی جھوٹ ہے۔'' (مسند امام احمد)

سلف صالحین اپنے بچوں کو چھوٹی عمر ہی میں سچ بولنے کا عادی بنایا کرتے تھے اور ان پر کڑی نظر رکھتے تھے۔عالم ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے بچپن ہی سے سچ بولنے کو اپنی عادت ثانیہ بنایا تھا۔میں علم دین حاصل کرنے کے لئے ایک طویل سفر پر روانہ ہوا تو میری والدہ ماجدہ نے مجھے اخراجات کے لئے چالیس دینار دیئے اور مجھ سے یہ عہد لیا کہ ہمیشہ سچ بولوں گا۔

جب ہمارا قافلہ ہمدان کی سرزمین میں پہنچا تو چوروں کی ایک جماعت نے ہم پر حملہ کر دیا اور ہمارے رفقاء کا سامان لوٹنے لگے۔ایک چور میرے پاس بھی آیا اور پوچھا: ''تمہارے پاس کیا چیز ہے؟'' میں نے کہا: ''چالیس دینار۔'' وہ سمجھا کہ شاید میں اس سے مذاق کر رہا ہوں۔اس نے کہا: ''دینار کہاں ہیں؟'' میں نے بتایا: ''میرے سامان میں ہیں۔'' وہ مجھے اپنے سردار کے پاس لے گیا۔چوروں کے سردار نے مجھ سے پوچھا: ''تمہیں سچ بولنے پر کس چیز نے مجبور کیا ہے؟'' میں نے کہا کہ: ''میں نے اپنی والدہ سے سچ بولنے کا عہد کیا تھا، اس لئے میں نے سچ بولا ہے۔''

نوعمر بچے کی یہ بات سن کر چوروں کے سردار پر خوف طاری ہو گیا۔وہ چیخنے لگا اور اپنے کپڑے پھاڑ دیئے اور کہنے لگا: ''تم اپنی والدہ سے کئے ہوئے عہد کو توڑنے کے لئے تیار نہیں ہو اور میں اللہ سے کئے ہوئے عہد میں خیانت کرنے سے بھی نہیں ڈرتا۔'' چوروں نے قافلہ کا سارا سامان واپس لوٹا دیا (بقیہ ص 40)

چھوٹا منہ بڑی بات نہ سمجھیں تو عرض کروں

محمد کوکب جمیل ہاشمی

منہ اندھیرے صبح سویرے سو کر اٹھنے والے بادصبا کی تازگی سے ہمکنار ہو کر سارا دن تروتازہ اور ہشاش بشاش رہتے ہیں۔ یہ کہنا ہے ہمارے بزرگوں کا، اطباء کا اور علماء کا۔ اور جو لوگ اس نصیحت کو پلے باندھ کر ہر صبح نو کا آغاز کرتے ہیں۔ تو ہمارے ان بزرگوں کے منہ ان کی تعریف کرتے نہیں سوکھتے۔ یہ بہت غنیمت ہے کہ اس زمانے میں کوئی کسی کے منہ پر تعریف کرے یا پیٹھ پیچھے۔ ورنہ لوگ منہ پر بھی برا بھلا کہتے ہیں اور غیبت میں بھی۔ بہت سے لوگ تو دوسرے کے مرتبے اور عمر کو بھی خاطر میں لائے بغیر جو منہ میں آئے کہے چلے جاتے ہیں۔ شاید وہ منہ در منہ بات کرنے کے قائل ہیں۔ کچھ لوگوں کو شک کی نگاہ سے دیکھنے اور اعتبار کے قابل نہ سمجھنے کی وجہ سے بغل میں چھری، اور منہ میں رام رام کا طعنہ بھی دیا جاتا ہے مگر انہیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ وہ منہ بسورے بغیر اس تنقید کو ہنس کر اڑا دیتے ہیں۔

خاموش رہنے والے سنجیدہ لوگوں کے بارے میں عام خیال پایا جاتا ہے کہ شاید ان کے منہ میں زبان نہیں ہوتی۔ فرق یہ ہے کہ ہم منہ پہ آئی بات فوراً اُگل دیتے ہیں جبکہ وہ کچھ کہنے سے پہلے بات کو سوچتے، سمجھتے اور تولتے ہیں اور پھر منہ سے نکالتے ہیں۔ ایسی احتیاط نہ کرنے والوں کو ہزیمت بھی اٹھانا پڑتی ہے اور ان کا منہ بھی چڑایا جاتا ہے۔ عموماً نوجوانوں کو یہ بات سمجھانی پڑتی ہے کہ وہ ذرا منہ سنبھال کے بات کیا کریں۔ لیکن نوجوانوں پر ہی کیا موقوف۔ ایسے لوگ جن کے بال سفید اور منہ پوپلا ہو چکا ہو ان کے منہ سے بھی ایسی بات نکل جاتی ہے جس کی پکڑ ہو جاتی ہے۔

انسان کے منہ سے اچھی اچھی، میٹھی اور دلکش گفتگو پھوار کی طرح برس رہی ہو تو سننے والوں کو لگتا ہے جیسے بات کرنے والے کے منہ سے پھول جھڑ رہے ہیں۔ لوگوں کے منہ ان کی طرف مڑ جاتے ہیں اور وہ ہمہ تن گوش موہنی ومہذب اور منقش گفتگو کے حسین لباس کو یک ٹک تکتے رہتے ہیں۔ کسی کو قطع کلامی کی جرأت نہیں ہوتی۔ کسی کو بامر مجبوری دخل اور معقولات بھی کرنا پڑے تو وہ یوں مخاطب ہوتا ہے کہ ''میرے منہ میں خاک کہ میں آپ کی دل موہ لینے والی باتوں سے اختلاف کروں، مگر کچھ لوگ ایسی نرم کومل گفتگو سننے کو پسند نہیں کرتے بلکہ غصے میں ان کے منہ سے جھاگ نکلنے لگتے ہیں۔''

ہم منہ کے حوالے سے کبھی محتاط ہو بھی جائیں تو بولنا دشوار ہو جاتا ہے اور دل کہہ اٹھتا ہے کہ ''بات کرنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی۔'' جو اولاد اپنے ماں باپ کی فرمانبردار ہوتی ہے، ہر وقت خوش وخرم اور شاداں اور فرحاں رہتی ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ کبھی ان سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے اور ماں باپ کی طرف سے ڈانٹ پڑ جاتے تو بچوں کا ذرا سا منہ نکل آتا ہے۔ ایک دفعہ ہمارا بھی ذرا سا منہ نکل آیا تھا لیکن ڈانٹ سن کر نہیں بلکہ ہوا یوں کہ بیماری کے باعث ہماری داڑھی کے کچھ بال جھڑ گئے جس کے نتیجے میں ہمارا ابھرا ابھرا چہرہ ایسا سکڑ گیا کہ بقول شخصے ہمارا ذرا سا منہ نکل آیا۔

ہم بچپن سے ہی اپنے بڑوں سے اچھی اچھی نصیحتیں سنتے چلے آئے ہیں۔ وہ کہتے تھے کہ کوئی آپ کو کتنا برا بھلا کہے، آپ کے بازو بھی ہوں تو کسی کو منہ توڑ جواب نہ دیں بلکہ خاموش رہیں۔ اسی طرح یہ بھی سمجھایا جاتا تھا کہ راستہ دیکھ کر چلیں کہیں کسی پتھر سے ٹکرا گئے تو پہلوان ہوتے ہوئے بھی اوندھے منہ ایسے گریں گے جیسے مقابل پہلوان نے چاروں شانے چت کر دیا ہو۔ اس سلسلے میں ہماری لاٹھی ہمارے بہت کام آتی ہے۔ ہمارے ہاتھ میں لاٹھی نہ ہوا کرتی تو نہ جانے کتنی بار منہ کے بل گرتے۔ بعض اوقات منہ سے نکلی باتوں کا بھروسہ نہیں ہوتا۔ تھانوں میں چور اور ملزمان قصوروار ہونے کے باوجود جرم کا اقرار نہیں کرتے لیکن ماہرین آنکھوں کا حال جان کر اندازہ لگا لیتے ہیں۔ جدید تحقیقات کے مطابق پولی گرافک ٹسٹ کے ذریعے آنکھوں کی حرکت اور دل کی دھڑکنوں کے ذریعے سے سچائی تک پہنچنے میں مدد ملتی ہے۔ تب جھوٹ کا منہ کالا ہو جاتا ہے اور مجرم منہ چھپانے کے قابل نہیں رہتے۔

آج کل جگری دوست ہو یا منہ بولا بھائی اس وقت تک آپ کا دم بھرتا رہتا ہے جب تک آپ کے پاس دولت یا اہم عہدہ ہو، اور بقیہ (ص 61)

معجون خاص زعفرانی

قیمت: 1250 روپے (ایک ماہ کورس)

گھر بھر کے لئے ایک اکسیر ٹانک۔ بچے، بڑے، بوڑھے، جوان، مرد، عورت، صحت مند، مریض سب کے لئے ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔

اہم فوائد: ● بڑھا ہوا پیٹ اور کولہے ● کمر درد ● جوڑوں کا درد ● دماغی کمزوری ● بلغمی امراض ● اعصابی کمزوری ● گیس تبخیر غرض تمام امراض میں بے حد مفید۔ غرض یہ کہ "معجون خاص" پورے بدن کے لیے ایک لاجواب ٹانک ہے ● جگر کے لئے بے حد مفید ہے ● خون کی کمی کو دور کرتا ہے ● عام جسمانی کمزوری، سانس کا پھولنا، دماغ میں دل نہ لگنا، ہاتھ پاؤں کا سن ہونا اور اعصابی تھکان میں بہت مفید ہے ● گردے اور مثانے کو طاقت دیتا ہے ● پیشاب کی زیادتی میں مفید ہے ● بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے ● ہارمونز کا نظام بہتر کرتا ہے ● "معجون خاص" قدرتی کیلشیم، فولاد، پروٹین، فاسفورس اور زنک کا بیش قیمت مرکب ہے

مطب العارف 042-35410586, 0320-5410586

پیغام جوانی کیپسول

چھوٹی پیکنگ: 750 روپے (10 کیپسول)

بڑی پیکنگ: 1500 روپے (20 کیپسول)

◆ طاقت و قوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ◆ مخفی و پوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے ◆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ◆ مسرت و شادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے ◆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ◆ بلا مبالغہ حقیقت میں ہی جوانی کا پیغام ہے ◆ ازدواجی تعلقات کو مستحکم و مضبوط بناتا ہے ◆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ◆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ◆ مایوس اور اداس دوستوں کیلئے ایک عظیم خوشخبری ہے ◆ فوری اور پکی خوراک میں رزلٹ دینے والا نسخہ ہے ◆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص تحفہ ہے ◆ ہر عمر کے مرد حضرات بلا خوف و خطر استعمال کر سکتے ہیں ◆ ہر قسم کی نشہ آور اور مضر اثرات سے سو فیصد پاک ہے ◆ آپ کی سوچ سے زیادہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے ◆ قدردانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے ◆ مطب العارف کی طرف سے عوام الناس کیلئے طب یونانی کا 100٪ فیصد رزلٹ دینے والا ایک خاص مشرقی تحفہ ہے۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-5410586

طلاء خاص الخاص

قیمت 500 روپے

◆ برائے عضو خاص میں اضافہ
◆ عضو خاص میں موٹائی
◆ فوری رزلٹ ◆ آبلہ نہ پٹی
◆ فوری طاقت ◆ زبردست انتشار

خواص: مطب العارف نے طویل ریسرچ اور انتھک تحقیق کے بعد نادر و نایاب روغنیات اور حیوانی اجزاء سے ایک بہترین مرکب تیار کیا ہے۔ ایک ایسا مرکب، ایک ایسا طلاء کہ جس کی جستجو مریض کافی عرصے سے کر رہے تھے۔ مطب العارف کا تیار کردہ یہ بے مثال تحفہ واقعی یادگار ہے۔

نوٹ: اندرونی کمزوری کے خاتمے کیلئے طلاء خاص الخاص کے ساتھ پیغام جوانی کیپسول کا استعمال آپ کو دوبارہ سے بھرپور جوان بنا دے گا۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-5410586

زور آور کیپسول



- مردانہ طاقت کو بڑھاتا ہے
- مایوسی کو امید میں بدلتا ہے
- بے رغبتی کو دور بھگاتا ہے
- دائمی اور مستقل قوت کا راز ہے
- ہر قسم کی سستی، لاغری کو ختم کرتا ہے
- انتشار کی کمی کو پورا کرتا ہے
- پٹھوں کی کمزوری کا خاتمہ کرتا ہے
- عدم دلچسپی کو ختم کرتا ہے
- شوگر کی وجہ سے ہونے والی مردانہ کمزوری کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے
- زور آور کیپسول اپنے نام کی طرح واقعی زور آور ہے
- ہر قسم کی مردانہ کمزوری کو دور کرنے کیلئے بہترین چیز ہے
- مردانہ کمزوری کے غریبوں کو مردانہ طاقت کے باعث بادشاہ بناتا ہے

مطب العارف 042-35410586, 0320-5410586

سنگھاڑے کے بے مثال اور بے شمار فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ (ناظم مطب العارف)

سنگھاڑا موسم سرما کی ایک عجیب الاثر نعمت ہے۔ یہ بے شمار غذائی صفات والا پھل ہے۔ سنگھاڑا مخصوص اعضاء کو زبردست طاقت دیتا ہے۔ سنگھاڑا دل کی حرارت اور جلن کو دور کرتا ہے۔ سنگھاڑا پانی کی کمی کو دور کرتا ہے۔ سنگھاڑا پیاس کی شدت کو دور کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ دبلے پتلے افراد کیلئے سنگھاڑا بہترین دوا ہے۔ سنگھاڑا جسم کو خوبصورت بناتا ہے۔ سنگھاڑا جسم کو فربہ کرتا ہے۔ سنگھاڑا گوشت کو بڑھاتا ہے۔ سنگھاڑا پچکے گالوں کو صحیح کرتا ہے۔ سنگھاڑا گلے کی خشکی اور خشونت کو ختم کرتا ہے۔ سنگھاڑا جریان کے مریضوں کے لیے ایک بہت ہی بہترین دوا ہے۔ جریان کے ایسے کئی مریض کہ جن کو کسی دوائی سے خاطرہ خواہ فائدہ نہ ہو رہا ہو۔ سنگھاڑے کا مسلسل استعمال ان کی جان اس موذی مرض سے چھڑا سکتا ہے۔ سنگھاڑے میں وٹامن، پروٹین اور بہت سارے قیمتی اجزاء پائے جاتے ہیں۔ سنگھاڑہ مادہ منویہ کی رقت کو گاڑھا پن میں تبدیل کرتا ہے۔ سنگھاڑہ عورتوں کے پیچیدہ امراض میں بے حد مفید ہے۔ جن مستورات کو لیکوریا یا سیلان رحم کا مرض ہو ان کے لیے سنگھاڑا ایک مفید اور بے مثال دوا ہے۔ کثرت حیض کی شکل میں سنگھاڑے کا استعمال بہت ہی مفید ہے۔ سنگھاڑا عورتوں کی تمام تر کمزوریوں کے لیے بہترین ٹانک ہے۔ سنگھاڑا حاملہ خواتین کیلئے بھی بے ضرر اور فائدہ مند ہے۔ گرم مزاج افراد کے لیے سنگھاڑا بہترین چیز ہے۔ سنگھاڑہ ہاتھ پاؤں کی جلن کو ختم کرتا ہے۔ سنگھاڑا ان نوجوانوں کے لیے بہت ہی زیادہ مفید ہے کہ تھوڑا سا بھی خیال آنے سے جن کے کپڑے خراب ہو جاتے ہیں۔ سنگھاڑا منہ کے چھالوں کو ٹھیک کرتا ہے۔ سنگھاڑا نکسیر کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ سنگھاڑا مقعد سے خون آنے کو بھی بند کرتا ہے۔ سنگھاڑا بچپن کی غلط کاریوں کو سدھارنے کیلئے بہترین چیز ہے۔ سنگھاڑا مرض اٹھرا میں مبتلا عورتوں کیلئے بھی زبردست فائدہ مند ہے۔ سنگھاڑا عورتوں کی بچہ دانی کی کمزوریوں کو ختم کرتا ہے۔ سنگھاڑا مسوڑھوں کو طاقت دیتا ہے۔ سنگھاڑا دستوں کو بند کرتا ہے۔ سنگھاڑا منہ، مسوڑھوں اور معدہ، آنتوں وغیرہ سے خون آنے کو بند کرتا ہے۔

کھجور کے بے شمار اور بے مثال فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ (ناظم مطب العارف)

کھجور ایک بابرکت پھل ہے۔ کھجور انبیاء، کرامؑ اور بزرگان دین کا پسندیدہ پھل ہے۔ کھجور کی بہت ساری اقسام ہیں۔ کھجور کے اجزاء میں کھانڈ اور وٹامن بی شامل ہے۔ کھجور کا مزاج گرم تر ہے۔ کھجور تمام پھلوں میں سب سے زیادہ مقوی ہے۔ کھجور بدن انسانی کی پرورش کرتی ہے۔ کھجور امراض معدہ میں مفید ہے۔ کھجور معدے کو طاقت دیتی ہے۔ کھجور دل کو طاقت دیتی ہے۔ کھجور بادی کو ختم کرتی ہے۔ کھجور بلغم کو دور کرتی ہے۔ کھجور سوجن کو ختم کرتی ہے۔ کھجور صالح خون پیدا کرتی ہے۔ کھجور معتدل طبیعت والوں کے لیے بہترین غذا اور زبردست دوا ہے۔ کھجور کھانے کو ہضم کرتی ہے۔ کھجور قوت باہ کے لیے بہت مفید ہے۔ کھجور جسم کو فربہ کرتی ہے۔ کھجور سینے کے امراض کے لیے فائدہ مند ہے۔ کھجور پھیپھڑوں کو زبردست طاقت دیتی ہے۔ کھجور کو حضور نبی کریم ﷺ کا پسندیدہ پھل ہونے کا شرف حاصل ہے۔ کھجور کو بدنی حرارت پیدا کرنے میں تمام پھلوں کا بادشاہ تسلیم کیا گیا ہے۔ کھجور گردوں کو زبردست طاقت دیتی ہے۔ کھجور کمر درد کو ختم کرتی ہے۔ کھجور ہڈیوں کو مضبوط کرتی ہے۔ کھجور دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ کھجور ہر قسم کی جسمانی کمزوری کو ختم کرتی ہے۔ کھجور پورے جسم کو زبردست طاقت دیتی ہے۔ کھجور تمام امراض سرما کے لیے مفید ہے۔ کھجور مثانہ کی پتھری کو ختم کرتی ہے۔ کھجور خشک کھانسی اور دمہ کے مریضوں کے لیے بہت شفا بخش پھل ہے۔ کھجور ریاح کو خارج کرتی ہے۔ کھجور ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ کھجور قدرت کا بہترین تحفہ ہے۔

ہر وقت غصے کا سبب بننے والی نو وجوہات

نیویارک: دنیا میں کسی فرد کے مزاج کو بدترین بنانے کے لیے وجوہات کی کمی نہیں، تعلقات میں دراڑ، مالی پریشانیاں اور طبی مسائل وغیرہ آپ کی ذہنی حالت پر اثرانداز ہوتے ہیں۔

اس طرح کے عناصر پر آپ کا کنٹرول نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے مگر بدقسمتی سے کچھ چھوٹی چیزیں ایسی بھی ہوتی ہیں جو آپ کی زندگی بدل کر آپ کو مستقل غصے کا شکار بنا دیتی ہیں، تو اگر آپ کا موڈ بھی ہمیشہ خراب ہی رہتا ہے تو دیکھیے کیا یہ وجوہات تو آپ کی اس حالت کا ذمہ دار نہیں؟

آپ مناسب مقدار میں سبزیاں اور پھل استعمال نہیں کر رہے

ٹھیک ہے کہ سبزیاں اور پھل اچھی صحت کے لیے بہترین سمجھے جاتے ہیں مگر کیا آپ کو معلوم ہے کہ اس خوراک کے آپ کی ذہنی حالت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

وارک یونیورسٹی کی برطانیہ میں ہونے والی تحقیق کے مطابق جو لوگ روزانہ 80 گرام پھل یا سبزیاں استعمال کرتے ہیں وہ ذہنی طور پر زیادہ خوش باش اور صحت مند ہوتے ہیں، یعنی خوش رہنے کے ساتھ ساتھ وہ مایوسی اور ذہنی امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔

آج آپ سورج کی روشنی دیکھنے سے محروم رہے

کیا آپ کا پورا دن گھر یا دفتر کی چاردیواری میں گزر جاتا ہے؟ اگر ہاں تو اس کا نتیجہ بدمزاجی کی شکل میں ہی نکلے گا۔

متحدہ عرب امارات کی زید یونیورسٹی کی ایک تحقیق کے مطابق سورج کی روشنی سے دور رہنے والے افراد میں وٹامن ڈی کی کمی اور ڈپریشن وغیرہ کا امکان زیادہ ہوتا ہے، جس کا نتیجہ ہر وقت غصے، خراب مزاج اور مایوسی کی صورت میں نکلتا ہے، جس سے بچنے کا آسان حل کچھ دیر کے لیے دن میں باہر چہل قدمی ہے۔

آپ پیاس محسوس کر رہے ہیں

اگر آپ کام یا آرام کرنے کے دوران پیاس محسوس کر رہے ہیں اور پانی پینے سے گریز کر رہے ہیں تو آپ تھکاوٹ، توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت اور بدمزاجی کا شکار ہو جائیں گے، یہ دعویٰ جرنل آف نیوٹریشن کی ایک تحقیق میں سامنے آیا تھا۔

بہت زیادہ کام کرنا

بہت زیادہ کام کرنے کی عادت نہ صرف جسمانی حالت ابتر کرتی ہے بلکہ اس کے منفی اثرات ذہنی صحت پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔

کنساس اسٹیٹ یونیورسٹی کی تحقیق کے مطابق جو لوگ ہفتے میں پچاس گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں ان کی جسمانی صحت خراب ہونے کے ساتھ ساتھ ذہنی حالت بھی متاثر ہوتی ہے، ایسے لوگ جلد غصے میں بھی آجاتے ہیں جو درحقیقت ان کے اندر موجود ڈپریشن کو باہر نکالنے کا ایک ذریعہ بنتا ہے۔

آپ فیس بک پر بہت زیادہ وقت گزارتے ہیں

آج کل کے نوجوان تو فیس بک کے دیوانے ہیں مگر آپ سماجی رابطے کی اس ویب سائٹ پر جتنا زیادہ وقت گزاریں گے اتنا ہی آپ کا مزاج خراب ہوگا۔

ایسا دعویٰ آسٹریا کی انزبرک یونیورسٹی کی گزشتہ دنوں آنے والی ایک تحقیق میں سامنے آیا تھا۔ تحقیق کے بقول اس کی وجہ یہ ہے کہ فیس بک پر بہت زیادہ دیر رہنے سے وقت کے ضیاع کا احساس ہوتا ہے اور جب کسی کو لگتا ہے کہ وہ کوئی خاص کام کرنے کی بجائے اپنی زندگی ضائع کر رہا ہے تو اس خیال کے بعد موڈ اچھا رہنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

کمر جھکائے رکھنا

بچپن میں تمام والدین ہی اپنے بچوں پر چلاتے نظر آتے ہیں کہ کمر سیدھی رکھ کر چلا یا بیٹھا کرو مگر اب سائنس نے بھی اسے ذہنی صحت کے لیے اہم قرار دیا ہے۔

سان فرانسسکو اسٹیٹ یونیورسٹی کے محققین کے مطابق آپ کے بیٹھنے یا

کھڑے ہونے کے انداز میں تبدیلی یا اسے سیدھا کرنے سے آپ کا مزاج خوشگوار ہوتا ہے اور آپ جسم میں ایک نئی توانائی محسوس کرتے ہیں۔

مسکراہٹ یا ہنسی سے دوری

ہنسی یادداشت اور ذہنی تناؤ کا سبب بننے والے ہارمون کورٹیسول کی شرح کو بہتر بناتا ہے۔

لوما لنڈا یونیورسٹی کی ایک تحقیق کے مطابق چہرے پر ایک مسکراہٹ تمام تناؤ کو دھو دیتی ہے بلکہ جبری یا کسی کو دکھانے کے لیے مسکرانا بھی تناؤ کو کم کر کے مثبت جذبات کو بڑھا دیتا ہے۔

نیند کی کمی

ٹھیک ہے کہ یہ کوئی راز نہیں کہ نیند سے بوجھل ذہن پرکشش شخصیت کو بھی احمق بنا دیتا ہے، مگر یہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہوتا ہے کہ مناسب نیند نہ لینا تناؤ بڑھانے اور تنگ مزاجی یا خراب مزاج کا سبب بن جاتا ہے۔

ہاورڈ میڈیکل اسکول کی تحقیق کے مطابق صرف ایک ہفتہ بھی بہت کم سونا اداسی، غصے اور ذہنی تھکاوٹ کو بڑھا دیتا ہے۔

قدرتی ماحول سے دوری

سرسبز مقامات پر گھومنا ذہن کے لیے بہت اچھا ہوتا ہے۔

مشی گن یونیورسٹی کی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ شہروں میں جو لوگ سرسبز مقامات یا باغات میں جاتے ہیں وہ خوشگوار مزاج اور بہتر ذہنی صحت رکھتے ہیں اور ان مقامات سے دوری ڈپریشن، غصے اور ایسے ہی دیگر ذہنی مسائل کو بڑھانے کا سبب بنتا ہے۔ (بشکریہ ڈان نیوز)

بقیہ (ص 7): ایک نشست سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ کے ساتھ

کے ساتھ کیے ہوئے عہد سے خیانت اور خلاف ورزی نہیں کی اور ہم اپنے اللہ کے احکامات کی خلاف ورزی کا ایک عرصے سے ارتکاب کر رہے ہیں۔ شیخ فرماتے ہیں کہ ڈاکوؤں کے سردار اور اس کی پوری جماعت نے میری اس بات کو سن کر اپنے اس غلط کام سے ہمیشہ کیلئے توبہ کر لی۔ وہ پہلی جماعت تھی جو بچپن میں ہی میرے ہاتھوں پر اللہ کے فضل و کرم سے توبہ تائب ہوئی۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ میں نے بغداد پہنچ کر 20 دن تک کوئی چیز نہیں کھائی۔ جب بھوک سے بے تاب ہو جاتا تو سبز بوٹیوں کو کھا کر گزارا کرتا تھا۔ میں ہر وقت وضو سے رہتا تھا۔ راتوں کو طویل قیام کرتا تھا۔ تعلیم کی تکمیل کے بعد 25 سال جنگل کے اندر مجاہدات میں گزارے۔ لوگ مجھے دیوانہ سمجھتے تھے۔ میں رات دن جنگل میں رہا کرتا تھا۔ میرے پاس جنات کثرت سے آیا کرتے تھے۔ میں ان کو دینی تعلیم دیا کرتا تھا۔ شیاطین کی جماعتیں آ کر مجھ سے مقابلہ کیا کرتی تھیں۔ میں اللہ کے فضل سے ان پر غالب آیا کرتا تھا۔ شیخ فرماتے تھے کہ مجھے بارگاہ الٰہی سے یہ پیغام ملا کہ اے عبدالقادر! جب تو کسی شخص کو فقر کی آگ سے جلا ہوا اور فاقوں کی کثرت سے شکستہ دیکھے تو اس کی نزدیکی اختیار کر کیونکہ میرے اور اس کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا۔

بقیہ (ص 6): درس قرآن

حضرت سلیمان علیہ السلام صبح کو بیت المقدس روانہ ہوتے تو دوپہر کو اصطخر میں قیام ہوتا تھا اور پھر یہاں سے روانہ ہوتے تو رات کابل میں قیام ہوتا تھا۔ حضرت فرماتے ہیں کہ بیت المقدس سے اصطخر تک اور اصطخر سے کابل تک کا سفر اتنا طویل اور لمبا تھا کہ ایک تیز رفتار گھوڑا، نہ تھکنے والا گھوڑا، برابر سفر کرتے رہنے والا گھوڑا 2 ماہ میں اتنا سفر طے کرتا جو آپ ایک دن میں طے کر لیا کرتے تھے۔ تانبے کا چشمہ کہ اس میں پانی کے بجائے تانبے کی دھات بہتی تھی کہ جس سے جنات برتن اور دیگیں بنایا کرتے تھے۔

نوٹ: یہ جنات کی تسخیر باذن اللہ تھی۔ اس میں کسی عمل یا وظیفے کا کوئی دخل نہ تھا۔ شریعت کی روشنی میں جنات کو باقاعدہ تسخیر کرنا، اپنا تابع بنانا، اپنا محکوم بنانا جائز نہیں ہے۔ البتہ ان سے معاونت لینے میں کسی کو کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (واللہ اعلم)

وآخر دعوانا الحمد للہ رب العالمین

قیصر احمد بی اے کراچی

روحانیات و تصوف

حضرت عثمان غنیؓ کی سخاوت

ایک مرتبہ ایک بدو کو شہد (عسل) کی ضرورت پیش آئی۔ پورے شہر میں اسے شہد کہیں سے دستیاب نہ ہوا یا حسن اتفاق یہ کہہ لیں کہ کسی نے نہ دیا۔ شہد کی تلاش کے دوران لوگوں نے اسے کہا کہ ایک تجارتی قافلہ سامان شہر سے لے کر آ رہا ہے۔ جس میں تجارتی ساز و سامان کے علاوہ شہد کی وسیع مقدار بھی سامان کے ساتھ آ رہی ہے۔

تجارتی قافلہ کا مالک نہایت ہی شریف، سخی و بندہ پرور و غریب نواز ہے۔ وہ تجارتی قافلہ سورج غروب ہونے سے پہلے شہر میں داخل ہو جائے گا۔ وہ شخص (بدو) شام ہونے سے پہلے ہی تجارتی قافلے کا انتظار کرنے لگا۔ سورج غروب ہونے سے پہلے اس نے دیکھا کہ دور سے ایک بہت بڑا تجارتی قافلہ اونٹوں، گھوڑوں اور گدھوں پر سامان لدا ہوا آ رہا ہو۔ جب قافلہ قریب آیا تو اس شخص نے قافلے والوں سے دریافت کیا کہ اس قافلہ کا مالک کون ہے؟ جس پر لوگوں نے ایک شخص کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ سامنے ایک خوبصورت باریش شخص اس قافلے کا مالک ہے۔

بدو قافلے کے مالک کی طرف گیا اور اپنا مدعا و مسئلہ بیان کیا کہ مجھے تھوڑا سا معمولی سا شہد چاہیے۔ جس پر قافلے کے مالک نے اپنے غلام کو طلب کر کے کہا کہ اس شخص کو شہد دے دو۔ جس کے جواب پر غلام نے اپنے آقا سے کہا کہ تھوڑا سا شہد دینا مشکل ہے کیونکہ شہد مٹکوں سے بھرا ہوا ہے اور تھوڑا سا شہد دینا مشکل و ناممکن ہے؟ غلام کے اس جواب پر مالک نے کہا کہ "اسے شہد سے بھرا ہوا ایک مٹکا دے دو۔"

جس پر غلام نے دوبارہ کہا کہ ایسا ناممکن ہے؟ کیونکہ اس سے سامان تجارت کا توازن خراب ہو جائے گا۔ اس جواب پر تجارتی قافلے کے مالک نے کہا اسے شہد سے بھرا ہوا دوسرا مٹکا بھی دے دو۔ جس پر غلام نے کہا یہ دونوں شہد سے بھرے ہوئے وزنی مٹکے یہ بدو کیسے لے کر جائے گا؟ جس پر قافلے کے مالک نے بے ساختہ کہا کہ اسے یہ اونٹ بھی دے دو۔ یہ حکم سن کر اور بغیر مزید سوال کئے غلام وہاں سے دوڑ پڑا اور شہد سے بھرے ہوئے مٹکوں اور اونٹ کو اس بدو کے حوالے کر دیا۔

بدو کے روانہ ہونے کے بعد تجارتی قافلہ کے مالک نے مسکرا کر اپنے غلام سے کہا "تم نے بدو کو سامان دیتے وقت کئی سوالات کئے اور آخر میں تم بغیر سوال کئے یہاں سے کیوں چلے گئے؟

جس پر غلام نے بڑے پیار محبت و عاجزی سے اپنے مالک سے کہا کہ میں یہاں سے فوراً اس لئے چلا گیا کہ کہیں بدو آپ سے یہ نہ کہہ دے کہ شہد سے بھرے مٹکوں والا اونٹ اپنے گھر تک لے کر کیسے جاؤں گا۔ جس پر مجھے کامل یقین ہے کہ آپ بدو سے یہ کہتے کہ یہ غلام بھی اپنے ساتھ لے جاؤ۔ اس خوف کے پیش نظر میں یہاں سے فوراً دوڑ گیا کہ کہیں آپ مجھے اس بدو کے حوالے نہ کر دیں۔ مجھے آپ سے زیادہ اچھا، سخی، مہربان مالک پوری دنیا میں کوئی دوسرا نہ ملے گا۔ اس سخی تجارتی قافلے کے مالک کا نام حضرت عثمان غنیؓ بن عفانؓ تھا۔

اللہ تعالیٰ کا شکر

ایک مرتبہ حضرت موسیٰؑ کلیم اللہ، اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونے کیلئے کوہ طور پر تشریف لے جا رہے تھے۔ راستہ میں ایک غنی و مالدار شخص ملا جو اللہ کے راستے میں بہت پیسے و دولت خرچ کرتا تھا۔ اس نے حضرت موسیٰؑ سے کہا کہ آپ کہاں جا رہے ہیں؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا میں اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہونے کیلئے کوہ طور پر جا رہا ہوں جس پر اس شخص نے کہا "اے موسیٰ اللہ تعالیٰ سے میرے متعلق یہ پوچھنا کہ میں اللہ کی راہ میں جتنا زیادہ خرچ کرتا ہوں اس سے دگنا چوگنا میرے مال میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اللہ سے پوچھنا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟" اور میرے مال میں اللہ کے راستہ میں مال خرچ کرنے پر کمی کیوں واقع نہیں ہوتی؟ اس پر حضرت موسیٰؑ نے کہا کہ میں تمہارے سوال کا جواب واپسی پر اللہ تعالیٰ سے پوچھ کر دوں گا۔

حضرت موسیٰؑ کا گزر ایک جنگل سے ہوا تو حضرت موسیٰؑ نے دیکھا کہ ایک شخص ریت میں سر تک دھنسا ہوا ہے۔ اس دھنسے ہوئے شخص نے حضرت موسیٰؑ کو جاتے ہوئے دیکھا اور آواز دے کر اپنی طرف بلایا اور کہا کہ "اے موسیٰ تم کہاں جا رہے ہو؟" حضرت موسیٰؑ نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہونے کیلئے کوہ طور پر جا رہا ہوں۔ جس پر اس شخص نے حضرت موسیٰؑ سے کہا کہ میرے متعلق اللہ سے دریافت کرنا کہ میری قسمت میں کچھ ہے یا نہیں ہے؟

اور میں اتنا غریب ومفلس وتنگدست ہوں کہ میرے جسم پر کپڑے تک نہیں ہیں اور میں نے اپنے ستر کو چھپانے کیلئے اپنے آپ کو ریت میں چھپایا ہوا ہے۔ اس پر حضرت موسیٰؑ نے کہا کہ میں واپسی پر اللہ تعالیٰ سے پوچھ کر آپ کو جواب دوں گا۔ کوہ طور پر اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہونے کے دوران آپ نے ان دونوں اشخاص کے حالات کے متعلق دریافت کیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اس دھنسے ہوئے شخص سے کہو کہ وہ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا کرے جو اللہ تعالیٰ نے دی ہیں اور اس غنی شخص کو کہنا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چھوڑ دے۔ اس کے مال میں خود بخود کمی واقع ہو جائے گی۔

الغرض واپسی پر سب سے پہلے جنگل سے گزرتے ہوئے اس دھنسے ہوئے شخص سے ملاقات ہوئی اور اسے اس کے سوال کا جواب دیا کہ وہ ہر حال وہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔ یہ جواب سن کر اس دھنسے ہوئے شخص نے غصہ میں حضرت موسیٰؑ سے کہا کہ میں کس نعمت پر اللہ کا شکر ادا کروں؟ مجھے اللہ تعالیٰ نے کیا دیا ہے؟ ستر چھپانے کیلئے کپڑے تک نہیں دیئے؟ اچانک تیز ہوا چلی اور ریت اڑ گئی اور اس شخص کا ستر ظاہر ہو گیا۔

جب حضرت موسیٰؑ اس غنی وسخی شخص کے پاس پہنچے تو اس شخص نے حضرت موسیٰؑ سے اپنے سوال کا جواب مانگا جس پر حضرت موسیٰؑ نے جواب دیا کہ تم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چھوڑ دو تمہارے مال ودولت میں کمی واقع ہو جائے گی۔

یہ جواب سن کر اس غنی شخص نے کہا کہ ایسا تو کبھی ہو ہی نہیں سکتا؟ کہ اللہ جل جلالہ مجھے مال ودولت سے نوازے اور میں اس کا شکر ادا نہ کروں؟

بقیہ (ص 54): چھوٹا منہ بڑی بات سمجھیں تو عرض کروں

جب یہ دونوں چیزیں نہ رہیں تو اکثر وہ آپ سے منہ موڑ لیتا ہے اور آپ ان کا منہ دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ وہ آپ کے منہ پر آپ کی برائی کرنے سے بھی نہیں چوکتے۔ آپ ہماری اس بات کو چھوٹا منہ اور بڑی بات نہ سمجھیں تو عرض کروں کہ ہمارے سیاست دان بھی انتخابات میں کامیابی کے بعد آپ سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ وہ کسی کو پہچانتے بھی نہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ انہیں پہچاننے کی منہ مانگی قیمت چکانا پڑتی ہے۔ سیانوں کا قول ہے کہ تعریف وہ ہوتی ہے جو دوسرا کرے۔ اس میں حقیقت بھی ہے کہ کوئی اچھے اوصاف کا مالک ہو تو لوگ اس کی دل کھول کر اور منہ کھول کر تعریف کرتے ہیں مگر دیکھنے میں آتا ہے کہ کچھ لوگوں کو اپنے منہ میاں مٹھو بننے کا شوق ہوتا ہے۔ وہ ہر بات میں اپنی تعریف بیان کرنے سے نہیں چوکتے۔ انہیں شہد کی دلدل میں رہنا اچھا لگتا ہے۔

کہتے ہیں کہ ایک چپ سو کو ہرائے مگر جو اس مقولے پر اعتبار نہیں کرتے، وہ محفل میں منہ پھلائے بیٹھے رہتے ہیں اور ایسے میں کوئی ان سے یہ کہہ بیٹھے کہ آپ بھی تو کچھ بولیں تو وہ اپنے منہ پھٹ ہونے کا پورا ثبوت دیتے ہوئے ایسے پھٹ پڑتے ہیں کہ پھر انہیں چپ کرانا مشکل ہو جاتا ہے۔ ہمیں یاد ہے کہ ہمارے والد بزرگوار مرحوم ہمیشہ لوگوں سے محبت سے بات کیا کرتے تھے۔ ہم نے کبھی ان کے منہ سے کسی کی برائی نہیں سنی۔ چغلی اور غیبت سے انہیں سخت نفرت تھی۔ وہ کہا کرتے تھے کسی کی پیٹھ پیچھے برائی کرنے سے بہتر ہے کہ متعلقہ شخص سے منہ در منہ بات کر لی جائے۔ یہ کم ترین برائی ہے۔

ان دنوں لوگ اشیاء کی قیمتوں میں اضافے سے سخت پریشان ہیں۔ ایسے میں حکومت مخالف سیاسی جماعتوں کو یہ کہنے کا موقع مل گیا ہے کہ حکومت نے غریبوں کے منہ سے نوالہ بھی چھین لیا ہے۔ بات تو ایسی غلط بھی نہیں مگر منہ زور کارپردازوں کا کہنا ہے کہ ایسا کچھ بھی نہیں کیونکہ پاکستان میں مہنگائی دوسرے ملکوں سے اب بھی کم ہے۔ ہم جب یہ سنتے ہیں تو اپنا سا منہ لے کر رہ جاتے ہیں۔ معلوم نہیں آج کی ہماری تحریر پڑھنے والوں کو پسند آئی یا نہیں۔ اچھی لگی تو کہہ دیجئے کہ اچھی لگی ہے۔ ہم بھی اپنی تعریف سن کر یہ ضرور کہہ اٹھیں گے کہ آپ کے منہ میں گھی شکر

روحانی دکان کے تیار علاج

ہر طرح کے امراض کا علاج

طب میں جتنے بھی طریقہ علاج ہیں، ان سب میں مختلف امراض اور علامات کے الگ الگ علاج کیے جاتے ہیں۔ کچھ ایسی ادویات ہوتی ہیں جو ایک سے زائد امراض اور علامات کے لیے مفید ہوتی ہیں مگر کوئی ایسی دوائی نہیں جو ہر مرض کے علاج کے لیے ہو۔ اب ہر طرح کے امراض کا روحانی علاج منگوا کر بیماریوں سے شفا پائیں۔ ہدیہ 2100 روپے

ہر قسم کے کینسر کا علاج

کینسر ایک موذی اور مہلک مرض ہے اور آج کل تیزی سے عام ہو رہا ہے۔ کینسر کئی طرح کا ہوتا ہے۔ چالیس یوم پر مشتمل یہ روحانی علاج کینسر کی تمام علامات اور ہر طرح کے کینسر کے لیے مفید ہے۔ ہدیہ 4100 روپے

ہائی بلڈ پریشر کا علاج

ہائی بلڈ پریشر آج کے دور میں کثرت سے ہونے والا مہلک مرض ہے۔ یہ ایک خطرناک مرض ہے جو دل کی دھڑکنوں کو بند کرنے کا سبب بھی بن سکتا ہے، انسانی گردوں کے لئے بھی بے حد نقصان دہ ثابت ہوتا ہے، ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے کامیاب روحانی علاج اب مناسب ہدیے میں۔ ہدیہ 2300 روپے

دل کے امراض کا علاج

آج کے دور میں دل کے امراض میں مبتلا مریضوں میں بہت تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کی اصل وجہ تو ہماری غذا اور موجودہ رہن سہن کا انداز ہے جس میں جسمانی مشقت کم سے کم ہوتی جا رہی ہے۔ دل کے امراض کا روحانی علاج مریضوں کیلئے نوید شفا ہے۔ ہدیہ 3100 روپے

ہر قسم بد اثرات سے نجات

عموماً نظر بد، جادو، آسیب، جنات و شیاطین کے اثرات کو ہی بد اثرات کہا جاتا ہے۔ ان اثرات کا دخل جب بھی کسی کی زندگی میں آتا ہے، اس کی زندگی میں پریشانیاں آجاتی ہیں۔ صحت کے مسائل، تعلقات میں خرابی، معاشی مسائل کا روز بروز بڑھنا، روحانی مسائل کا پیدا ہو جانا، عاملین کے عمل چلنا بند ہو جانا یا پھر ان کے پاس مریضوں کا نہ آنا وغیرہ۔ تمام قسم کے بداثرات کے خاتمہ کا مجرب علاج۔ ہدیہ 4100 روپے

ہر قسم بخار کا علاج

بخار کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ روحانی علاج ہر قسم کے بخار کے لیے مفید ہے۔ پرانا بخار جو ہڈیوں کے اندر رس گیا ہو، جگر میں بخار، معدہ میں بخار، وہ بخار جو کئی سال پرانا ہو، موتی بخار، تپ محرقہ، تپ دق، نمونیہ وغیرہ...... ان سب بخاروں کے لیے مجرب روحانی علاج ہے۔ اس روحانی علاج سے ڈاکٹر اور حکیم پریشان ہو جاتے ہیں کہ اتنا پرانا بخار ایک ہفتے سے تین ہفتے میں کیسے ختم ہو گیا؟ ہدیہ 2100 روپے

ہر قسم کے امراض گردہ کا علاج

گردوں کے امراض خواہ وہ عام مرض ہو یا خاص..... دونوں ہی بہت تکلیف دہ ہیں۔ گردوں کے ہر قسم کے امراض کیلئے یہ روحانی علاج بہت مفید ہے۔ چند امراض یہ ہیں: ٭گردوں میں سوزش ٭گردوں کا سکڑ جانا ٭گردوں میں درد ٭گردوں میں خون کا جم جانا ٭گردوں میں پتھری ٭گردوں کا بڑھ جانا ٭گردوں میں سختی آجانا ٭گردوں میں تپ دق کے دانے نکل آنا ٭گردوں کا کینسر ٭گردے کا زخمی ہونا وغیرہ۔ ہدیہ 3100 روپے

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے مفت میں عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جا سکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جا سکے۔ بغیر کسی فیس کے درج ذیل اعمال کے آپ عامل بن سکتے ہیں۔

سورج گرہن آغاز 4 دسمبر صبح 10:29 تا اختتام 4 دسمبر دوپہر 02:37۔

عوام کے لیے اعمال

آیت الکرسی (بنیادی): جادو، جنات، شیاطین و ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور تمام قسم بد اثرات ذہنی بیماریوں کا علاج۔

بنیادی حصار: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

معوذتین (بنیادی): ہر قسم بد اثرات و مختلف بیماریوں کا علاج و حفاظت۔

نظر بد ختم کرنے کا عمل (بنیادی): انسانی نظر بد کو ختم کرنے کا مجرب ترین عمل۔ ہر گھر کی ضرورت۔ خصوصاً خواتین کے لیے انتہائی مفید۔

سورۃ فاتحہ (بنیادی): ہر قسم کی بیماری کا علاج اور حاجت کے لیے۔

عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ": جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔ خصوصاً خواتین کے لیے تا کہ وہ خاص ایام میں بھی پڑھ سکیں۔

درود ابراھیمی: حصول برکت اور حاجات کے پورا ہونے میں مفید۔

درود تنجینا: مشکلات و پریشانیوں سے نجات میں مجرب۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: ہر جائز مقصد کے حصول میں مفید۔

سلٰم قولا من رب رحیم: حب و تسخیر اور ہر جائز مقصد کے لیے۔

لا علاج امراض سے شفا کا خاص قرآنی عمل: لا علاج اور مہلک امراض کے علاج کا خاص اور مجرب قرآنی عمل۔

خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے اعمال

آیات شفا: ہر قسم کی چھوٹی اور بڑی بیماری کا علاج۔

حصار کا خاص عمل: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

حزب البحر: ہر جائز مقصد کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

حزب النصر: دشمنوں کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

لا حول ولا قوۃ الا باللہ: ہر جائز مقصد اور شیاطین سے حفاظت کا خاص عمل۔

آیت کریمہ: سخت سے سخت مشکل کے حل اور حصول حاجات کے لیے مجرب۔

علمائے کرام کے لیے اعمال

عمل تہدید نامہ مبارک: جنات کے علاج کا مجرب ترین عمل۔

جادو اور جنات کے علاج اور حفاظت کا خاص عمل: ہر قسم کے جنات، جادو کو ختم کرنے اور حفاظت کے لیے مجرب عمل۔

خواتین کے لیے اعمال

زبان بندی کا عمل: خلاف بولنے والے کی زبان بندی۔ خاص کر سسرال میں ساس، نند، جٹھانی، دیورانی یا شوہر کی زبان بندی کے لیے۔

محبت کا عمل: شوہر، سسرالی رشتہ، اولاد کی محبت کے لیے۔

روحانی درسگاہ کے شاگردوں کے لیے اعمال

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا خاص عمل: ہر قسم کی بندش، چاہے وہ جادو، جنات یا نظر بد کی وجہ سے ہو، کا مجرب ترین توڑ۔

دشمن کے لئے عظیم دعا کا عمل: دشمن سے نجات اور اس کو سبق سکھانے کا مجرب عمل۔

سورۃ مزمل کا خاص عمل: ہر جائز مقصد، تسخیر، سحر و آسیب کا علاج۔

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے اعمال ہیں جو گرہن کے اوقات میں بغیر کسی فیس کے کروائے جاتے ہیں۔ اعمال منگوانے کے لئے روحانی درسگاہ میں کم از کم ایک ہفتہ پہلے اطلاع کرنا ضروری ہے۔ ان کی تفصیلات کے لیے ویب سائٹ وزٹ کریں:
http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/suraj_girhan.htm
http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/chand_girhan.htm

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 · 0309-7772775 · 042-35410586
ruhanidarsgah · ruhanidarsgah97

تصنیف و تالیف

اعمالِ حُب و تسخیر

حضرت خواجہ علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ: حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادریؒ)

ہدیہ 10,000 روپے

کتاب کے عنوانات کی فہرست مندرجہ ذیل ہے:

حاضری مطلوب کے اعمال مطلوب کو فوری حاضر کرنے لیے۔ حاضری مطلوب کا لاجواب، بے مثل اور لاثانی اعمال۔ مطلوب وقت مسافت کے مطابق حاضر ہو۔ محبوب کو حاضر کرنے کا چراغ۔ مطلوب کو واپس بلانا۔ محبت اور حاضری مطلوب کے لیے۔ مطلوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہو۔ جلب مطلوب کے لیے۔ ابوریاح کے ذریعے حاضری مطلوب۔ حاضری مطلوب بذریعہ شیشہ مریہ بنت شمر دل السفلی۔ زبون کے ذریعے مطلوب کو حاضر کرنا۔ محبوب کو حاضر کرنا۔ حاضری مطلوب بذریعہ ابلیس۔ تین روز میں مطلوب حاضر ہو۔ مرۃ بن ابلیس کے ذریعے مطلوب کو حاضر کرنا۔ محبت اور حاضری مطلوب کا طلسم۔ محبت اور حاضری معشوق۔ مطلوب کو اپنی محبت میں دیوانہ کر کے حاضر کرنا۔ محبت اور فوری حاضری کے لیے۔ جلب اور حاضری مطلوب۔ محبوب کو محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنا۔ مطلوب کو حاضر کرنے کا طلسم۔ غائب کو حاضر کرنا۔ عورت کو حاضر کرنے کے لیے۔ مرد اور عورت میں سے جس کو چاہو حاضر کرو۔ جلب صحیح مجرب۔ جلب کے لیے میمون کا عمل۔ جلب و تہیج کے لیے۔ سورہ اخلاص کا عمل جلب کے لیے عظیم ترین۔ باب جلب سریع (حرف جیم اور سورہ اخلاص کے ساتھ)۔ مطلوب کو حواس باختہ حالت میں حاضر کرنے کا اسراری عمل۔ محبت و جلب بسورہ الجن۔ عمل جلب و محبت اور مخمس خالی البطن سے کام لینے کا نایاب اور عظیم عمل جو اپنے اثرات میں قوی الاثر ہے۔ عمل احضار مطلوب۔ حاضری مطلوب کا عمل کہ مطلوب قلب موم کی طرح پگھلنا شروع ہو جائے۔ دائرہ کریمہ حاضری مطلوب۔ دائرہ حاضری محبوب۔ ایک ہی رات کے عمل سے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو۔ مطلوب عاجز اور فرمانبردار ہو کر حاضر ہو۔ اگر سخت دِل محبوب کو حاضر کرنا ہو۔ مطلوب حاضر ہو جائے اور ایسی محبت کرے گا جو ہمیشہ قائم رہے گی۔ عمل حاضری مطلوب سات روزہ۔ سخت دِل مطلوب کو مسخر کرنے کے لیے۔ محبوب کو محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنا۔ میمون کو محبت کے لیے بھیجنا تاکہ مطلوب حاضر ہو۔

محبت کے اعمال محبت اور اپنی طرف مائل کرنے کے لیے۔ محبت اور کشش کے لیے۔ محبت کے لیے پلانے والا عمل۔ مطلوب کے دل میں محبت پیدا کرنے کا عمل۔ مطلوب کو بے قرار کرنا۔ محبت کے لیے طلسم۔ محبت کے لیے میمون کی خدمت حاصل کرنا۔ محبت کے لیے پاس رکھنے والا عمل۔ دعوت مرۃ ابن ابلیس برائے حب عظیم۔ محبت کے لیے ایک تنتر۔ محبت کے لیے منکا چلانا۔ محبت کے لیے سفید ریت۔ مطلوب کا دِل طالب کی محبت میں جلے۔ محبت کے لیے دُور گئے مطلوب کو پاس بلانا۔ محبت کا عمل مرچ سیاہ والا۔ محبت میں مطلوب کی نیند باندھنا۔ زبردست محبت کے لیے۔ محبت کے لیے ہوا میں لٹکانے والا عمل۔ محبت کے لیے طلسم۔ لوہے کی کیل والا عمل حب۔ مطلوب کو اپنی طرف کشش کرنے کے لیے۔ محبت اور قبولیت کے لیے۔ مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو۔ خاوند کو مطیع اور فرمانبردار کرنے کا عجیب عمل۔ اگر کوئی عورت چاہے کہ اس کا خاوند دوسری شادی نہ کرے۔ نیند اور محبت کو باندھنا۔ سورہ فاتحہ کے ذریعے محبت پیدا کرنا اور دل نرم کرنا۔ مزوجات "بدوح" کے فوائد محبت کے لیے۔ میاں بیوی میں محبت بڑھانے کے لیے۔ سات یوم کے اندر محبوب کے دِل میں محبت پیدا ہو۔ محبت کے لیے زیتونہ کا اسراری عمل۔ محبت میں سلب عقل کے لیے عظیم اور آسان ترین عمل۔ عورت کے دِل میں محبت اور آتش پیدا کرانے کے لیے۔ مطلوب کے دِل میں محبت پیدا کرنے کا طلسم۔ محبت کا طلسماتی عمل۔ زوجین کی محبت کا عظیم ترین عمل۔ اگر کسی کی بیوی نافرمان ہو۔ سورہ فیل کا عمل حب بے مثال۔ تسخیر محبوب کا نایاب عمل۔

متفرق اعمال کسی غائب کے بارے میں معلوم کرنا کہ وہ کس حال میں ہے۔ کسی دُور گئے ہوئے کے بارے میں معلوم کرنا کہ وہ کس حالت میں ہے۔ غائب کو واپس بلانے کے لیے۔ کشف کے لیے۔ ساحر کی قوت اور عمل سلب کرنے کے لیے مجرب عمل۔ اوقات سے کام لینے کا آسان اور سریع التاثیر طریقہ جو کبھی خطا نہیں کرتا۔

آگاہی ہماری یہ کتاب "اعمال حب و تسخیر" ایک غیر مطبوعہ کتاب ہے۔ اور یہ کتاب عوام الناس کے لیے نہیں ہے۔ ہمارے خاص شاگردوں کے لیے ہی تاحال مخصوص ہے۔ اور ہم اپنے خاص شاگردوں کو ہی یہ کتاب خصوصی اجازت کے ساتھ دیتے ہیں۔ اور صرف انہی خاص شاگردوں کو ہی اس کتاب کے اعمال و نقوش کی اجازت ہے۔ اور یہ کسی دوسرے فرد کو اجازت دینے کے مجاز نہیں ہیں۔ اور نہ ہی اس کتاب کے اعمال و نقوش کو عام کر سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ مخصوص اور خاص اعمال ہیں۔ عوام الناس اچھے برے کی تمیز کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ عوام الناس میں ایسی چیزیں پہنچنے سے معاشرہ میں خرابی کا خدشہ لاحق ہو سکتا ہے۔ اسی وجہ سے یہ پابندی لگائی گئی ہے۔

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب 0300-4967412 , 0333-6974734

فتح نامہ مدور کا پیڈ

بحمداللہ تعالیٰ یہ "فتح نامہ" ایک آل نبی اولاد علی سے حاصل ہوا ہے، فتح نامہ دیکھنے میں بہت سادہ لیکن تاثیر میں بے مثل ہے۔۔۔۔۔۔

فتح نامہ کے طریق استعمال

اس کے 50 سے زائد فوائد ہیں، یہ ایک خوشبو ہے ایک نور ہے جس کی مہک اور روشنی کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔

فوائد 1 جس کے پاس یہ فتح نامہ ہوگا وہ کبھی تنگ دست نہ ہوگا۔ 2 اس پر جادو کا اثر نہیں ہوگا۔ 3 جنات حملہ نہیں کر سکیں گے۔ 4 حادثات سے حفاظت ہوگی۔ 5 ہر دل عزیز ہوگا۔ 6 دشمن زیر ہوں گے۔ 7 لوگوں کے دھوکے اور مکروفریب سے حفاظت ہوگی۔ 8 مرادیں پوری ہوں گی 9 زندگی سے رکاوٹیں ختم ہوں گی۔ 10 دشمنوں کی نظر و حسد سے حفاظت ہوگی۔ 11 بدخواہوں کی زبان مخالفت سے بند ہوگی۔ 12 بے اولادوں کو اولاد نصیب ہوگی 13 مصیبتوں کا توڑ ہے۔

خاص لنگر برائے تکمیل حاجات

(ہر اسلامی ماہ کی پہلی (نوچندی) اتوار کو کیا جاتا ہے)

● ہر قسم کی دینی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی دنیاوی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشرتی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی کاروباری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی روزگاری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی مایوس کن حاجات کی تکمیل کیلئے ● گھریلو امور سے متعلقہ ہر قسم کی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی نوکری، ملازمت و حصول ویزہ، حصول رشتہ وغیرہ کی تکمیل کیلئے

بفضل ربی جس نے بھی جس حاجت کیلئے حصہ ملایا، دعاؤں کا کہا، اس کی تمام مرادیں، تمام حاجات اللہ پاک نے پوری فرمادیں۔

مکمل دیگ: 5000

مکمل حصہ: 1000 روپے نصف حصہ: 500 روپے

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

دسمبر 2021ء تاریخ ____

نام ____ والد ____

والدہ ____ مکمل پتہ ____

____

موبائل نمبر ____

Email (اگر ہو) ____

مطلوبہ اعمال ____

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

دسمبر 2021ء تاریخ ____

نام ____ والد ____

والدہ ____ مکمل پتہ ____

____

موبائل نمبر ____

Email (اگر ہو) ____

مطلوبہ علاج ____

نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 | 0342-7772772 | 042-35410586

روحانی بخورات برائے دفع جنات جادو و ہر قسم بداثرات حصول برکت

دفع نحوست، واپسی سحر اور نظر و حسد



Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288



ماہر علوم روحانیات فیصل حمید کی قرآنی نوری نقشبندی و سفلی اعمال پر بیش قیمت کتب









3 کتب خریدنے پر 20% رعایت

5 کتب خریدنے پر 25% رعایت